(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

سلسلۂ اشاعت نایاب بکڈپو

[illegible]

جس میں

پانچ سو سے زائد نہایت مستند و مجرب اعمال و وظائف محبت و عداوت، ترقی عزوجاہ و کشائش رزق و دولت، فتحیابی مقدمات و رفع حاجات و مشکلات وغیرہ وغیرہ بالتفصیل درج ہیں

جس کو

کارپردازان نایاب بکڈپو نے

نایاب بکڈپو کشمیری دروازہ دہلی سے

شائع کیا

(مطبوعہ مجتبائی جدید دہلی)

باراول

قیمت فی جلد عہ/

ایرانی کوک شاستر

باتصویرات رنگین

یہ کتاب اُن بیاضوں کا انتخاب ہے جو شاہانِ قاچار کے اطبا نے تجربوں سے جمع کی تھیں اور عیش و عشرت کی فراوانی کیلئے ایران جو شہرت عامہ رکھتا ہے وہ خود اس کی دلیل ہے کہ وہاں کا لٹریچر بہترین لٹریچر ہوگا۔ ملک میں اگرچہ اس موضوع پر متعدد کتابیں مختلف ناموں سے شائع ہوئیں اور کھرے کھوٹے کی طرف توجہ کرنیوالوں کی کمی دیکھکر بیدلی سی پیدا ہوئی لیکن پھر اس خیال سے کہ اگر جوہریوں کی کمی ہے تو بھی قدردانوں کا کال نہیں، اچھی بُری چیز کو اہل نظر دیکھ لینگے۔ کوئی وجہ نہیں کہ حقیقت مصنوعات میں روشن و ممتاز نہ دکھائی دے۔ ایرانی کوک شاستر کے ابواب عنوانات کی مختصر فہرست ملاحظہ ہو اسمیں ہر ملک و قوم کی عورتوں کے دلکش فوٹو بہ کثرت ہیں۔

اُنکے عادات۔ اطوار۔ اُنکی خوبیاں اور خرابیاں واضح کی ہیں۔ مختصر فہرست عنوانات ذیل میں ملاحظہ ہو۔

صنف نازک کی اقسام مردوں کی قسمیں مرد و عورت کا توازن قانون قدرت شورش نفس مواصلت کا فطری اصول جرعہ عشق میں بہترین تدبیریں تاجدارِ حسن کا میلان جذبہ فطری کی ترغیب وغیرہ وغیرہ۔ بہترین مجرب نسخہ جات۔ قیمت صرف عہ، علاوہ محصولڈاک

قانون مواصلت

(باتصویر)

یہ کتاب عربی زبان کی ایک مستند کتاب کا ترجمہ ہے جس میں زمانہ قدیم کی تحقیقات کے ساتھ زمانہ حال کے جدید انکشافات بھی درج کئے گئے ہیں جن سے واقف ہو کر انسان کی دنیوی مسرتوں میں غیر معمولی ترقی ہو سکتی ہے مترجم صاحب نے ترجمہ میں کچھ ایسی دلچسپی پیدا کی ہے کہ ایک ایک لفظ سبق آموز ہو کر دل میں گھر کر لیتا ہے۔ متعدد فوٹو بیحد نظر فریب لگا کر کتاب میں چار چاند لگا دئے ہیں مخصوص اعضاء کی تصاویر مع تشریحات معلومات میں انتہائی اضافہ کر دیتی ہیں۔ کتاب کی دلچسپی اور پُر از معلومات ہونے کا اندازہ صحیح کتاب کی مختصر فہرست عنوانات حسب ذیل کر ہو سکتا ہے۔ قیمت صرف عہ

شادی کی ضرورت اور اہمیت شادی سے پہلے۔ شادی کس عمر میں ہونی چاہیئے کمسنی کی شادی بعد از وقت نکاح ناموزوں نکاح قانون نکاح اختلاف طبائع کا اثر اولاد پر موروثی امراض کے اثرات شادی نہ کرنے پر شادی کا اثر مجرد اشخاص زندگی پر تجرد و تاہل کا اثر میاں بیوی کے محبت آمیز تعلقات ناعاقبت اندیشی کے نتائج حفظان صحت میاں بیوی کی رہائش گاہ زوجین کا لباس ورزش جسمانی اور آرام خوراک اور اسکے متعلق ضروری ہدایات سونے کا مناسب وقت مقدار خوراک دماغی صحت زن و مرد کے اعضائے تناسل وغیرہ وغیرہ

ملنے کا پتہ:- نایاب بکڈپو کشمیری دروازہ دہلی

بسلسلہ مطبوعات نایاب بکڈپو

۱۸۵۷۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[illegible]

پانچسو سے زیادہ

مستند و مجرب عملیات محبت و عداوت و تسخیر و کشائش رزق

و ترقی روزگار و کامیابی مقدمات وغیرہ وغیرہ بالتفصیل درج ہیں

جسکو

کارپردازان نایاب بکڈپو نے

نایاب بکڈپو کشمیری دروازہ دہلی

سے شائع کیا

مطبع مجتبائی [illegible] چھپا

یا فتاح

ضروری ہدایات

(۱) بدن اور لباس اور مکانِ عمل کا پاکیزہ ہونا۔ باوضو ہونا۔ خوشبو لگانا اور مکان عمل میں خوشبو کرنا

(۲) اس بات کا دل سے یقین کرنا کہ خدا اجابت دعا پر قادر ہے۔ اور یہ سوال رکھتے ہوئے دل سے متوجہ ہو کر پڑھنا۔

(۳) کسی حرام کام کے لئے یا قطع رحم کے لئے یا کسی ایسے کام کے لئے کہ جو بے حیائی اور بدکاری میں داخل ہو کسی عمل کو نہ پڑھنا چاہئے۔ ورنہ فائدے کی جگہ نقصان ہوگا۔

(۴) عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ پابند صوم وصلوٰۃ ہو اور طہارت۔ اکل حلال۔ صدق مقال وغیرہ کا پورے طور سے خیال رکھتا ہو۔

(۵) عملیات میں جو سورتیں یا آیتیں لکھی ہیں ان کو کلام مجید میں دیکھ کر یا کسی حافظ قرآن کو سنا کر زیر زبر کی پوری صحت کے ساتھ یاد کیا جائے۔

(۶) وقت عمل کا لحاظ کرنا ضروری ہے۔ مبارک دن اور مبارک وقت میں شروع کرنا چاہئے۔ مثلاً پنجشنبہ وجمعہ عام مرادوں کے لئے۔ دوشنبہ۔ سہ شنبہ۔ چہار شنبہ تفریق ظالم کے لئے۔

وقت:۔ قبل نماز صبح یا عشاء کے وقت کہ تاریکی شب میں حضور قلب اور خلوص زیادہ ہوتا ہے اور شب کے آخری حصے میں عمل پڑھنا چاہئے۔

(۷) بعض نقوش میں فلاں بن فلاں یا فلاں بن فلانہ لکھا جاتا ہے یا بعض اعمال میں فلاں بن فلاں یا فلاں بن فلانہ پڑھا جاتا ہے۔ ان کا یہ مطلب نہیں کہ انہی الفاظ کو پڑھا یا لکھا جائے۔ بلکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ فلاں کی جگہ شخص مطلوب کا نام اور دوسرے فلاں یا فلانہ کی جگہ اس کے باپ یا ماں کا نام لکھنا یا پڑھنا چاہئے۔

(۸) ہر عمل میں خوش اعتقادی اور تصور سے پوری طرح کام لینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً

باب اوّل

ابتدائی معلومات

حروف تہجی اور اُن کے اعداد

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص		
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰		
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

حروف تہجّی کی اقسام

نورانی حروف حروف آتشی کو کہتے ہیں۔ اور حروف ظلماتی حروف خاکی کو کہتے ہیں۔ جن حرفوں میں نقطہ نہیں ہوتا ان کو صوامت کہتے ہیں۔ جن حروف پر نقطہ ہو اُن کو فوقی کہتے ہیں۔ اور جن کے نیچے نقطہ ہو ان کو تحتی کہتے ہیں۔

آتشی	خاکی	بادی	آبی
ا	ب	ج	د
ہ	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ

جو حرف کہ سطر اوّل میں ہوائے بقاعدہ ابجد علوی کہتے ہیں۔ اور جو نیچے کی سطر میں ہوائے سفلی کہتے ہیں۔ جو حروف کواکب جباری کی طرف منسوب ہوں اُن کو ثقیل اور باقی تمام حروف کو خفیف کہتے ہیں۔ جو حروف عناصر میں متفق ہیں وہ تسادی ہیں باقی حروف غیر تسادی۔

۱

بروج آسمانوں پر سات ستارے اور بارہ برج ہیں چنانچہ ناظرین کی آسانی کے لئے بروج کا نقشہ درج ہے

۱ حمل میگھ	۲ ثور برکھ	۳ جوزا متھن	۴ سرطان کرک
۵ اسد سنگھ	۶ سنبلہ کنیان	۷ میزان تلا	۸ عقرب برچھیک
۹ قوس دھن	۱۰ جدی مکر	۱۱ دلو کنبھ	۱۲ حوت مین

ستارے ستاروں کو وسیع سیارہ کہتے ہیں۔ دو ستارے خواص میں زحل و مریخ کے مطیع ہیں اور اُن کو راس و ذنب کہتے ہیں۔ ستاروں کا مقام حسب ذیل ہے

ستاروں کے مقامات۔ زحل ساتویں آسمان پر۔ مشتری چھٹے آسمان پر۔ مریخ۔ پانچویں آسمان شمس۔ چوتھے آسمان پر۔ زہرہ۔ تیسرے آسمان پر عطارد۔ دوسرے آسمان پر۔ قمر۔ فلک اوّل آسمان دنیا پر ہے۔ شمس چوتھے آسمان کا مالک۔ ستاروں کا بادشاہ۔ اوّل سیارہ۔ پس پانچواں۔ چھٹا۔ ساتواں آسمان چوتھے آسمان سے اوپر ہے اور ان آسمانوں کے مالک مریخ۔ مشتری۔ زحل فوقی سیارے ہیں۔ تیسرا۔ دوسرا۔ پہلا آسمان چوتھے آسمان کے نیچے ہے اور اِن کے مالک زہرہ عطارد و قمر تحتی سیارے ہیں۔

دنیا کے تمام امور ان سیاروں کی گردش پر موقوف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام مبارک

میں ان بروج آسمانی کو کواکب کے نام سے یاد فرمایا ہے۔

ستاروں کے ماتحت ایام

پس معلوم ہوا کہ آسمان میں بروج و کواکب ہیں لہذا عامل کو چاہیے کہ ستاروں کے بروج میں رہنے کی ساعتیں دریافت کرے جس امر کو شروع کرے اس ساعت میں کرے تاکہ راست آئے۔ دو ستارے پہلا شمس دوسرا قمر سب ستاروں سے زیادہ سریع التاثیر ہیں اور تمام دن ان کے تابع ہیں۔ دونوں کی تفصیل یہ ہے۔

روز قمر			روز آفتاب			
شنبہ۔	یکشنبہ۔	سہ شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ

بعض لوگوں نے یہ تفصیل بھی مقرر کی ہے۔

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شنبہ	پنجشنبہ	سہ شنبہ	یکشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	دوشنبہ

باب دوم

وسعت رزق

(۱) جو شخص فقیر و محتاج عیالدار ہو اسکو چاہیئے کہ ایک گوسفند کے دل پر سات مرتبہ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْئٍ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ نُوْرُہٗ پڑھے پھر اس اسم کو ایک کاغذ پر لکھ کر اس کاغذ کو دل کے اندر رکھ کر مسجد کے دروازے کی دہلیز کے نیچے دفن کردے ضرور روزی میں اس کی وسعت ہوگی۔ اور اگر کسی لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو اُس کے لئے لکھے تو شنگنی ہو جائے۔ نجاست کی حالت میں اپنے جسم سے جدا کر دے۔ اگر سیب پر لکھ کر کسی مریض کو کھلا دیں تو شفا حاصل ہو اگر تین سو مرتبہ پڑھ کر کسی کام کو جائے تو وہ مطلب پورا ہو۔

(۲) فراخیٔ روزی اور استجابت دعا اور برآنے مطالب کے لئے وضو کرکے نماز سے پہلے سات سو مرتبہ یا ستر مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے۔ وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ۔ اگر دشوار ہو تو نماز کے بعد بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

(۳) یَا بَاسِطُ جو شخص اس اسم شریف کو سحر کے وقت صبح سے پہلے دست بدعا ہو کر دس مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد اپنے ہاتھوں پر مل لے۔ کبھی کسی سے سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی اور اگر رفع احتیاج اور پریشانی اور حصولِ دولت اور وسعتِ رزق اور رفع تنگی کے لئے باوضو خلوت میں بیٹھ کر ہر تیسری شب یعنی ایک شب درمیان میں چھوڑ کر تین شبوں میں چار ہزار چار سو چوبیس مرتبہ ہر شب میں پڑھے۔ پریشانی و فقر دفع ہو جائیگا۔

(۴) یَا اَیُّھَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ کو شیر کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

روزی میں وسعت ہوگی اور لین دین وغیرہ معاملات میں نفع کثیر حاصل ہوگا لیکن نماز کے وقت علیحدہ کر دینا چاہیئے۔

(۵) اَلْکَرِیْمُ الْوَھَّابُ ذُوالطَّوْلِ کی جو شخص زیادتی کے ساتھ مداومت کرے تنگی رزق فراخی کے ساتھ مبدل ہووے اور غیب سے روزی رساں روزی پہنچائے۔ ہر روز پچاس مرتبہ سے زائد پڑھنا چاہیئے۔ اس اسم کے اعداد ایک ہزار ایک سو اٹھائیس ہیں۔ اگر اسقدر پڑھا کرے تو کامل ہو۔

(۶) جو شخص سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَا کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے جو حاجت اور مطلب خدا سے چاہیگا انشاء اللہ تعالیٰ بر آئیگا۔ اور ختم اس سورہ کا اس تعداد سے دفع فقر و فاقہ اور محتاجی اور وسعت رزق اور تونگری اور ادائے قرض کے لئے مجربات سے ہے۔

(۷) جو شخص سورہ اَلْھُمَزَۃِ کو رات دن پڑھے مال و دولت میں اس کے ترقی ہو۔

(۸) جو شخص سورہ قٓ کو روزانہ تلاوت کرے وہ ہمیشہ دولت اور سعادت اور عزت اور حرمت سے رہیگا اور نکبت و ذلت سے محفوظ ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۹) دولت اور وسعتِ رزق کے واسطے ہر روز اس آیت کو تین سو پچاس مرتبہ پڑھنا چاہیئے مجربات سے ہے۔ وہ آیت یہ ہے قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔

(۱۰) جو شخص اکتالیس مرتبہ یَا عَزِیْزُ کو پڑھے ہرگز محتاج نہ ہوگا۔

(۱۱) جو شخص یَا عَزِیْزُ کو روزانہ صبح کے وقت ننانوے مرتبہ پڑھے ضمائر اور اسرار کیمیا پر مطلع ہونے کے واسطے نافع ہے۔

(۱۲) جو شخص اَلْعَزِیْزُ کو چالیس مرتبہ روزانہ پڑھے محتاج نہ ہو۔

(۱۳) جو شخص روزانہ نماز صبح سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اَلرَّازِقُ کہے تو فقر و فاقہ اور بے سرو سامانی سے خلاصی پائیگا۔ داہنے ہاتھ سے

شروع کرے اور قبلہ کی طرف جائے۔

(۱۴) جو شخص دن کی پہلی ساعت میں اول وقت ہر روز تین سو آٹھ مرتبہ اَلرَّازِقُ کو الف لام کے ساتھ کہے یا حرف ندا کے ساتھ اسی قدر یَا رَزَّاقُ پڑھے روزی اس کی فراخ ہو اور بے گمان غیب سے رزق حاصل ہو۔

(۱۵) یَا وَاسِعُ کو وسعتِ رزق کے لئے مداومت کرے تو ہرگز محتاج نہ ہوگا مجرب ہے۔

(۱۶) نماز مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار ساٹھ مرتبہ یَا غَنِیُّ کو پڑھنا تونگری اور وسعتِ رزق کے لئے بہت نافع ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۷) جو شخص دس ہزار مرتبہ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَلِیُّ کو پڑھے خدا اسکو رزق وسیع پہنچائیگا۔ پڑھتے وقت بات نہ کرے۔

(۱۹) فراخی معاش اور وسعتِ رزق کے واسطے دو ہزار تین سو پچاس مرتبہ ان اسما کو پڑھے۔ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ۔

(۲۰) جو شخص زوال کے وقت دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں الحمد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اور اِنَّا فَتَحْنَا نَصْرًا عَزِيْزًا تک اور دوسری رکعت میں الحمد اور قل ہو اللہ کے بعد الم نشرح پڑھے اللہ چاہے تو رزق کے بہت سے دروازے کھل جائینگے۔

(۲۱) وسعتِ روزی اور کشائشِ کاروبار کے لئے نصف شب کو ہزار مرتبہ کہے سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔ انشاء اللہ اثر دکھائیگا۔

(۲۲) اگر کسی شخص کو رزق کی تنگی رہتی ہو تو اسکو چاہیے کہ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا کو روزانہ دس مرتبہ پڑھے۔ ایک مہینے کے اندر اندر وہ تنگی دور ہو جائے گی۔

(۲۳) اِنَّ لَدَيْنَا اَنْكَالًا وَّ جَحِيْمًا وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيْمًا جو شخص روزانہ اس آیت کو سو دفعہ پڑھے گا دنیا میں اس کا رزق فراخ ہو جائے گا اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہیگا۔

(۲۴) یٰسین لیٰسین بحق یاسین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحق یاسین اسطرح سے یٰسین شریف روزانہ تین دفعہ پڑھنا شروع کرے اور جب "مُبین" پر پہنچے تو سات دفعہ "اذا جاءُ" پڑھے جب تک رزق میں کامل فتوحات نہ ہو اِس عمل کو برابر جاری رکھے انشاءاللہ امید سے زیادہ فتوحات حاصل ہوگی۔

(۲۵) بعد نماز جمعہ آیت الکرسی تین بار۔ الحمد شریف سات بار معوذتین سات بار پڑھے اور پھر اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا سَیِّدِیْ یَا سَعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَنْ سِوَاکَ تین بار پڑھے۔ جو اِس وظیفہ کو معمول کے طور پر روزانہ پڑھیگا غیب سے اُس کی روزی کا سامان ہوجائے گا۔

(۲۶) یَا وَھَّابُ گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں کشائش ہوتی ہے۔

(۲۷) سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف ستر مرتبہ۔ اتوار کے دن ساٹھ مرتبہ۔ پیر کے دن پچاس مرتبہ منگل کے دن چالیس مرتبہ۔ بدھ کے دن تیس مرتبہ جمعرات کے دن بیس مرتبہ جمعہ کے دن دس مرتبہ۔ ہفتہ کے دن پڑھنا چاہیئے۔ یہ عمل مہینے کے پہلے اتوار سے شروع کرے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔ رزق کی تنگی میں اِس وظیفہ کو پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۲۸) یَا رَزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ۔ وسعتِ رزق کے لئے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

(۲۹) اول درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ واقعہ تین مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنا کشائش رزق کے لئے بہت مفید ہے کم از کم تین یوم تک روزانہ پڑھنا چاہیئے۔

(۳۰) درود شریف تین مرتبہ۔ سورہ یاسین ایک مرتبہ۔ سورہ مزمل ایک مرتبہ سورہ حمد ایک مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح پڑھنا کشائشِ رزق کے لئے مفید ہے۔

٦٨	٦٣	٧٠
٦٩	٦٧	٦٥
٦٤		٦٦

(۳۱) اس نقش کو ایسی سکوری پر جسے پانی نہ لگا ہو لکھ کر آفتاب کے نیچے رکھدے انشاء اللہ غیب سے کھانا پہنچیگا۔

(۳۲) دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سورہ یٰسین اور تین دفعہ سورہ مزمل پڑھے پھر دربار ایزدی میں عاجزی کے ساتھ وسعتِ رزق کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

(۳۳) جو شخص سونے سے قبل تین مرتبہ روزانہ یاسین شریف پڑھ کر سویا کرے وہ انشاء اللہ کبھی مفلس نہ ہوگا۔

(۳۴) سورہ یٰسین اکتالیس بار اول و آخر درود شریف تین تین بار گیارہ دن تک پڑھنے سے رزق میں وسعت اور مال میں بے انتہا برکت حاصل ہوتی ہے۔

(۳۵) شبِ جمعہ میں چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور سو دفعہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ اور ایک دفعہ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گڑگڑا کے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں بہت وسعت ہوگی۔

(۳۶) مغرب کی نماز کے بعد چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ قل ہو اللہ پڑھے پھر وسعتِ رزق کے واسطے دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۳۷) دو رکعت نفل بعد نماز عشاء پڑھے ہر رکعت میں سات دفعہ سورہ کوثر سورہ الحمد کے بعد پڑھے پھر سلام کے بعد گیارہ مرتبہ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ پڑھے مفلسی دور ہو گی۔

(۳۸) صبح کی نماز کے بعد روزانہ یَا فَتَّاحُ ایک سو ایک دفعہ یَا رَزَّاقُ ایک سو ایک دفعہ یَا وَھَّابُ ایک سو ایک دفعہ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے وسعتِ رزق ہو گی۔

(۳۹) وسعتِ رزق کے واسطے چالیس یوم تک صبح کی نماز کے بعد اس آیتِ شریفہ کو ہر روز پچاس مرتبہ رو بقبلہ باوضو ہو کر پڑھے اور درمیان میں کسی سے بات نہ کرے پہلے دن دو رکعت نماز حاجت کی نیت سے ادا کرے اور سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر شروع کرے۔ باقی تاریخوں میں نماز کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ درود شریف دس دس مرتبہ ہر روز پڑھتا رہے اور اپنے مطلب کا قصد کرے۔ اگر عروجِ ماہ میں کہ قمر زاید النور ہو شروع کرے تو بہتر ہے۔ آیت یہ ہے:۔ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ

(۴۰) جو شخص سورۂ والذّاریات اور سورۂ طلاق اور سورۂ یاایہا المزمّل اور الم نشرح کو روزانہ پڑھے تو خیر و خوبی اور وسعت و فراخی میں اس کی عمر گذرے اور اسکے عیال کے رزق میں وسعت و فراغت ہو۔

باب سوم

حل مشکلات وحاجات

(۱) اگر کوئی شخص کچھ مراد ومطلب رکھتا ہو اور کسی طرح حاصل نہ ہوتی ہو اسکو چاہیے کہ جمعہ کے دن غسل جمعہ بجالائے اور غسل حاجت واسطے قبولیت دعا کے کرے اور جامع مسجد میں جائے اور پاکیزہ لباس سے دو رکعت نماز حاجت ادا کرے نماز کے بعد تیس مرتبہ یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ پڑھے البتہ مراد اس کی حاصل ہوگی اور نماز جمعہ کے بعد بھی اس اسم کو بیس مرتبہ پڑھے۔

(۲) جو شخص یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَفِیُّ کو روز شنبہ سے پڑھنا شروع کرے اور ہر روز ہزار مرتبہ تھوڑی کشمش یا منقے پر دس روز تک پڑھے اور ہر روز فوراً ختم کرتے ہی مویز کو تناول کرے پس روز پنجشنبہ کو کہ ختم عمل کا دن ہے چاہیے کہ نان وحلوہ گرماگرم کسی مستحق کو کھلا دے اور حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ پوری ہوگی۔

(۳) جو شخص سورۂ الحمد کو ستر مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ اور الم نشرح اناسی مرتبہ قل ہو اللہ ایکہزار ایک مرتبہ پھر سات مرتبہ سورۂ حمد اور سو مرتبہ درود پڑھے اس کے بعد خدا سے حاجت طلب کرے انشاء اللہ حاجت برآویگی اور خطا نہ ہوگی۔

(۴) جب کسی شخص کو کسی جگہ سے امید براری کی صورت نہ ہو تو چاہیے کہ آخر شب میں اگر جمعہ کی شب کا آخر ثلث ہو تو بہتر ہے اٹھ کر وضو کرے اور دو رکعت نماز حاجت بجالائے بعد نماز کے ستر مرتبہ اس دعا کو پڑھے البتہ خدا کے حکم سے مراد حاصل ہوگی۔ دعا یہ ہے:-

یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ یَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِیْنَ یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ

یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ وَیَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ۔ بعد فراغِ دعا ہاتھ اٹھاکر قاضی الحاجات سے مقصد کو طلب کرے اِنشاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگا۔

(۵) جو شخص سورۃ واللیل اور سورۃ والشمس کو سات سات مرتبہ پڑھ کر تیس ۳۰ مرتبہ کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اور تین رات تک متواتر یہی عمل کرے جو مراد رکھتا ہوگا حاصل ہوگی۔

(۶) جو شخص ظہر کے وقت غسل کر کے نماز ظہر بجالائے اور بعد نماز کے اس اسم کو پچاس مرتبہ پڑھے خداوند عالم اسکو ہر ایک خوفناک شے سے امین کریگا اور وسواس و خیالات فاسد سے عافیت عطا فرمائیگا۔

(۷) جو شخص سورۃ حشر کو روزانہ چالیس یوم تک ایک مرتبہ روزانہ پڑھیگا تو اس کی حاجت بر آئے گی اور مہم سر ہوجائے گی اور وہ کام انجام کو پہنچیگا۔

(۸) جو شخص والنازعات کو خوف کی جگہ پڑھے اس جگہ سے صحیح و سلامت نکل آئیگا۔

(۹) ہر ایک چھوٹی بڑی مراد حاصل ہونے کے لئے فتح و نصرت کے ان کلمات کو ۳۷ بار پڑھے وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا

(۱۰) رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ ۲۱۶۲ مرتبہ جس مطلب کے واسطے پڑھیگا انشاء اللہ بر آئے گا۔ خصوصاً ایسے مطلب کے واسطے جس میں دشمن سے خوف ہو۔

(۱۱) ہر مطلب کے لئے خصوصاً جہاں خندیدگی اور رسوائی کا ڈر ہو اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَہْزِءِیْنَ کو ہزار مرتبہ پڑھیں البتہ وہ مہم سر ہوگی۔ یہ آیت شرِ اشرار اور بلائی دشمن اور موذی جانوروں کے واسطے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

(۱۲) حصولِ حاجات کے واسطے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ کو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے۔

(۱۳) حصولِ حاجات و طلب جاہ و منصب کے لئے ۳۳۰ مرتبہ اِس اسم کو پڑھے

انشاءاللہ تعالیٰ مراد بر آئیگی فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْنَ۔

(۱۴) یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور عمدہ پاکیزہ لباس پہنے اور کسی جگہ مسجد جامع میں خلوت کے مقام پر بیٹھ کر بعد نماز جمعہ بصدق دل سورۂ اخلاص سو مرتبہ پڑھے حاجت بر آئے گی۔

۷۸۶

۴۰	۳۴	۴۲
۴۱	۳۹	۳۶
۳۵	۴۳	۳۷

(۱۵) اس تعویذ کو ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھ کر ٹوپی میں یا عمامہ میں رکھ لیا جائے۔ ہر حاجت کے لئے مفید ہے۔

۷۸۶

۲۰۴ الرحیم	۲۰۷ من رب	۲۱۰ قولا	۱۵۷ سلام
۲۰۹ سلام	۱۹۸ الرحیم	۲۰۳ من رب	۲۰۸ قولا
۲۹۹ قولا	۲۱۲ سلام	۲۰۵ الرحیم	۲۰۲ من رب
۲۰۶ من رب	۲۰۱ قولا	۲۰۰ سلام	۱۱۲ الرحیم

(۱۶) روزانہ چالیس مرتبہ بعد نماز صبح یہ نقش لکھ کر اور آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈالدے۔ چالیس یوم کے بعد یہ نقش جس کام کے لئے استعمال کیا جائے گا مفید ثابت ہوگا۔ ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھنا چاہئے۔

(۱۷) شروع چاند سے اس نقش کو اکیس مرتبہ روزانہ لکھ کر اکیس دن تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالدینا چاہئے اس کے بعد اس تعویذ کو جس کام کے واسطے استعمال کیا جائیگا پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

(۱۸) اس نقش کو لکھ کر خوشبو میں بسائے اور پھر ٹوپی میں سی لے انشاءاللہ ہر کام میں خداوند عالم نصرت و کامیابی مرحمت فرمائیگا مجرب ہے۔

بحق یا بدوح — ۷۸۶ — یا جبرئیل

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۱۹) ہر مقصد و حاجت کے لئے اَللّٰهُ صَمَدِیْ خُذْ بِیَدِیْ ایک ہزار ایک سو مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۲۰) تین جمعہ تک بعد نماز جمعہ سورۂ الم نشرح اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا ہر مقصد کے لئے بہت مفید ہے۔ نماز کے بعد فوراً ہی شروع کر دینا چاہئے

(۲۱) یَارَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ غِیَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ۔ ایکہزار مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ہر مقصد کے لئے مفید ہے۔ جب تک مطلب حاصل نہ ہو روزانہ پڑھنا چاہیئے۔

(۲۲) دوشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ کے دن نہا کر صبح کی نماز ادا کرے اور گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ گیارہ دن تک متواتر یہ عمل کرے اور روزانہ اپنے مطلب کے واسطے دعا مانگے۔ گیارہ دن پورے نہ ہونے پائینگے کہ اللہ تعالیٰ مقصد کو پورا کر دے گا۔ اگر درمیان میں مقصد پورا ہو جائے تو عمل کو ترک نہ کرے اور پورے گیارہ دن پڑھے۔

(۲۳) اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ۱۳ مرتبہ سورۂ مزمل اور ستّو دفعہ سورۂ یٰسین پڑھنے سے مشکل آسان ہو جائے گی اگر تنہا نہ پڑھ سکے تو چند آدمی مل کر ایک ہی جگہ پڑھیں۔ یا ایک ہی آدمی مقررہ تعداد میں روزانہ پڑھ لیا کرے۔ جب تک عمل ختم ہو روزانہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا چاہیئے۔

(۲۴) اوّل ۱۳ مرتبہ درود شریف پھر سو مرتبہ آیۃ الکرسی پھر ایک مرتبہ درود پڑھنے کے بعد جس کام کے لئے دعا مانگی جائے وہ کام رحمتِ ایزدی سے ہو جائیگا۔

(۲۵) ہر قسم کی مشکلیں آسان کرنے کے لئے بعد نماز ظہر ایک سو دفعہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھنا چاہیے۔ اگر اسکو پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو انشاءاللہ صحت حاصل ہو

(۲۶) ہر حاجت کے پورا ہونے کے واسطے گیارہ مرتبہ درود اور تین سو مرتبہ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پھر گیارہ مرتبہ درود اور اکتالیس مرتبہ سورۂ حمد پڑھنے سے

ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

(۲۷) اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود اور ۹۹ دفعہ وَلِلّٰہِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا۔ پڑھنے سے کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو غیبی امداد حاصل ہوتی ہے۔

(۲۸) بروز جمعہ بعد نماز عصر کے ایک جگہ تنہائی میں ستّر بار آیۃ الکرسی رجوع قطب سے پڑھے اس پر ایک خاص حالت طاری ہوگی اس میں جو دعا کریگا وہ اللہ تعالیٰ قبول کریگا

(۲۹) جب کسی شخص کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسین کو حفظ کرے اور اگر حفظ ہو تو دوبارہ بنظر احتیاط صحت کرے اور رات کو عشاء کے وقت غسل کر کے جانماز پر رو بقبلہ کھڑا ہو اور کلام اللہ سر پر رکھ کر سات بار سورۂ یٰسین پڑھے اور اپنی حاجت خداوند عالم سے طلب کرے حاجت انشاء اللہ سات یوم میں پوری ہوگی۔

(۳۰) اگر کسی شخص کو بڑی مشکل پیش آئے جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو تو آدھی رات کے وقت قبرستان میں جاکر اور ایک قبر پر بیٹھ کر چالیس مرتبہ سورۂ یٰسین کو بلند آواز اور قراءت کے ساتھ پڑھے اور اہل قبور کی روح کو ثواب پہنچائے اور اپنی حاجت کو خدا سے عرض کرے انشاء اللہ تین یوم میں مراد پوری ہوگی۔

(۳۱) اگر کوئی شخص سورۂ اخلاص کو اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور خداوند عالم سے اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ پوری ہوگی۔ تا حصول مطلب چند روز تک پڑھے درمیان میں ناغہ نہ کرے۔

(۳۲) ہر حاجت و مشکل کے لئے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایکہزار مرتبہ سورۂ اخلاص اسطرح سے "قل ہو اللہ احد یا جبرئیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد یا اسرافیل ولم یولد یا عزرائیل ولم یکن لہٗ کفواً احد۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔

(۳۳) اگر بعد نماز مغرب کسی سے کلام نہ کرے اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا صمد پڑھے تو علاوہ حاجت روائی کے فتوحات ہوتی رہینگی۔

اگر دوامی وظیفہ مقرر کرلے تو بہت اچھا ہے۔

(۳۴) بعد نماز صبح اور وقتِ خواب اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ایک ہزار بار اللہ الصمد پڑھ کر دعا کیا کرے۔

(۳۵) اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور پانچسو بار اللہ الصمدی. غذیی چالیس روز تک گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ حاجت روا ہوگی۔

(۳۶) جو شخص روزانہ سورۃ فاتحہ کو تین سو تیرہ مرتبہ بطور مداومت کے پڑھتا رہے اور بروقت کسی حاجت کے اپنی حاجت کا اپنے دل میں خیال باندھ کر سورۃ الحمد شریف کو اسقدر یعنی تین سو تیرہ بار پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت اُسی وقت یا جلد پوری ہوگی مجرب ہے۔

(۳۷) تین یوم تک ترک حیوانات جزوی وکلی کرکے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اوّل معہ تسمیہ قل ہو اللہ احد اجب یا جبرئیل ایک ہزار بار۔ دوسرے روز اللہ الصمد اجب یا اسرافیل ہزار بار تیسرے روز لم یلد ولم یولد اجب یا میکائیل ہزار بار چوتھے روز ولم یکن لہ کفواً احد اجب یا عزرائیل ہزار مرتبہ پڑھے۔

(۳۸) جو شخص کسی مشکل میں گرفتار اور اپنی حالت میں درماندہ و مضطر ہو اسکو چاہئے کہ آدھی رات کو بیدار ہو کر وضو کرکے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اکتالیس بار سورۃ مزمل شریف پڑھے اور بعد میں رجوعِ قلب سے اپنی حاجت کے واسطے دعا کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۳۹) اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیتہ الکرسی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر اگر دعا کی جائے تو بفضل خدا قبول ہوگی اور باعثِ خیر و برکت کا ہوگا۔

(۴۰) نصف شب کو ایسی جگہ خلوت میں جہاں آدمی کی آواز نہ سنائی دے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور اکہتر بار آیتہ الکرسی پڑھا کرے انشاء اللہ بہت جلد حاجت پوری ہوگی

باب چہارم

تونگری

(۱) جو شخص دس جمعہ متواتر ہر جمعہ کو دس دس ہزار مرتبہ اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیْ کو پڑھے اور اس درمیان میں ترک حیوانات کرے خداوند عالم اسکو دنیا و عقبیٰ میں غنی و بے نیاز کر دے گا۔

(۲) اگر کوئی شخص یَا غَنِیُّ یَا قَوِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَلِیُّ۔ کو دن میں ہزار مرتبہ پڑھے اور اس عرصہ میں کسی سے بات نہ کرے تو آسودگی اور تونگری اس کی طرف رخ کرے گی مجربات سے ہے۔

(۳) جو شخص یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَفِیُّ کو روز شنبہ سے پڑھنا شروع کرے اور ہر روز ہزار مرتبہ تھوڑی کشمش یا منقیٰ پر دس روز تک پڑھے اور ختم کرتے ہی مویز کو تناول کرے۔ پس روز پنجشنبہ کو کہ ختم عمل کا دن ہے چاہیے کہ نان و حلوہ گرما گرم کسی مستحق کو کھلا دے تونگروں میں داخل ہو گا۔

(۴) جو شخص تین جمعہ اس دعا کو ستر مرتبہ پڑھے تیسرا جمعہ نہ گذرنے پائیگا کہ خدا تعالیٰ اسکو غنی کر دے گا۔ خدا کے سوا کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَا مُفِیْدُ یَا عَفُوُّ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

(۵) جو شخص دو رکعت نماز حاجت اس نیت سے کہ خداوند قادر مختار اس کو غنی اور صاحب ثروت کر دے پڑھے اور چہار شنبہ کے دن چالیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مال بے شمار نصیب ہو گا۔

(۶) مال ومنال اور دولت وثروت کے لئے پنجشنبہ کے دن دو رکعت نماز پڑھے اور بعد نماز سورہ لیسین پڑھے۔ تین دن تک اس عمل کو بجا لائے۔ مجرب ہے۔

(۷) اگر کوئی شخص سورہ بقر کی آیات ذیل کو متواتر چالیس یوم تک بلاناغہ بعد نماز صبح اکیس مرتبہ پڑھا کرے تو حصول مال ومنال دولت وثروت ہو یٰبَنِیٓ اِسۡرَآءِیۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِیَ الَّتِیۡٓ اَنۡعَمۡتُ عَلَیۡكُمۡ وَاَوۡفُوۡا بِعَهۡدِیۡٓ اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ وَاِیَّایَ فَارۡهَبُوۡنِ وَاٰمِنُوۡا بِمَآ اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمۡ وَلَا تَكُوۡنُوۡٓا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰیٰتِیۡ ثَمَنًا قَلِیۡلًا وَّاِیَّایَ فَاتَّقُوۡنِ ۝ وَلَا تَلۡبِسُوا الۡحَقَّ بِالۡبَاطِلِ وَتَكۡتُمُوا الۡحَقَّ وَاَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ۔

(۸) جو شخص ہر روز تیس مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ پڑھے فقر و ناداری جاوے اور آسودگی پاوے۔

(۹) جو شخص ہر روز سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ۔ پڑھے محتاجی دور ہو اور آسودگی حاصل ہو۔

(۱۰) جو شخص تونگری حاصل ہونے اور مفلسی دور کرنے کی غرض سے رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِیۡلًا پڑھیگا خداوند عالم اسکو تونگر بنائیگا۔

(۱۱) جو شخص آیہ الرحمٰن کو ایک سو پانچ مرتبہ صبح اور ایک سو ایک مرتبہ شام کو ہمیشہ اپنا ورد رکھے وہ ہمیشہ مالدار رہے محتاج نہ ہو۔ نہایت مجرب ہے۔

باب پنجم

وسیع غیب

(۱) اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ اہلِ خواص نے اس آیۂ مبارکہ کے متعلق لکھا ہے کہ جو شخص ہر روز ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے تو البتہ حق تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے روزی پہنچائے گا جس کا گمان بھی نہ ہو۔ بہت دفعہ اس کا تجربہ ہوا ہے۔

(۲) جو شخص دو مہینے تک ہر روز سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے گا حق تعالیٰ مال و علم کا خزانہ عطا کریگا۔ دعا یہ ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

(۳) ترک حیوانات کر کے چاند کی پہلی تاریخ سے تیسری تک تین روزے رکھے اور افطار سے پیشتر اس انداز سے کھیر پکائے کہ جو اپنی خوراک سے نہ زیادہ ہو اور نہ کم۔ اب پانچویں تاریخ سے عمل شروع کرے۔ بعد نماز عشاء یا تہجد غسل باوضو کر کے پارچہ احرامی باندھ کر اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر تین مرتبہ سورہ حمد پڑھے مگر ہر بار آیۂ ایاک نعبد و ایاک نستعین کو گیارہ بار تکرار کرے اور آخر میں تین بار کہے آمین۔ اس کے بعد اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِکَ بِحَقِّ یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ وَارْزُقْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ الْاَلْطَافِ پڑھ کر سورہ شروع کرے جب لفظ وکیلا پر پہنچے کھڑے ہو کر اکیس بار حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ اور نو مرتبہ یا ربّ پڑھے جب مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ پر پہنچے اپنے مطلب کی دعا کرے اور سورہ تمام کرے۔

اور انیس بار یَارَحِیمُ کُلِّ رَحِیمٍ کُلِّ صَرِیحٍ یٰ مکس و پ وخیاتہٗ ومعاذہٗ یارَحِیمُ پڑھے اسی طرح گیارہ بار سورہ مزمل پڑھے بعد چلّہ کے ہمیشہ ورد رکھے۔ انشاء اللہ فتح ہوگی اور غیب سے وہ سامان ہوگا جس کا خیال و گمان تک نہ ہوگا۔

(۴) اول بطور زکوٰۃ کے گیارہ ہزار بار اللہ الصمد اجب یا عزرائیل یا دردائیل یا مدد کائیل پڑھ کر ہر روز گیارہ تسبیح پڑھا کرے۔ چند چلّوں میں فتوحات ہوگی۔

(۵) یا اللہ یا رحمٰن۔ یا رحیم کو تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ عصر و مغرب کے درمیان ہر روز بلاناغہ آسمان کے سایہ میں سر برہنہ ہو کر ہمیشہ پڑھیں۔ اگر خدا نے چاہا تو امیر و کبیر ہو جائینگے اور جس مطلب کے لئے بھی پڑھیں چالیس دن میں وہ مقصد خدا کی مدد سے پورا ہوگا۔

دریافت خزانہ

(۱) پچاس دن تک برابر چالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر درود شریف پڑھا جائے۔ چار آدمی سیاہ پوش آئینگے اور بعد سلام علیک کے دریافت کرینگے کہ اے بنی آدم تو کیا چاہتا ہے۔ اسوقت ان سے کہا جائے۔ فلاں جائے دفینہ ہے مجھ کو بخشو یا اور جہاں ہو تم مجھ کو بتلاؤ۔ جب وہ دفینہ بتا کر غائب ہو جائیں تو اس جگہ کو یاد رکھے بھول نہ جائے۔ مگر اول کسی قدر شیرینی لے کر فقرا و مساکین کو تقسیم کرے۔ اس کے بعد دفینہ کی جگہ کھودے انشاء اللہ خزانہ ملیگا۔

(۲) پانچ روز تک ہر روز شب میں دس ہزار بار اللہ الصمد معہ موکل پڑھے خزانۂ غیب معلوم ہوگا یا ایک بزرگ خواب میں مطلع کرینگے کہ فلاں جگہ خزانہ ہے

باب ششم

بلندیٔ مراتب

(۱) جو شخص اس اسم کو ہر روز تین سو مرتبہ پڑھیگا اسکو جمال اور افتخار اور مال و دولت وسعادت و روزی ہونگے وہ اسم یہ ہے۔ یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنیٰ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ۔

(۲) یَا مَحْمُوْدُ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلیٰ جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ۔ جو شخص اس اسم شریف کو نیتِ صادق سے شب و روز پڑھیگا اللہ تعالیٰ اسکو غنی کرے گا اور جو شخص اس اسم کو لکھکر اپنے پاس رکھیگا خلائق کی نظر میں معزز رہیگا۔

(۳) یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِهٖ جو شخص ہر روز پندرہ مرتبہ اس اسم کو پڑھے ہمیشہ معززو مکرم رہیگا اور صاحب جاہ و جلال رہیگا۔

(۴) اگر کوئی شخص دو تہائی رات گئے سر و پا برہنہ آستینیں چڑھا کر روبقبلہ ہوکر سو مرتبہ یَا عَزِیْزُ پڑھے خلق میں مکرم و محترم ہو گا۔

(۵) جو شخص دوپہر کو یا آدھی رات کو ہاتھ اٹھا کر سو مرتبہ یَا رَافِعُ حرفِ ندا کے ساتھ کہیگا خلق میں اس کا مرتبہ بزرگ ہو اور جاہ رفعت پائے۔

(۶) جو شخص صبح کی نماز کے بعد یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھیگا اس کی عزت دوستوں اور بزرگوں میں بڑھ جائے گی۔

باب ہفتم

حب

(۱) حب کے واسطے سات مرتبہ خرما پر پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو کھلاوے
وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَ
مَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ بِاسْمِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ
عَلَى حُبِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ الْعَجَل

(۲) اطاعت کے واسطے ساعت مناسب میں اکیس بنولے لے کر ہر ایک پر ایک
ایک مرتبہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ مطلوب کے نام پر پڑھ کر ایک ایک کر کے آگ میں
ڈالدے۔

(۳) ساعت زہرہ یا مشتری یا شمس میں شکر پر سوئی یا چاقو کی نوک سے لکھے
اور پانچ مرتبہ پڑھکر دم کرے اور مطلوب کو کھلاوے۔ اِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ قَدْ
شَغَفَهَا حُبًّا فِي قَلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَجَوَارِحِهِ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانٍ الْعَجَل۔

(۴) اس اسم کو عشار کے وقت لائق ساعت میں زمین پر بنام مطلوب نقش
کرے اور تین کیل لوہے کی لے کر اس کے ادہر ادہر گاڑ دے وہ اسم یہ ہے۔ یَا
اَشْخَيْلَاكَ طِيْن۔

(۵) تین مرتبہ ساعتِ مناسب میں اس آیت کو پانی پر پڑھ کر مطلوب کو پلادے
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

(۶) کسی شخص کے حاضر کرنے کے واسطے اس اسم کو ساعتِ نیک میں مشک و

زعفران سے مطلوب کے نام پر لکھ کر ایسی جگہ لٹکائے کہ ہوا سے ہلتا رہے حاضر ہوگا۔ یَا مُعِیْدُ مَا افْتَاۃٗ اِذَا بَرَزَ الْخُدٰیۃُ الْوُعُوتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ یَا مُعِیْمُ۔

(۷) واسطے حاضری مطلوب کے اسم وانے سیاہ مرچ کے لیکر ہر ایک دانہ پر ایک ایک مرتبہ سورہ حمد پڑھے پھر سب دانے ملاکر اکیس مرتبہ ان پر قُلْ ہُوَ اللّٰہ پڑھے اور طالب و مطلوب کا نام لکھکر سُرخ پیاز کے اندر رکھ کر چولھے کے نیچے دفن کر دے مطلوب حاضر ہوگا۔

(۸) ساعت لائق میں تین پرچے کاغذ پر لکھے یَا فَذِیْمًا عَیْشٌ اور اس کی پشت پر لکھے۔ اُحْضُرُوْ افُلَانَ بِنْ فُلَانَ۔ اور تین فتیلے بناکر چراغدان سبز پر مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے جلادے۔

(۹) پوست آہو پر مشک و زعفران سے لکھ کر ایسی جگہ دفن کرے کہ کم آنچ پہنچتی رہے اور جلے نہیں احضر فلاں بن فلاں بحق اللّٰھم یا ازغش ویا رغتشط یوطلا خون۔

(۱۰) تین کوری ٹھیکریاں جن کو پانی نہ لگا ہو لیکر ہر ایک پر نیک ساعت میں لکھے اور روبقبلہ بیٹھکر چلتے دریا میں ڈالدے اور نام مطلوب کا لیتا جائے زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مِنَ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ خَتَمْتُ بِاسْمِ فُلَانِ بِنْ فُلَانَ عَلٰی حُبِّ فُلَانَ بِنْ فُلَان

(۱۱) مطلوب کے نام پر مرغی کے انڈے کو دھو کر لکھے اور کسی برتن میں رکھ کر چولھے کے نیچے اسطرح دفن کر دے کہ اسکو گرمی پہنچتی رہے۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِیْمُ

(۱۲) محبت کے واسطے یہ نقش معظم لکھ کر ٹوپی میں باندھے۔ اگر کوئی شخص

٦	٧	و
ر	دع	د
٨	سر	٣
رست	٢	ع

بغیر اطلاع کے چلا گیا ہو اور اس کا پتہ معلوم نہ ہو تو اسکو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دینا چاہیئے۔ یہ نقش گھلنے بھی نہ پائیگا کہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔

(۱۳) اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف درمیان میں چالیس مرتبہ سورۂ مزمّل تصوّر مطلوب کے ساتھ پڑھے اللہ تعالیٰ دل کی مراد پوری کر دے گا۔

(۱۴) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مُّخْلِصًا ۵، دفعہ تصوّر مطلوب کے ساتھ پڑھنے سے مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

(۱۵) دہ بادام جس میں دو گریاں ہوں لے کر اور تصوّر محبوب کے ساتھ اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھی جائے بعد میں بادام کی دونوں گریوں کو ملا دیا جائے اور ان کو ایک ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر انار کی ٹہنی میں باندھ دیا جائے اور اس ٹہنی کے نیچے روزانہ تین دن تک سورۂ یٰسین کی تلاوت کی جائے اس کے بعد محبوبہ کے محب اور دوست ہونے کے لئے دعا مانگی جائے۔

(۱۶) گیارہ مرتبہ سورۂ مزمّل معہ درود پھول یا عطر پر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے فریفتہ ہو جائیگا۔

(۱۷) محبّت کے لئے سورۂ اذا زلزلت الارض زلزالہا کو نبولے پر اکتالیس بار دم کریں اور آخر سورہ میں کہتا رہے کہ فلاں در حبّ فلاں بیقرار شود در بسم اللہ کے ہر بار پڑھیں اور ہر مرتبہ نبولے کو آگ میں ڈالدے انشاء اللہ اکیس دن میں اگر دشمن بھی ہوگا تو حاضر ہو گا۔

(۱۸) حُب کے لیے سورۂ الم نشرح سات بار نمک پر پڑھ کر آگ میں ڈالیں جس کے لئے یہ عمل کرینگے وہ فریفتہ ہو جائے گا۔

(۱۹) اگر کسی شخص سے دوستی اور محبت پیدا کرنا ہو تو اس آیت کو سات مرتبہ بیلے کے پھولوں پر یا روئی یا شکر یا شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں بہت محبت ہو گی مطیع ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ٥ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

(۲۰) حب کے لیئے اس آیت کو ایک سو بار پڑھکر اتوار کے دن شیرینی پر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں عاشق و بیقرار ہو گا آیہ مبارکہ یہ ہے فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شئی والیہ ترجعون ٥ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

(۲۱) درخت ریٹھے کی لکڑی اتوار کو لائیں اور لاتے وقت نیت کریں کہ حب کے واسطے لئے جاتا ہوں لیں اس لکڑی کو درخت سے توڑ کر سایہ میں خشک کریں یعنی آفتاب کی شعائیں اس پر نہ پڑیں جب خشک ہو جائے تو اتوار یا جمعرات کے دن کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر ٹکڑے ٹکڑے کریں اور اس پر آیت اکیسو ایک بار دم کر کے جلا کر راکھ کر لیں پھر راکھ پر بھی یہ آیت موصوف اکیسو ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل باوضو ہونا چاہیئے۔ اب راکھ کو باحتیاط رکھ چھوڑیں اور جب کسی کو اپنے عشق میں بیقرار کرنا ہو تو ایک رتی کی تقدر راکھ شیرینی میں ملا کر اپنے ہاتھ سے کھلائیں وہ شخص مطیع و بیقرار ہو گا اور جس کو یہ راکھ دینگے اُسے بھی فائدہ ہو گا۔ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ٥۔

(۲۲) اس نقش کو مطلوب کو بیقرار کرنے کے لیے لکھیں اور کوزے میں رکھ کر تھوڑی شکر اس پر ڈالدیں اور کوزے کو آگ کے نیچے دفن کر دیں۔ جوں جوں آگ کی گرمی اسے پہنچیگی مطلوب بیقرار ہو گا۔

٧٨٦

٣٧٢	٣٧٥	٣٧٩	٣٦٥
٣٧٨	٣٦٦	٣٧١	٣٧٦
٣٦٧	٣٨١	٣٧٣	٣٧٠
٣٧٤	٣٦٩	٣٦٨	٣٨٠

(۲۳) محبت کے واسطے یہ آیت شیرینی وغیرہ پر دم کر کے محبوب کو کھلائیں یا کسی دوسرے کے لئے دم کر کے دیں۔ اگر دشمن جانی بھی ہو تو غلام اور مطیع ہوگا وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون سواء علیھم

(۲۴) اگر یہ نقش لکھ کر اور شربت میں دھو کر مطلوب کو پلائیں تو محبت میں بیقرار ہوگا یہ نقش عجیب الاثر ہے۔

۱۲	۱۵	۱۸	۵
۷۷	۶۶	۷۱	۷۶
۶۷	۸۰	۷۳	۷۰
۷۴	۶۹	۶۸	۷۹

(۲۵) اس اسم کو لکھکر کاغذ پر فلیتہ بنائیں اور کورے چراغ میں روشن کریں چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو۔ مطلوب بیقرار ہوگا۔ نقش حسب ذیل ہے

۱۸ ۷۷ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۵۱ عـ ط ط ع ۳

(۲۶) اس طلسم کو مطلوب کے کپڑے پر لکھ کر اور فلیتہ بنا کر چراغ میں جلائیں مطلوب بے قرار ہوگا۔

۹۰ ۱۱ ۱۱ ۱۳ ۶ ۱۱۱ ۱۰۹ م ھ و ۶ ۶

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۲۷) اس طلسم کو دوشنبہ کے دن اول ساعت میں لکھ کر آگ میں ڈالیں مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

طلسم یہ ہے

۱۱ ۱۲ ۱۲ ۱۱ ۲ 6 6 ۱۱ ھ سلمہ ھ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بابِ ہشتم

بیقراریٔ محبوب

(۱) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ فلاں بن فلاں کو میرا تابعدار بنا دے۔ سو دفعہ روزانہ تصور محبوب کے ساتھ پڑھنے سے مطلوب تابعدار ہو گا۔

(۲) مطلوب کی تابعداری کے لئے اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ۔ تین مرتبہ ڈیوڑھی میں تصور مطلوب کے ساتھ پڑھ کر قدم باہر نکالے۔ اور مطلوب کی طرف جاوے۔ انشاءاللہ مطلوب تابعدار ہو گا۔

(۳) سات یوم تک تین ہزار مرتبہ روزانہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور عمل کو اتوار کے دن صبح کی نماز کے بعد سے شروع کرے۔ جس کو دل چاہے تابعدار ہو گا۔

(۴) اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص کو پڑھ کر دل پر دم کرے اور آنکھ بند کر کے تصور محبوب کرے کہ محبوب میرے سامنے دست بستہ کھڑا ہے۔

جب یہ تصور کامل ہو جائے تب مطلوب سے ملے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

(۵) اگر اس نقش کو لکھکر ٹوپی میں سی لے اور فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام لکھ دے تو وہ انشاء اللہ تابعدار ہو جائیگا۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں پر مسخر کر دے

(۶) یہ تعویذ کسی کو تابعدار بنانے اور مطیع کرنے کے لئے اکسیر ہے باوضو مصلے پر بیٹھکر لکھنا چاہیے۔

اگر عورت کو ضرورت ہو تو وہ اپنی چوٹی میں اور مرد کو ضرورت ہو تو وہ اپنی ٹوپی میں باندھے انشاء اللہ بہت جلدی اثر ہوگا۔ یُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ آمَنُوٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ٥ یا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ قَلِّبْ قَلْبَهُمْ بِلُطْفِكَ الْعَزِيزِ يَا عَزِيزُ مِنْ كُلِّ عَزِيزٍ بِحَقِّ يَا وَدُودُ يَا حَبِيبُ يَا مُطَاعُ يَا اَللّٰهُ فلاں بن فلاں را بر فلاں بن فلاں رجوع و مہربان گردان

۲	۴	۶	۸	۱	۷	۴	۸
۸	۶	۴	۲	۵	۷	۲	۶
۴	۲	۸	۶	۶	۲	۹	۳
۶	۸	۲	۴	۸	۴	۵	۳

۷۸۶

۳۲۱۶ ۷۳	۳۲۱۶۸۶	۳۲۱۶۸۳	۳۲!۶۸۰
۳۲۱۶۸۴	۳۲۱۶۷۹	۳۲۱۶۷۴	۳۲۱۶۸۵
۳۲۱۶۷۸	۳۲ ۱۶ ۸۱	فلاں بن فلاں در حُبِ فلاں بن فلاں	۳۲ ۱۶۸۵
۳۲۱۶۸۷	۳۲۱۶ ۷۶	۳۲۱۶۷۷	۳۲۱۶۸۲

(۷) اس نقش کو ایک کاغذ پر لکھ کر راکھ میں دفن کر دے انشاء اللہ محبوب بیقرار ہو کر فوراً آجائے گا۔

(۸) و ـــــ ه ـــ لا ـــ ه ـــ اس علامت کو محبوب کے

و ـــــ لا لا لا ـــ ه ـــ پرانے کپڑے پر لکھے اور

فلاں ابن فلاں در حب فلاں بن فلاں نئے چراغ میں سرسوں کے تیل سے جلائے محبوب بیقرار ہو کر بہت جلدی حاضر ہو گا۔

(٩) آیت ذیل کو چھالیہ یا شیرینی پر دم کر کے اگر محبوب کو کھلائے
پر دم کر کے محبوب کو سنگھائے تو انشاء اللہ تابعدار ہوگا۔ یہ عمل اتوار کے دن
چاہئے اور ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرنا چاہئے۔ آیت یہ ہے۔ زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ
مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ
وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَـ



(١٠) اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنائے
اور اس پر تین دفعہ قل ہو اللہ پڑھ کر
دم کرے پھر اس فلیتے کو جلائے انشاء اللہ محبوب کے دل میں بیقراری پیدا ہوگی اور
وہ حاضر ہو جائے گا۔

(١١) لا ع بد ع لا ع حم حا ہمہ

اتوار کے دن اس نقش کو روٹی پر لکھ کر کھلا دے۔ اگر عورت کی محبت کے لئے ہو
کتیا کو ورنہ کتے کو کھلانی چاہئے۔ ادھر کتیا یا کتا بولنا شروع کریگا ادھر محبوب کے
دل میں اضطرابی کیفیت پیدا ہو کر اپنے طالب کے پاس حاضر ہوگا۔

(١٢) ک ١٢١١ ١١ ٢١ ٦٦ ااھ بسم ٩ اس طلسم کو پیر کے دن صبح کے وقت لکھ کر
اور بتی سی بنا کر آگ میں ڈال دینا چاہئے۔ محبت کے لئے اکسیر ہے۔ محبوب فوراً طالب
کے پاس حاضر ہوگا۔

(١٣) اول و آخر تین مرتبہ درود شریف۔ یاسین ایک مرتبہ۔ یاسین کو اس طرح
سے شروع کیا جائے یٰسٓ یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم بحق یٰسٓ والقرآن الحکیم۔ جب سلامٌ
قولاً من رب الرحیم پر پہنچے تو تین مرتبہ اول و آخر اس آیت کے درود پڑھے
اور ستر بار اس کی تکرار کرے پھر آخر تک سورہ یٰسٓ پڑھے۔

جب سورہ یٰسٓ ختم ہو جائے تو دعا مانگے کہ یا اللہ فلاں بن فلاں کو

میرا تابعدار بنادے اور اس کے دل میں میری طرف سے رحم و محبت عطا کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص مطیع ہوجائے گا۔

(۱۴) حُب کے لئے مجرب ہے چالیس یوم تک پڑھنا چاہیے بشروع مہینے میں اوّل روز رات کے وقت غسل کریں اوّل و آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھیں اور اکتالیس عدد سیاہ مرچ لے کر عبارت ذیل کے ساتھ کلمۂ طیب ہر مرچ پر دم کریں اور اسی جگہ جلادیں انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں مطلوب مطیع و مسخّر ہوجائے گا۔

کلمۂ طیب معہ عبارت یہ ہے لا اِلٰہ اَنیس الا اللّٰہ ان ملائیس محمد رسول اللّٰہ مجھ بن فلانے کو چین نہ دیس چین نہ دیں۔

(۱۵) مطلوب کی بے قراری کے لئے اس طلسم کو شب جمعہ کو مطلوب کے پہنے ہوئے پرانے کپڑے پر لکھیں اور فلیتہ بنا کر کورے چراغ میں روغن خوشبودار جلائیں، چراغ کا رُخ خانہ مطلوب کی طرف ہو فلیتہ روشن ہوتے ہی مطلوب بے قرار ہوگا۔

فلیتہ یہ ہے

تعاد حسم

۱۱ ۱۱۱ معہ ۱۱ ۱۱ ۱۱ محام ۱۱ ۱۱ ۱۹ د ۹۱

۱	۱۶	۱
۱۹	۱۹	۹
۶	۵	۱

باب نہم

تسخیر خلائق

(۱) یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ فِیْ جَلَالِہٖ جو شخص اس اسم کو بیس یوم تک پچاس مرتبہ روزانہ پڑھیگا وہ ہر شخص کا محبوب ہوگا جو اسکو دیکھیگا درست رکھیگا۔ اگر کسی خوردنی شے پر پڑھ کر کسی کو کھلا وے گا تو وہ اس سے محبت کرنے لگیگا۔

(۲) اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَحَبُّ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ۔ اس اسم شریف کو چالیس یوم تک ہر روز بارہ ہزار مرتبہ غسل کرکے اور عمدہ کپڑے پہنکر پڑھنا چاہئے چالیسویں دن تھوڑی سی شیرینی پر بزرگان دین کی فاتحہ دلانی چاہئے۔ اس کے بعد روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ جس کو نظر اٹھا کر دیکھیگا وہ تابعدار ہو جائے گا۔ گائے کے گوشت اور مچھلی کے گوشت سے پرہیز رہنا چاہئے

(۳) تسخیر خلائق کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر ٹوپی میں باندھنا چاہئے اگر کسی جماعت یا قصبہ کو تابعدار رہنا مقصود ہو تو ذیل کا نقش لکھ کر فلاں بن فلاں کی جگہ اس جماعت یا قصبہ کا نام لکھے اور وہ نقش اپنی ٹوپی میں سی لے اور تین نقش روزانہ لکھ کر آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈالدے۔ ۷ یا ۲۱ یا ۴۰ دن یہ عمل کرنا چاہئے

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰۰	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۲
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

یا عطوف
ذوالقوة المتین

(۴) اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ہ جو شخص اِس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھے تو مخلوقِ خدا اس پر مہربان ہو جائے گی۔ اگر اس آیت کو ۱۴ دفعہ پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کیا جائے اور میاں بیوی کو وہ شیرینی کھلا دیجائے تو دونوں میں بے انتہا محبت ہو جائے گی۔

(۵) اگر کوئی شخص مخلوق میں ہر دلعزیز بننا چاہے تو اسکو چاہیے کہ روزانہ مغرب کی نماز کے وقت وَدُوْدٌ وَدُوْدٌ جَلَّ۔ اکھٹے ایک سو ایک دفعہ پڑھا کرے۔

(۶) درود شریف تین مرتبہ فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تین مرتبہ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پانچ مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ تین مرتبہ روزانہ پڑھنے سے آدمی مقبول خلائق ہو جاتا ہے۔

(۷) یَا مستطیع کو اوّل و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر روزانہ بعد نماز صبح تیرہ سو مرتبہ پڑھیں عامل کے سامنے خلائق کا مجمع ہو جائیگا۔

(۸) امیر و فقیر کے تسخیر کرنے کے لئے یہ آیت دو مرتبہ خوشبودار روغن یا عطر پر دم کریں اور اپنے منہ پر ملکر امیر وغیرہ کے روبرو جائیں وہ بہت عزت احترام کرے گا۔ آیت یہ ہے۔ عسی اللّٰہ ان یجعل بینکم فلاں وبین الذین عادیتم فلاں منہم مودۃ واللّٰہ قدیر واللّٰہ غفور الرحیم۔

(۹) اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو زوال کے وقت بائیس بار پڑھیں یقین ہے کہ تین دن کے عرصہ کے بعد وہ شخص مطیع ہو جائیگا اور جو حاجت ہوگی روا ہوگی وہ دعا یہ ہے۔ اللّٰھم انت القادر وانا المقدور فمن بدء المقدور الا قادر یارب یارب یارب

(۱۰) اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ روزانہ گیارہ بار سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کرے مگر ہر بار جب لفظ الی ربہ سبیلا پر پہنچے تو ایک سو اٹھائیس بار سورۂ اخلاص اس طریقے سے پڑھے قل ہو اللہ احد یا حنان اللہ الصمد یا منان لم یلد یا کریم ولم یولد یا رحیم ولم یکن لہ کفوا احد یا عزیز اس کے بعد سورت تمام کرے انشاء اللہ چند روز میں کامیابی ہوگی۔ پڑھنے کا وقت معین کر لینا چاہیئے۔

(۱۱) جو شخص کہ تسخیر و رجوعات خلایق کا جویا ہو اس کو چاہیئے کہ اس عمل پر ایک وقت معین کرکے مداومت کرے۔ انشاء اللہ چند دن کے بعد وہ اپنے مطلب میں کامیاب ہونا شروع ہو جائے گا عمل کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ مرتبہ روزانہ مع اول و آخر درود شریف کے سورہ مزمل پڑھا کرے، اور ہر مرتبہ جب لفظ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا پر پہونچے تو ایکسو اٹھائیس مرتبہ سورہ اخلاص اس طریق سے پڑھے۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا حَنَّانُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا مَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَا کَرِیْمُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا رَحِیْمُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا عَزِیْزُ اس کے بعد سورت کو تمام کرے۔

بابِ دہم

تسخیر حکّام و کامیابی مقدمات

(۱) ہر خوف سے بیخوف ہونے کے لئے اور کسی ظالم حاکم کے سامنے جانے کے لئے یَا حَلِیْمُ یَارَؤُفُ یَامَنَّانُ کثرت سے کہے تو حاکم نرم اور ذلیل ہو جائیگا۔

(۲) اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ وَ یَھْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَّیَنْصُرَکَ اللّٰہُ نَصْرًا عَزِیْزًا۔ گیارہ مرتبہ اور سات مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ یہ عمل جمعہ کے دن شروع کرنا چاہیے اور سات یوم تک متواتر پڑھنا چاہیے۔ پہلے دن یہ آیت اکیسو ایک دفعہ پڑھی جائے اسکے بعد گیارہ مرتبہ روزانہ۔ انشاء اللہ فتح ہوگی۔

(۳) اگر اوّل و آخر تین دفعہ یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ سَیِّدِ الْمُتَّقِیْنَ وَسَیِّدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَجَمِیْعِ اَھْلِ بَیْتِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ پڑھ کر اِن کلمات کو گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ بعد نمازِ عشاء پڑھنے کا معمول کرلے تو انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں فتحیابی حاصل ہوگی۔

(۴) اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ سورہ مزمّل کا پہلا رکوع اکیس مرتبہ اور دوسرا رکوع گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کرکے قدرے اس میں سے

اپنے منہ اور سر پر لگائے اور باقی کو پی کر حاکم کے روبرو جائے حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

(۵) جمعہ کے دن پہلی ساعت میں ایک شیشے کے ظرف میں سورہ فاتحہ آہنی قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے لکھے پھر اسکو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کو ایک شیشی میں رکھ لے اور اس پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے بروقتِ ضرورت قدرے گلاب اس میں سے اپنے منہ پر مل کر حاکم کے روبرو جائے انشاء اللہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

(۶) اگر کسی پر کوئی تہمت لگائے یا عدالت میں مقدمہ پیش ہو اور حاکم برخلاف ہو تو آیتِ ذیل کو معاملہ ختم ہونے تک ہزار بار روزانہ پڑھے اللہ ہر بلا و آفتِ دنیاوی سے محفوظ رکھیگا۔ وَاُفَوِّضُ اَمرِی اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیرٌ بِالعِبَادِ

(۷) اگر کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو یا کوئی مقدمہ دائر ہو تو اس عمل کو تین روز اِس طریقے سے کریں کہ بعد ظہر تین یا سات آدمی شمار میں طاق ہوں بارہ بارہ ہزار مرتبہ تین روز تک پڑھیں اور ختم کرنے کے بعد شیرینی تقسیم کریں اور جسقدر ہوسکے خیرات کریں۔ دریغ نہ کریں۔ مجرب ہے وَافوض امری الی اللّٰہ وَاِن اللّٰہ بَصِیرًا بالعباد۔

باب یازدہم

دفع دشمن

(۱) جو شخص چاہے کہ دشمن کے شر سے بے غم ہو جائے اُسکو چاہیے کہ چار سنگریزے لے کر ہر ایک کنکری پر آیات ذیل سے ایک آیت پڑھ کر چاروں طرف پھینکدے اور خاموش ہو جائے دشمن اس پر قابو نہ پا سکیگا۔

پہلی آیت۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لقد حق القول علیٰ اکثرھم فھم لایومنون

دوسری آیت وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لایبصرون۔

تیسری آیت وسوآء علیھم ءانذرتھم ام لم تنذرھم لایومنون۔

چوتھی آیت۔ الم یروکم اھلکنا قبلھم من القرون انھم الیھم لایرجعون

(۲) یا عزیز المنیع الغالب علیٰ امرہٖ فلاشئ یعدلہٗ جو شخص اپنے دشمن کو شکست دینا چاہے اس اسم کو دشمن کے روبرو ۱۶ مرتبہ پڑھے اور دشمن کے منہ پر تھوک دے اس کا دشمن بھاگ جائیگا۔

(۳) جو شخص اپنے دشمن پر غالب آنا چاہے تو اتوار اور بدھ کو روزہ رکھے اور جنگل میں جاکر نہائے اور خوشبو لگا کے اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ نیت صادق سے پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو نصرت دیگا اور دشمن پر غالب کریگا اسم یہ ہے یاعالی الشامخ فی السمآء فوق کل شئ علوُّ ارتفاعہٖ۔

(۴) دفع دشمن وادائے قرض اور رفع ہم وغم اور دشمنوں سے نجات پانے کے واسطے ۷۰ مرتبہ اس آیت کو پڑھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(۵) اگر اَعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ کو ۱۶۹ مرتبہ پڑھے شرِ دشمن سے محفوظ رہے

(۶) اگر کوئی شخص کسی ظالم کے بس میں ہو اور چھوٹنا چاہے تو کثرت سے یَا قُدُّوْسُ پڑھے البتہ خدا کے حکم سے وہ اس پر رحم کرے گا۔ اور ضرر نہ پہنچا سکیگا مجرب ہے۔

(۷) دفع دشمن کے لئے اور جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ رہنے اور حصول جاہ کے لئے یَا وَکِیْلُ کی مداومت کرے بہت نافع ہے۔

(۸) یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ کی مداومت کرنا ہر وقت خصوصاً تنہائی میں کید اعدا کے لئے باعثِ غلبہ و تفوق کا ہے اعدا پر اور سبب ہے حصولِ مقاصد کا۔

(۹) نماز مغرب کے بعد دو رکعت نماز بجالائے اور اس کے بعد اس دعا کو بہت پڑھے دشمن دور ہو جائے گا۔ یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ اَذْلَلْتَ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعَ مَا خَلَقْتَ اِکْفِنِیْ شَرَّ فُلَانٍ۔

(۱۰) رات کے ثلثِ اخیر میں یعنی پچھلی رات ہزار مرتبہ کہے یَا خَاذِلَ الْفِئَاتِ الْبَاغِیَۃِ۔

(۱۱) دفع دشمن کے لئے تین روز روزہ رکھ کر ترکِ حیوانات کر کے باشرائط پانسو مرتبہ کہے یَا جَبَّارُ الْمُذِلُّ کُلَّ شَیْءٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ اگر ایک مہینے تک اسطرح کرے تو ضرور دشمن کے واسطے کافی ہے۔

(۱۲) استیصال ظالم کے لئے انار کی ہری شاخ تر و تازہ اسی وقت کا ٹکر معہ ظالم کے نام کے لکھ کر کسی میت کے سرہانے دفن کردے بدوح فتبرط

(۱۳) دشمن کے عاجز کرنے کے لئے درود شریف ایک مرتبہ یاحنانُ یَا بدّوحُ یامنّانُ یَا بدّوحُ یَا دیّانُ یَا بدّوحُ یَا برُھانُ یَا بدّوحُ۔ اکیس مرتبہ پھر درود ایک مرتبہ پڑھ کر دشمن کے مکان کی سمت دم کر دینا چاہئے۔

(۱۴) وَالقینا بینھمُ العداوۃ والبغضاءَ پانسو مرتبہ۔ سورۂ توبہ ایک دفعہ پڑھ کر دشمن کے مغلوب و عاجز ہونے کے لئے دعا مانگنی چاہیے۔

(۱۵) نماز جمعہ کے بعد اکیس دفعہ سورۂ مزمل بغیر بسم اللہ کے پڑھے۔ اور سرسوں کے دانوں پر دم کر کے آگ میں جلا دے دشمن مغلوب ہوگا۔

(۱۶) پرانی قبر کی مٹی پر بغیر بسم اللہ سترہ دفعہ سورۂ مزمل پڑھے اور اسے دشمن کے گھر میں ڈال آئے دشمن عاجز آجائے گا۔

(۱۷) ٹوٹے پھوٹے کنوئیں کے پاس بیٹھکر بسم اللہ اور درود شریف کے بغیر اکیس مرتبہ سورۂ لیٰسین پڑھے اور ہر مرتبہ لیٰسین ختم ہو جانے کے بعد تھوڑی دیر آنکھیں بند کر کے یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا ہے۔ جب تک دشمن ہاتھ باندھے ہوئے سامنے نہ آجائے روزانہ یہ عمل کرتا رہے۔

(۱۸) بعد نماز مغرب بغیر بات کئے دو رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھے اور سلام پھیر کر سجدہ میں جائے اور پڑھے۔ اللہُ علیٰ قلوبھِم وعلیٰ سمعھم وعلیٰ ابصارھم غشاوۃٌ اکیس مرتبہ تصور دشمن کے ساتھ پڑھے دشمن عاجز و مقہور ہوگا۔

(۱۹) اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ سات دفعہ اور آیۃ الکرسی تین مرتبہ جب ولا یؤدہٗ حفظھُما وھو العلی العظیم پر پہنچے تین مرتبہ دشمن کے ساتھ اسکی تکرار کرے۔ محفوظ رہیگا

(۲۰) اگر کسی وجہ سے دشمن کے روبرو جانے کا اتفاق ہو تو سورۂ مزمل کو ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ دشمن بدی کرنے پر قادر نہ ہوگا۔

باب دوازدہم

ہلاکتِ دشمن

(۱) اگر منظور ہو کہ دشمن ہلاک اور مقہور ہو جائے تو ایک سو ستر کنکریاں لے کر ہر ایک کنکری پر معوذتین یعنی دونوں قل اعوذ کو پڑھے اور ان سنگریزوں کو ایک کوزے میں رکھ کر جلتی آگ میں گاڑ دے مثلاً چولھے یا آوے وغیرہ میں۔ جب ان سنگریزوں کو گرمی پہنچیگی تمام دشمن خدا کے حکم سے مقہور ہونگے۔

(۲) یَاکَافِیَ الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ۔ جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھیگا خداوندِ عالم اس کے دشمن کو ہلاک کرے گا۔

(۳) جو شخص سورہ مجادلہ کو خاک کی مٹھی پر تین مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف ڈالے وہ مقہور ہوگا۔ اگر بیمار پڑھے تو اسکو تسکین ہو۔

(۴) ہلاکت دشمن کے واسطے درمیان مغرب وعشاء کے چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں الحمد ایک مرتبہ الم ترکیف بارہ مرتبہ جب نماز سے فارغ ہو جائے بقصد بربادی دشمن کے ستر مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ اگر ایک ہفتہ تک بلاناغہ عمل میں لائے تو دشمن تباہ وبرباد ہو جائے۔

(۵) بقصد ہلاکت دشمن کے ستر مرتبہ سورہ فیل کو معہ بسم اللہ اور سورہ قریش کو بغیر بسم اللہ ملا کر پڑھے۔

(۶) جو شخص اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا کو اتوار کے دن اکتالیس دفعہ پڑھ کر ایک کاغذ پر دشمن کا نام لکھے اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دے تو دشمن تباہ و برباد ہو جائیگا۔

(۷) دشمن کی بربادی کے لئے کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۝ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ کو بارہ بارہ دفعہ بارہ کنکریوں پر پڑھ کر دم کرے اور دشمن کی دیوار پر مارے بارہ دن تک متواتر یہی عمل کرنا چاہیئے۔

(۸) اگر چاہے کہ دشمن بیمار ہو جائے یا مر جائے تو تین روز تک کسی قبر کی پائنتی کے قریب بیٹھکر ایک ہزار بار اللہ الصمد پڑھا کرے۔

(۹) کسی پرانی قبر سے تھوڑی سی خاک لے کر اسپر سات بار سورۂ مزمل شریف دم کر کے اس خاک کو دشمن کے گھر میں ڈالدے انشاء اللہ وہ گھر ویران ہو جائیگا۔

(۱۰) دشمن کی تباہی و ہلاکت کے واسطے اَلْمُذِلُّ سوا لاکھ مرتبہ ایک ہفتہ میں آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھیں اور اس شخص کی طرف پھونکیں یقین ہے کہ ایک ہفتہ میں دشمن تباہ ہو جائیگا۔ اگر تباہ نہ ہو تو دوسرے ہفتہ میں بھی ایسا کریں۔ خدا کے حکم سے دشمن برباد ہو جائیگا۔

باب سیزدہم

حصولِ شفا

(۱) مرض تپ سے صحت کے واسطے اَلْمَنَّانُ غَفُوْرُ کو تین پرچے کاغذ پر مریض کو لکھوانا چاہئے شفا ہوگی۔

(۲) درد کمر واسطے دیوار یا زمین پر چاقو کی نوک سے یا کسی ایسی اور چیز سے نقش کر کے پہلے خانے میں چاقو کی نوک رکھ کر درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ لے اور ایک مرتبہ سورۂ حمد اور سورۂ قل ہو اللہ پڑھے اگر رفع ہو گیا فہو المراد ورنہ اس خانے سے چاقو اٹھا کر دوسرے خانہ میں رکھے اور اسی طرح کرے چوتھے خانہ تک کسی خانہ میں شفا ہوگی۔

۱	ص	۴	اللہ

(۳) درد سر کے واسطے ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر بیمار اپنے تھوک سے اپنے ماتھے پر چپکالے فی الفور درد سر رفع ہو جائیگا۔ بشرطیکہ رکھنے والا پاک ہو۔ بہت دفعہ تجربہ ہوا ہے۔ حروف یہ ہیں۔ ا ح الگ لھ ح ع خ اص ح غ ع ح ع ح ا م ح۔

(۴) تپ ولرزہ کے واسطے تین پرچوں پر اس شکل کو لکھ کر ہر روز ایک پرچہ کو باری کے وقت سے پہلے مریض کے دامن کے نیچے دھونی دیں۔

شکل اس کی یہ ہے۔

(۵) وضع حمل کے لئے اس نقش کو کوری تین ٹھیکریوں پر جن کو پانی نہ لگا ہو

لکھکر ایک کو حاملہ کے داہنے پاؤں کے نیچے اور ایک کو بائیں پاؤں کے نیچے رکھوا کر زور دے کہ وہ ٹھیکریاں ٹوٹ جائیں اور ایک ٹھیکری اس کے سامنے رکھدیں کہ اسکو حاملہ دیکھتی رہے۔ وضع حمل آسانی سے ہوگا۔ پھر ان ٹھیکریوں کو کنوئیں یا دریا میں ڈالدیں۔ نقش یہ ہے۔

	۹	
۴		۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

(۶) آسانی وضع حمل کے لئے کسی پاکیزہ برتن پر لکھ کر پاک پانی سے دہوکر حاملہ کو پلادیں اسیوقت وضع حمل ہوجائیگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ کَاَنَّہُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَۃً مِّنْ نَّہَارٍ۔

(۷) تپ ولرزہ کے لئے یَامُحِیْطُ ایک پاک ٹھیکری پر لکھ کر مریض کے بائیں بازو پر باندھے باری کے بخار کو خواہ تیسرے دن آتا ہو یا چوتھے دن بہت مفید ہے

(۸) باری کے بخار کے لئے مریض کو رو بقبلہ لٹا کر ۱۰۱ دفعہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ بخار جاتا رہیگا صحت کے بعد اپنی حیثیت کے موافق ایک یا ایک سے زیادہ مسکینوں کو کھانا کھلانا ضروری ہے۔

(۹) یَابَدِیْعَ الْبَدَآئِعِ وَمُعِیْدَ ھَابَعْدَ فَنَآئِہَا بِالْقُدْرَتِہٖ۔ جو شخص اس کو چالیس مرتبہ پڑھے خدا اسکو شفا دیگا اگر خوف قاتل ہوگا تو سلامت رہیگا بلند آواز سے پڑھنا چاہیئے۔

(۱۰) جو شخص سورہ مجادلہ کو تین بار بیمار پر پڑھے وہ بیمار تسکین پائے۔

(۱۱) جو شخص یَاشَافِی کو کسی مریض پر ۳۵۱ مرتبہ پڑھے البتہ مریض صحت پائے اور اس کی مداومت شفائے امراض ظاہری و باطنی کے دور ہونے کا باعث ہے۔

(۱۲) اگر مریض کو یہ آیت لکھ کر اور دھو کر پلائیں تو خدا کے فضل سے صحت ہو۔ انا نحن نحی الموتیٰ ونکتب ماقدموا وآثارہم وکل شیءٍ احصینٰہ فی امام مبین۔

(۱۳) ایک چینی کی رکابی پہ گلاب و زعفران یا پاک سیاہی سے سورہ فاتحہ تحریر کرے اور آخر میں یہ اسم لکھے یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہٖ یا حی۔ پھر اس رکابی کو پاک پانی سے دھو کر مریض کو پلائے تا حصول شفا بلا ناغہ یہ عمل کرے

(۱۴) تین روز تک ہزار بار اللہ الصمد پڑھ کر مریض پر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بیماری دور ہوگی۔

(۱۵) ہر قسم کے درد کے لئے آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھ کر مریض پر روزانہ تا صحت دم کر دیا جائے اور چینی کی پلیٹ پر آیت الکرسی کو لکھ کر روزانہ اس کا پانی پلایا جائے ہر قسم کا درد انشاء اللہ جاتا رہیگا۔

(۱۶) اللہ اللہ ننانوے دفعہ کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کے پانی کے برتن میں ڈالدے ہر قسم کے درد سے انشاء اللہ نجات ہوگی۔

(۱۷) بسم اللہ الرحمٰن یا شافی یا کافی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا محیط یا وسیع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حی یا دائم گیارہ بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر جس کی کمر میں درد ہو اس پر دم کرے انشاء اللہ بہت جلد درد جاتا رہیگا۔

باب چہارم

اولاد نرینہ

(۱) منگل کے دن آفتاب نکلنے کے بعد دس رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھے، ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے اور اولاد کی دعا مانگے انشاءاللہ دعا مستجاب ہوگی۔

(۲) سورہ مزمل اکیس دفعہ درود شریف اوّل وآخر ایک ایک دفعہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کرکے جس عورت کو کھلایا جائے انشاءاللہ وہ حاملہ ہوگی۔

(۳) دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص اور معوذتین گیارہ گیارہ بار پڑھے نماز پڑھنے کے بعد اولاد پیدا ہونے کی دعا مانگے انشاءاللہ مستجاب ہوگی۔

(۴) نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح اوّل وآخر ایک ایک دفعہ درود شریف سورۃ الحمد معہ بسم اللہ وآمین ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کرکے زن وشوہر کو کھلائے انشاءاللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

(۵) اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا اس آیت کو سات روز تک رکابی پر لکھ کر اپنے پانی کے برتن میں ڈال دے، سات روز تک اس عمل کو کیا جائے انشاءاللہ عورت کا مرض زائل ہوگا اور صاحب اولاد ہوگی۔

(۶) اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو آیت اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا کو چاند کے ابتدائی ہفتے میں سات یوم تک روزانہ لکھ کر پانی میں

گھولدے اور زن عقیمہ یعنی بانجھ عورت کو پلائے انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

(۷) وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ اس آیت کو ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ اسی مہینے میں حاملہ ہو جائے گی۔

(۸) اگر کسی کے ہاں متواتر لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ خواہشمند ہو کہ اللہ پاک اسکو فرزند نرینہ مرحمت فرمائے اسکو چاہیے کہ جب حمل پر تین ماہ گذر یں ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے اس دعا کو لکھ کر عورت کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ فرزند پیدا ہوگا وہ دعا یہ ہے۔ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ نِ اسْمُهٗ یَحْیٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا بِحَقِّ یَحْیٰى وَبِحَقِّ مَرْیَمَ وَعِیْسٰى نَعْقِدُنَا اِبْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمْرِ بِحَقِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ۔

(۹) اگر کسی کے گھر لڑکی پیدا ہوتی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ لڑکا پیدا ہو تو وہ حمل کے پہلے یا دوسرے یا تیسرے مہینے اس آیت کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ قَالُوْا كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ۔

باب پانزدہم

متفرقات

گمشدہ کیلئے

(۱) گمشدہ شے کے ملنے کے واسطے یا جو شخص فرار ہو جائے اسکے واپس ہونے کے لئے یا پوشیدہ باتوں کے ظاہر ہونے کے لئے یا غائب کے آنے کو ساعت مناسب میں شرائط کے ساتھ خلوت میں تین مرتبہ پڑھے اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ ذٰلِکَ فِیْ کِتٰبٍ ط اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ۔

محبت سے دل ہٹانے کیلئے

(۱) محبت سے دل ہٹانے کے لئے مشک زعفران سے کسی پیالہ کو لکھ کر شب جمعہ میں زیر آسمان رکھ دے اور نہار منہ صبح کو اُٹھ کر دھو کر پے عشق جاتا رہیگا۔ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰہُ قُلُوْبَہُمْ بِاَنَّہُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَہُوْنَ۔

(۲) محبت سے دل ہٹانے کے واسطے ہتھیلی پر لکھ کر نہار منہ چاٹ لیوے محبت جاتی رہیگی ذرا کو ہیں نطیمو ہیں۔

رفع شدائد کے لئے

(۱) واسطے دفع شدائد کے لئے اپنے نام کے موافق آیہ مبارکہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ کی مداومت کرے البتہ کشائش حاصل ہو اور مراد جلد بر آئے۔

عداوت کے لئے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَہُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ۔ ایک ہڈی پر لکھ کر

پُرانی قبر میں دفن کر دے دو شخصوں کی آپس میں لڑائی ہو جائے گی دفن کرتے وقت یہ بھی کہنا چاہیئے کہ یا اللہ بحق عزرائیل علیہ السلام فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں عداوت ہو جائے۔

نصیبے کی یاوری کے لئے

ماہ ربیع الاوّل میں ہر پنجشنبہ کو اللہ ناصرُ اللہ حافظُ اکیس مرتبہ۔ اللہ الصمد سو مرتبہ درود شریف اوّل و آخر تین مرتبہ پڑھ کر شگفتہ گلاب کے پھول پر دم کرے اور اُسے سونگھتا رہے جب سُوکھ جائے اُسے کھالے انشاء اللہ نصیبہ کھُل جائیگا۔

(۲) اللہُ الصمدُ تین ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تین ماہ تک روزانہ پڑھنے سے قسمت غلام ہو جاتی ہے اِس عمل کو دوشنبہ سے بعد نماز صبح کے شروع کرے اور اتوار کے دن بعد نماز صبح پڑھ کر ختم کرے۔

(۳) اِس نقش کو زعفران سے لکھ کر ٹوپی میں سی لینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نصیبہ کھُل جائے گا۔ بدقسمتی کی شکایت جاتی رہے گی۔

یا محیطا — ۷۸۶ — یا اللہ

۴۰۰	۴۰۳	۴۰۶	۳۹۳
۴۰۵	۳۹۴	۳۹۹	۴۰۴
۲۹۵	۴۰۸	۴۰۱	۳۹۸
۴۰۲	۳۹۷	۳۹۶	۴۰۷

بحق یا میکائیل — بحق یا جبرئیل

قرض کی ادائیگی کیلئے

سورۂ مزمل کو چالیس مرتبہ بہ نیت ادائے قرض روزانہ چالیس دن تک بعد نماز صبح متواتر پڑھنا چاہیئے انشاء اللہ قرض بہت جلد ادا ہو جائے گا۔

(۲) قرض کی ادائیگی کے واسطے گیارہ مرتبہ درود شریف پھر سورۂ یٰسین تین دفعہ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا مانگے خداوند عالم اپنی رحمت کاملہ سے دعا مستجاب فرمائیگا۔

(۳) گیارہ مرتبہ درود گیارہ مرتبہ آیت الکرسی تین مرتبہ وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ادائے قرض کے لیے دربار الٰہی میں عاجزی کے ساتھ دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہو گی۔

(۴) درود شریف تین مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ تین مرتبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ تین مرتبہ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ تین مرتبہ یا ذالجلال والاکرام تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدے میں جائے اور ادائے قرض کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ قرض بہت جلد ادا ہوگا۔

بچوں کی حفاظت کے لئے

سورۂ یٰسین ایک باریک کاغذ پر لکھ کر بچہ کے سرہانے آویزاں کر دے اور قرآن شریف کی ہوا دے انشاء اللہ بچہ دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رہیگا اور عمر طبعی حاصل کرے گا۔

(۲) نادعلی کی تختی بنوا کر گلے میں ڈالدے انشاء اللہ بچہ محفوظ رہیگا۔

بچوں کی بیماریوں کے لئے

بچوں کو ایک مرض بہت ...ب میں وہ سوکھ کر کانٹا ...ش اس مرض کے دور کرنے کے لئے ... بازو پر باندھنا چاہیے۔

یا سلام	یا حفیظ	یا مومن	یا شافی
۱۴۰	۴۵۱	۱۴۳	۱۵۵۸
۵۵	۱۳۷	۱۵۱۱	۱۲۲
۵۱۵	۱۴ع	۳۹۹	۱۴۶

(۱) ایک بالشت آٹھ انگل کا تنکا لاکر سر سے لے کر پیر تک بچہ کو جھاڑے اور سورۂ ناس سات دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے یہ عمل تین یوم تک کیا جائے بچے کے سوکھے کا مرض اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے مجرب ہے۔

(۲) قل ہو اللہ شریف تین مرتبہ رَبِّ إِنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ۔ ۳۶۰ دفعہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر بچہ پر دم

کر دیا جائے انشاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہیگا اور کوئی بیماری نہ ستائے گی۔

نامردی کے لیئے جس شخص کی قوتِ رجولیت کم ہوگئی ہو وہ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا کو روزانہ رات کے وقت ایک ہزار دفعہ پڑھے ایک ہفتہ نہ گذرے گا کہ قدرتِ الٰہی کا ظہور ہوگا اور مریض مرض سے نجات پائیگا۔

ذہن کی ترقی کے لئے جس شخص کو کند ذہنی کی شکایت ہو اسکو چاہیے کہ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا کو ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھا کرے ذہن کھل جائیگا اور علم حاصل ہوگا۔

حفاظت جان و مال کیلئے اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِيْظٌ مال کی حفاظت اور دشمنوں کے مکر و فریب سے محفوظ رہنے کے لئے ۳۶۰ دفعہ روزانہ بعد نماز عشا پڑھنا چاہیے۔

چور کا حال معلوم کرنے کیلئے وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھنا چاہیئے خواب میں چور کی صورت نظر آئے گی۔ اس تصور کے ساتھ پڑھنا چاہیئے کہ چور نے میرے قدموں پر سر رکھدیا۔

دشمن کی زباں بندی کے لیئے گیارہ مرتبہ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا پڑھ کر دشمن کے مکان کی طرف دم کردے اور دل میں یہ تصور کرے کہ دشمن بولنے کی کوشش کرتا ہے مگر بول نہیں سکتا پھر گیارہ دفعہ پڑھے اور دشمن کے مکان کی طرف دم کردے اور پھر وہی تصور کرے پھر تیسری دفعہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور دشمن کے مکان کی طرف دم کرے دشمن اگر اس کے خلاف بولنا چاہیگا تو نہ بول سکیگا۔ یہ عمل منگل کے دن کرنا چاہیے۔

سال بھر آفتوں سے محفوظ رہنے کے لئے جو شخص چاند دیکھ کر تین دفعہ سورہ ملک

پڑھ کر دعا مانگے گا وہ تمام آفات سے محفوظ رہیگا۔

مال میں برکت حاصل ہونے کیلئے جمعہ کی نماز سے قبل نہایت ذوق کے ساتھ جو شخص سورہ کہف کی تلاوت کریگا خداوند عالم اس کے مال وزر میں برکت اور عزت وآبرو میں ترقی مرحمت فرمائیگا اوّل وآخر تین مرتبہ درود بھی پڑھنا چاہیے۔

دردزہ کی آسانی کیلئے جس عورت کو دردزہ میں تکلیف ہوتی ہو ایک کاغذ پر وَاُلقِیَتْ مَافِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ احیاطا لکھ کر ایک پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کے بائیں بازو میں باندھ دے انشاءاللہ دردزہ کی تکلیف جاتی رہیگی اور بچہ صحیح وسالم ہوگا۔

دو آدمیوں میں جدائی کیلئے (۱) صبح کی نماز کے بعد کسی پرانی قبر کی مٹھی بھر خاک لے کر اس پر اکیس مرتبہ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۝ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۝ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَهُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ پڑھ کر ان دونوں کے مکان کے گوشوں میں ڈالدی جائے۔ بہت جلد دونوں میں جدائی واقع ہوگی۔

(۲) اُڑد کے آٹے کی روٹی پکا کر روغن سے چرب کرکے اس کے اوپر اسم بار سورہ مزمل بہ نیت عداوت تلاوت کرے اور اس روٹی کو کتے کے آگے ڈالدے اور جن دو شخصوں میں جدائی ڈالنی منظور ہو ان کا نام زبان پر لائے۔

بیوی کی اطاعت کے لئے اگر کسی کی عورت اس سے محبت نہ رکھتی ہو اور ہر وقت لڑائی رہتی ہو تو مرد کو چاہیے کہ اس نقش کو اپنے پاس رکھے عورت ہمیشہ مطیع رہے گی۔ نقش صفحہ آئندہ پر ملاحظہ ہو۔

نقش محولہ صفحہ ۵۱

۷۸۶

۳۱۶۴۷۰	۳۱۶۴۸۴	۳۱۶۴۸۱	۳۱۶۴۷۸
۳۱۶۴۸۲	۳۱۶۴۷۷	۳۱۶۴۷۱	۳۱۶۴۸۳
۳۱۶۴۷۶	۳۱۶۴۷۹	۳۱۶۴۸۶	۳۱۶۴۷۲
۳۱۶۴۸۵	۳۱۶۴۷۳	۳۱۶۴۷۵	۳۱۶۴۸۰

شوہر کے مطیع کرنے کیلئے

ان آیتوں کو قند و مصری یا گلاب پر دم کریں اور اس عورت کو دیں جس کا شوہر اس سے بیزار ہو اور اس سے محبت نہ کرتا ہو اور وہ عورت اپنے شوہر کو پلائے یا ان آیتوں کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے شوہر فرمانبردار ہوگا۔ ان اصحاب الجنۃ الیوم (فاکہون تک) وازواجہم (متکون تک) لہم فیہا فاکھۃ (یدعون تک)

بحالی منصب کے لئے

اگر عہدہ کم کر دیا گیا ہو تو وہ تو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور دن کو سورہ یوسف ایک مرتبہ پڑھے اور رات کو سوتے وقت ایک مرتبہ سورہ یوسف اور سو بار لا الہ الا اللہ سو بار اللہ اکبر سو بار الحمد سو بار سبحان اللہ سو بار استغفار سو بار قال الملک آتونی سے المحسنین تک (یہ آیت سورہ یوسف میں ہے) تا کامیابی بلاناغہ پڑھے۔

ایام ماہواری کی باقاعدگی کیلئے

اگر کسی عورت کا خون حیض بند نہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر دھاگے سے کمر میں باندھیں انشاء اللہ خون بند ہو جائے گا۔

۲۷۲	۲۶۵	۲۷۰
۲۶۷	۲۶۹	۲۷۱
۲۶۸	۲۷۳	۲۶۶

درد کمر کے لئے

جس شخص کی کمر میں درد ہو اس پر سورہ مزمل دس بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

ہر قسم کے درد کیلئے سرسوں یا تِل کے تیل پر اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل معہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر دم کرے اور بدن میں جس جگہ درد ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے انشاء اللہ آرام ہوگا۔

قیام حمل کے لئے حمل ٹھہرانے کے لئے یہ آیت لکھ کر باندھنے کے لئے دیں انشاء اللہ حمل قائم رہیگا۔ آیت یہ ہے۔ یاحفیظ یامالک یامالکُ ذوالجلال والاکرام فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔

استقرار حمل کیلئے اگر آیت ذیل کاغذ کے چالیس پرزوں پر لکھیں اور اس عورت کو جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اور ہر روز ایک پرزہ دھو کر پلائیں انشاء اللہ حاملہ ہو اور اگر لکھ کر شکم پر باندھیں تو حمل ساقط نہ ہو۔ سبحان الذی خلق الازواج کلّھا (لا یعلمون تک)

(۲) قیام حمل کے لئے چاہیئے کہ یارقیب۔ یاوکیل۔ یا اللہ کچے دھاگے پر پڑھ کر گرہ دیں اور پاکیزہ تازہ پانی پر دم کر کے عورت کو پلائیں اور اس گنڈے کو کمر میں باندھیں انشاء اللہ حمل قائم رہیگا۔

(۳) اگر کسی عورت کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر ایک سو گیارہ بار سورۂ الحمد کو معہ بسم اللہ و آمین کے پانی پر پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا دونوں میاں بیوی کو پلائے۔ ہر جمعرات کو اور سات جمعراتوں تک یہ عمل کرتا رہے۔

دودھ کی زیادتی کے لئے اگر زمانہ شیر خواری میں عورت کے پاس دودھ کم ہو تو اس آیت کو لکھ کر عورت کے گلے میں باندھیں اس طرح پر کہ تعویذ پستان پر رہے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوگا وہ آیت یہ ہے اللہ یعلمُ ما تحمل کلُّ انثیٰ وما تغیض الارحام وما تزداد وکل شئی عندہٗ بمقدار

عالم الغیب والشہادۃ الکبیر المتعال برحمتک یا ارحم الراحمین۔

حافظہ کے لئے

(۱) مزمل شریف پانی پر دم کر کے ہر روز پی لیا کرے چند روز میں انشاء اللہ حافظہ درست ہو جائیگا۔

(۲) سات دن تک سورہ فاتحہ کو روزانہ باوضو ستر مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے وہ پانی پی لے حافظہ میں ترقی ہو گی۔

(۳) اگر نقش مندرجہ ذیل کو تحریر کر کے چیچک والے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ صحت ہو گی۔ اگر چیچک نکلنے سے پہلے ڈالینگے تو چیچک نہیں نکلیگی اگر نکلی بھی تو بہت کم۔ مجرب ہے

الحمدللہ	علیہم	صرالذین	وایاک نستعین
انعمت علیہم	ایاک نعبد	رب العالمین	غیر المغضوب
یوم الدین	اھدنا	امین یا اللہ	الرحمٰن
ولاالضالین	الرحیم	مٰلکِ	الصراط المستقیم

بواسیر کیلئے

(۱) بواسیر بادی وخونی کے واسطے جو شخص چاندی کے تعویذ پر کندہ کر کے پہنے گا اللہ اسے اس مرض سے محفوظ رکھیگا۔ اگر چاندی میسر نہ ہو تو چاندی کے تاروں میں لپیٹ کر پہن لیں۔ مجرب ہے۔

۵۸۶

۱۹۶	۱۹۱	۱۹۸
۱۹۷	۱۹۵	۱۹۳
۱۹۲	۱۹۹	۱۹۴

(۲) یہ نقش بھی بواسیر کے لئے مجرب ہے اسکو بھی چاندی پر کندہ کر کے یا چاندی کے تاروں پر لپیٹ کر اپنے پاس رکھے خداوند عالم اُسے بواسیر سے محفوظ رکھیگا۔

۱۳۳۱	۱۳۴۵	۱۳۴۲	۱۳۳۸
۱۳۴۳	۱۳۳۷	۱۳۳۲	۱۳۴۴
۱۳۳۶	۱۳۴۰	۱۳۴۷	۱۳۳۳
۱۳۴۶	۱۳۳۴	۱۳۳۵	۱۳۴۱

(۳) یہ نقش بھی بواسیر کے واسطے بہت مفید ہے جو شخص اپنے پاس رکھے گا

خدا کے فضل سے صحت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۱۲	۱۵	۱۸	۵
۱۷	۶	۱۱	۱۶
۷	۲۰	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۹

طاعون سے محفوظ رہنے کیلئے

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ اسکو وبا و بیماری طاعون سے محفوظ رکھیگا۔ نیز اگر ان امراض کے مریض کو لکھ کر آب تازہ میں دھو کر پلائیں مریض شفا پائے

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

زیادتی دودھ کیلئے

(۱) اگر دودھ کم ہوتا ہوا اور بچے کا پیٹ نہ بھرتا ہو تو اس آیت کو لکھ کر عورت کے گلے میں اس طریقے سے ڈالیں۔

کہ تعویذ پستاں پر رہے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوگا۔

اللہ یعلم ما تحمل کل انثی الع تغیض الارحام وما تزداد وکل شی عندہٗ

بمقدار عالم الغیب والشہادۃ الکبیر المتعال برحمتک یا ارحم الراحمین۔

(۲) دودھ کی زیادتی کے لئے تین دن اس نقش کو لکھیں اور دھو کر پلائیں فضل خدا سے دودھ میں زیادتی ہوگی۔

۷۸۶

۱۴۶۷	۱۴۷۱	۱۴۷۴	۱۴۶۰
۱۳۷۳	۱۴۶۱	۱۴۶۶	۱۴۷۲
۱۴۶۲	۱۴۷۶	۱۴۶۹	۱۴۶۵
۱۴۷۰	۱۳۶۴	۱۴۶۳	۱۴۷۵

گریۂ اطفال کیلئے

(۱) بدخوابی اور گریہ اطفال دور کرنے کے واسطے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں پہنائیں۔

۷۸۶

ط	ی	ف	ح
ح	ف	ی	ط
ی	ظ	ح	ف
ف	ح	ظ	ی

۷۸۶

۸	۱۳	۴۴	۷
۳۴	۶۱	۲۴	۱۷
۱۲۳	۷۱	۱۳۴	۱۷
۱۲	۹	۹	۳

لا یرون فیہا شمسا ولا زمہریرا

(۲) اگر کسی کا لڑکا بہت روتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ اس کا رونا موقوف ہوگا۔

چیچک کے لئے

(۱) اگر کسی بچے کو چیچک نکلنے کا خوف ہو اور چیچک کا بخار بھی آگیا ہو تو اسکو چاہئے کہ اس نقش کو تین جگہ لکھ کر ایک بچہ کے سرہانے چارپائی میں باندھیں۔ ایک پلائیں اور ایک بچے کے بازو میں باندھیں۔ انشاء اللہ چیچک نہ نکلے گی اور اگر نکلے گی تو بچے کو نقصان نہ پہنچے گا۔

الحمد للہ رب العالمین	یا رحمٰن	یا رحیم	یا کریم
یا حنّان	یا منّان	یا دیان	یا برھان
یا سلطانٌ	یا حی	یا قیوم	برحمتک
یا ار	حم	الرا	حمین

آنکھوں کی بیماریوں کیلئے

(۱) اوّل دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ دفعہ مع اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد اللہ الصمد ایک سو ایک دفعہ پڑھے اور ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے اور اگر اسکا معمول رکھے تو انشاء اللہ آنکھ کی کل بیماریوں سے محفوظ رہیگا۔

(۲) اوّل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک سو ایک دفعہ اس کے بعد سورہ حمد تین مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ پانچ مرتبہ یا شافی اشفِ۔ یا رحیم ارحم یا بصیر آنکھوں کو اچھا کر دے تین مرتبہ کہکر آنکھوں پر دم کرے۔ اگر اسکا معمول کرے گا تو عمر بھر آنکھوں کی بیماری سے محفوظ رہیگا۔

(۳) اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا اُن میں درد ہو تو سنت اور فرض نماز صبح کے درمیان سورہ فاتحہ کو اس دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے یا پڑھنے کے بعد

کلمہ کی انگلی سے اپنا لعاب دہن آنکھوں میں لگائے، انشاء اللہ بہت جلد آنکھیں تندرست ہونگی۔

درد نیم سری کے لیے

(۱) درد نیم سری دور کرنے کے لیئے اس نقش کو ساعت سعید میں لکھیں اور سر میں باندھیں انشاء اللہ دور ہوگا

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۶۴۴	۱۶۴۷	۱۶۵۶	۱۶۳۷
۱۶۵۱	۱۶۳۸	۱۶۶۳	۱۶۴۸
۱۶۳۹	۱۶۵۴	۱۶۴۵	۱۶۴۲
۱۶۴۶	۱۶۴۱	۱۶۴۰	۱۶۵۲

اسرافیل میکائیل

(۲) اس نقش کو لکھ کر ہر روز تازہ پانی میں دھو کر صبح کو پلائیں درد نیم سری انشاء اللہ دور ہوگا۔ نقش یہ ہے:-

۷۸۶

۲ ب	۲ ع	۲۸	ع ۱
۷ ب	۱۶	۲۱	د ب
۱۷	۳۰	۳ ب	ک
۲۴	۱۹	ح ۱	۲۹

(۳) جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو۔ انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے اسکی دونوں کنپٹیوں کو زور سے دبا کر سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کریں اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سر کا کر بیچ پیشانی پر ملائیں اور سورہ کو ختم کر کے دم کر دیں۔ یہ عمل تین مرتبہ برابر کرنا چاہیئے اور تین یوم تک برابر کرنا چاہیئے۔

کان کے درد کیلئے

اگر گلے یا کان کے نیچے سوجن اور درد ہو تو اس علامت کو پیپل کے پتے پر لکھ کر باندھیں انشاء اللہ سوجن اور درد موقوف ہو جائیگا



(۲) سورہ فاتحہ کو چینی کے پاک ظرف میں لکھ کر اور روغن گل سے دھو کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں انشاء اللہ کان کا درد جاتا رہے گا۔

درد شکم کے لئے درد شکم دور کرنے کے واسطے مجرب ہے، اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس مبارک آیت کو لکھ کر اور دھو کر پلائیں فی الفور درد موقوف ہوگا۔ اللھم انت الباسط وانا المبسوط فمن یدع المبسوط الا الباسط یا اللہ یا اللہ یا اللہ

اختلاج اور درد جگر کے لئے (۱) چینی کی رکابی پر تین مرتبہ آیۃ الکرسی لکھ کر پلایا کرے اور آخر میں یہ الفاظ مع مریض کے نام کے لکھدے نَوبَتُ الشفاءُ مِنَ العِلَّۃِ

(۲) اگر مریض کو درد جگر کی شکایت ہو تو یہ نقش سورہ الم نشرح کا لکھکر اور دھو کر پلائیں، درد جگر اور ہر درد سے انشاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔ اور اگر سورۃ الم نشرح پانی یا پان پر دم کرکے استعمال کریں تو بھی شفا ہوگی۔

۳۹۸	۴۰۱	۴۰۵	۳۹۱
۴۰۴	۳۹۲	۳۹۷	۴۰۲
۳۹۳	۴۰۷	۳۹۹	۳۹۶
۴۰۰	۳۹۵	۳۹۴	۴۰۶

آسانی ولادت کیلئے اسماء اصحاب کہف جو کل سات ہیں لکھ کر بچہ پیدا ہونے کے وقت عورت کی کمر میں باندھیں فی الفور بچہ نہایت آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا اور پھر یہ تعویذ بچے کے گلے میں پہنائیں۔ ہر بلا سے محفوظ رہیگا۔

الھی بحرمت علیخا ملسکمینا شونس اردٹ یونس بوماتس یونس۔

لوع لو	لوع لو	لوع لو
لوع لو	لوع لو	لوع لو
لوع لو	لوع لو	لوع لو

(۲) آسانی ولادت کے لیے عورت کے بائیں پاؤں میں باندھیں اور جب بچہ پیدا ہو جائے کھول کر دریا میں ڈالدیں غفلت نہ کریں۔ نقش یہ ہے

د ۴	ا ۱	ح ۸
د ۴	لا ۵	ج ۳
ب ۲	ط ۹	د ۴

(۳) اگر عورت دروزہ میں گرفتار ہو اور بچہ نہ پیدا ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بائیں ران میں باندھیں فوراً حکم خدا سے بچہ پیدا ہوگا۔ ولادت کے بعد فوراً تعویذ کو کھول ڈالنا چاہیے۔

(۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ وَمَوْتِ الْفُجَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ہ

یہ دعا روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور کاغذ پر لکھ کر گھر کے دروازہ پر چپاں کر دے انشاء اللہ طاعون اور تمام وبائی امراض سے حفاظت رہےگی

(۲) طاعون اور اس قسم کی جملہ بلاؤں سے حفاظت کے لیے۔ ایک کاغذ پر الھی بحرمۃ یملیخا، یکسلمینا، شلینا، برتوش، دبرتوش، شہرتوش یشعط۔ یونس وَاِسْمُ کَلْبِھِمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَ مِنْھَاجًا۔ لکھ کر گھر میں نمایاں جگہ پر یا دروازہ پر چپاں کر دینا چاہیے۔

باب شانزدہم

فضائل و اسناد سورہ یٰسین شریف

اس سورہ مبارکہ کے بہت سے فوائد اور اسناد ہیں جو یہاں پر کل درج نہیں ہو سکتے مختصر درج کیے جاتے ہیں۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر چیز کا دل ہوتا ہے ایسا ہی قرآن شریف کا دل سورہ یٰسین ہے جو ایکبار سورہ یٰسین پڑھتا ہے خداوند عالم دس قرآن شریف کا ثواب اس کو دیتا ہے، جو شخص صبح کو پڑھتا ہے فراخی اور آسانی دی جاتی ہے اور مغفرت حاصل ہوتی ہے۔ جو شخص رات کو پڑھے اور مر جائے تو شہید ہوگا۔ اگر بھوکا پڑھے تو سیر ہو اگر راہ بھول جائے اور پڑھے تو راہ پاوے۔ جو میت کے قریب پڑھے تو میت کے گناہوں میں تخفیف ہو۔ اگر ولادت کے وقت پڑھے تو وضع حمل آسانی سے ہو۔ جس قبرستان میں سورہ یٰسین پڑھی جائے چالیس دن تک وہاں مردوں کو عذاب نہیں ہوتا اور پڑھنے والے کو بہت ثواب ہوتا ہے۔ جو شخص سوتے وقت سورہ یٰسین پڑھے خداوند عالم ہزار فرشتوں کو اس پر معمور کرتا ہے تاکہ وہ شخص شر شیطان اور ہر بلا سے محفوظ رہے۔ جو شخص ایک بار سورہ یٰسین پڑھتا ہے اس کو بیس دینار کے تصدق کرنے کا ثواب ملتا ہے اور اس کے نامہ اعمال میں حج کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ جو شخص اس کا ورد رکھے وہ جمیع آفات سے محفوظ رہے، خزانہ غیب سے رزق پائے، غرض کہاں تک

اس سورہ کے فضائل بیان کیئے جائیں کہ یہ کل کتاب اس کے واسطے مختصر ہے خداوند عالم سب مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ اس کا ورد رکھیں۔

اعمال سورہ یٰسین شریف

برائے حاجات

(۱) باوضو سورہ یٰسین کو کاغذ پر لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے بعدہٗ اس کو موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیوے انشاء اللہ ہر حاجت روا ہوگی۔

(۲) تھوڑی سی شکر پر اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور بیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور وہ شکر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالدیا کرے انشاء اللہ چند یوم میں حاجت روا ہوگی۔

(۳) اوّل گیارہ مرتبہ درود پڑھ کر سورہ یٰسین شروع کرے جب سلامٌ قولاً من ربٍّ رّحیم پر پہنچے تو اس آیت کو ایک ہزار ایک سو اناسی مرتبہ پڑھ کر سورہ کو تمام کرے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ بہت جلد حاجت روا ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو عمل پڑھے جائے۔

(۴) اگر کسی شخص کی کوئی حاجت ہو اور وہ پوری نہ ہوتی ہو تو اسکو چاہیئے کہ ہفتہ کے دن سے پانچ مرتبہ روزانہ سورہ یٰسین پڑھنا شروع کرے اور جمعرات تک پڑھے۔ جمعہ کے دن گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد سورہ بقرایکمرتبہ پڑھے اور دعا مانگے انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

(۵) شب جمعہ میں بعد نماز عشا دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے، نماز کے بعد فوراً سورہ یٰسین شروع کردے جب پڑھ چکے تو سجدہ میں جاکر نہایت عاجزی سے دعا کرے خداوند عالم اسکی حاجت کو پورا کرے گا۔

(۶) اکتالیس دن سورہ یٰسین پڑھے مگر ہر مبین پر سورہ فاتحہ کو ایاک نعبد و ایاک نستعین تک پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورہ اذا جاء پڑھے اور سورۂ فاتحہ کو تمام کرے۔ اس کے بعد سورہ یٰسین کو الٹے یعنی ہر مرتبہ لمبین در مبین الٹا ہوا پڑھے۔ صرف ایکمرتبہ سورہ یٰسین پڑھنی چاہئے۔ اگر ہمت کرکے سات مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے اور کبھی ناغہ نہ کرے تو چند چلوں میں خدا کے فضل سے صاحب کشف ہوگا۔

(۷) اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو اور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اسکو چاہیئے کہ ہر ماہ کی ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ تاریخ کو روزہ رکھے اور آدھی رات کو غسل کرکے نماز تہجد ادا کرے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ یٰسین پڑھے جب سلامٌ قولاً من رب رحیم پر پہنچے تو اس کو ۴۴ مرتبہ پڑھ کر سورہ تمام کرے اور دعا کرے انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

(۸) اگر کوئی شخص کسی مشکل میں گرفتار ہو تو اس کو چاہئے کہ گیارہ مرتبہ درود پڑھے اور چار مرتبہ سورۂ یٰسین اس طریقے سے پڑھے کہ درمیان میں توقف نہ ہو اس کے بعد چار مرتبہ یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُونٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُونٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَهُ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّونِ سُبْحَانَ مَنْ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ يَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ چار بار تکرار کرکے بعدہ فَرِّجْ عَنِّي هَمِّي وَغَمِّي فَرَجًا عَاجِلًا

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ پڑھ کر طلب حاجت کرے۔

(۹) ترک حیوانات کرکر نوچندی جمعرات کو بعد نماز مغرب اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورۂ یٰسین پڑھے، دوسرے دن بعد نماز مغرب کے دو مرتبہ۔ تیسرے دن تین مرتبہ اسی طرح روزانہ ایک مرتبہ بڑھایا جائے جب چالیس دن ہو جائیں تو اکتالیسویں دن سے ایکمرتبہ روزانہ کم کرتا جائے جب روز ایک پر آجائے تو ہمیشہ ایکمرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اندر چلّہ کے مراد بر آئیگی۔

(۱۰) بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد سورہ یٰسین اکتالیس مرتبہ پڑھے اور خدا سے حاجت طلب کرے انشاء اللہ بہت جلد حاجت بر آئیگی

(۱۱) جب کوئی مشکل پیش آئے تو ایک آدمی یا تین آدمی مل کر لب دریا معہ اول و آخر درود شریف کے ۶۱ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھیں، اگر دریا نہ ہو تو کسی برتن میں پانی رکھ کر اس کو سامنے رکھ لیں انشاء اللہ مشکل حل ہوگی۔

(۱۲) اگر سو مرتبہ سورہ یٰسین ایک جلسہ میں چند آدمی مل کر پڑھیں تو انشاء اللہ حاجت روا ہوگی۔

(۱۳) اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ۳۵ بارہ سورہ یٰس شریف پڑھے اور ہر مبین پر تین بار یہ دعا پڑھا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اندر چلّہ کے دعا قبول ہوگی دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ رِزْقًا طَیِّبًا لَا کَدًّا وَّاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِلَا رَدٍّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَضِیْحَتَیْنِ الْفَقْرِ وَالدَّیْنِ وَمِنْ شَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ سُبْحَانَ النَّفِسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ بِکُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ

لِکُلِّ مُتَنَوِّنٍ سُبْحَانَ مُجْرِیْ الْمَاءِ فِی الْبِحَارِ وَالْعُیُوْنِ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَہٗ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ وَاِذَا قَضٰی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ سُبْحَانَ الَّذِیْ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَہٗ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ۔

(۱۴) ہر مہم کے واسطے اول و آخر درود شریف اور درمیان میں سات بار سورہ یٰس شریف پڑھے بعد اسکے یا ہر ختم پر سورہ کے ایکبار یہ دعا پڑھے۔ اَیُّھَا الْجَمَاعَۃُ الْمُسَخَّرُوْنَ الْمُطِیْعُوْنَ لِھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الْمُبَارَکَۃِ بِحَقِّ اَنْبِیَاءِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَاَوْلِیَاءِ ہٖ وَبِحَقِّ خَالِقِکُمْ جَعَلُوْ کُلَّ شَیْءٍ سَارِیَۃً وَّقَوْلِیْ مَسْمُوْعًا مَقْبُوْلًا وَّاکْفُوْا فِیْ مُھِمَّاتِیْ وَمُدُّوْنِیْ وَاَعِیْنُوْنِیْ فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا الْکُلِّیَۃِ وَالْجُزْئِیَۃِ بِحَقِّ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ السَّاعَۃَ

برائے حُب

(۱۵) مطلوب کے دلمیں محبت پیدا کرنے کے واسطے اکتالیس دانہ گندم لیکر ہر دانہ پر ایک مرتبہ سورہ لیٰسین پڑھے اور مطلوب کے بدن کا میلا کپڑا لے کر یہ گیہوں اس میں باندھ دے اور اپنے مکان میں ایسے مقام پر جہاں اندھیرا ہو دفن کردے انشاء اللہ مطلوب کے دلمیں محبت پیدا ہوگی،

(۱۶) سات دانے مغز بادام شیریں کے لے کر ہر دانہ پر ایکمرتبہ سورہ لیٰسین پڑھے اور آخر میں طالب اور اسکی ماں اور مطلوب اور اسکی ماں کا نام لیوے اور ان دانوں کو مطلوب کو کھلائے مطلوب دیوانہ ہو کر طالب سے ملیگا۔

(۱۷) نئی روئی لے کر اسپر تیس مرتبہ لیٰسین شریف دم کرے اور اس کی

بتی بنا کر روغن کنجد میں نئے چراغ میں جلا دے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے، انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔ پڑھنے کے بعد طالب داسکی ماں کا نام اور مطلوب اور اسکی ماں کا نام ضرور لیوے۔

(۱۸) چالیس یوم تک بعد نماز پنجگانہ سورہ یٰسین ایک بار ایک ایک دانہ سفید مرچ پر پڑھ کر دم کرکے جلا دے اور مطلوب کا تصور رکھے، انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر مطلوب حاضر ہوگا چاہے کتنی ہی دور ہو، سورہ کے الفاظ مع زیر و زبر وغیرہ صحیح پڑھے۔

(۱۹) سات کیلیں لوہے کی جو چار انگل کی ہو لیکر ہر ایک کیل پر ایکبار سورہ یٰسین شریف پڑھے اور دم کرتا جائے اور ہر دفعہ آخر سورت پر یہ الفاظ کہی سوختم دل و جان فلاں بن فلاں بمحبت فلاں بن فلاں اس کے بعد ان کیلوں کو چولھے میں گاڑ دے اور اسپر آگ رکھدے جب کیل گرم ہوگی اس وقت مطلوب حاضر ہوگا۔

(۲۰) ایک دانہ سیاہ مرچ لے کر ایک دانہ مٹھی کے اندر رکھ کر اس پر ایکبار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرکے آگ میں ڈالدیا کرے، انشاء اللہ چند یوم میں مطلوب حاضر ہوگا۔ یہ عمل بعد نماز صبح کیا جائے۔

(۲۱) نوچندی جمعرات کو اکتالیس کنکریاں کسی چوراہے پر سے اٹھا کر ہر کنکر پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور چولھے میں دفن کرے۔ مطلوب کا تصور رکھے اور نام اپنا اور اپنی ماں کا اور مطلوب اور اس کی ماں کا لیوے کنکریوں کو آگ سے گرم رکھے انشاء اللہ مطلوب فرماں بردار ہوگا۔

(۲۲) بروز پنجشنبہ یا جمعہ اکتالیس کنکریاں چوراہے کی لاکر ہر ایک پر ایکمرتبہ سورہ یٰسین دم کرے اور ان کنکریوں کو ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر سرپوش سے

بند کرکے آگ میں دفن کرے انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر ملیگا، آخر میں چاروں نام بھی لیوے۔

(۲۳) مصری پر سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور وہ مصری مطلوب کو کھلا دے انشاء اللہ مطیع اور فرماں بردار ہوگا۔ چاروں نام بھی پڑھنے کے بعد لیوے۔

(۲۴) سفید مرچ کے اکتالیس دانے لیکر اور ہر دانہ کو مٹھی کے اندر رکھ کر ایک ایک بار سورۂ یٰسین پڑھے اور چاروں نام لیوے پھر اسمیں سے ایک مرچ روزانہ صبح کوئلے کی آگ پر جلا دے، مطلوب کتنی ہی دور ہو گا اس عرصہ میں ضرور حاضر ہو گا۔

(۲۵) نمک پر تیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور قدرے نمک کھانے میں ملا کر مطلوب کو کھلا دے بقیہ نمک آگ میں ڈالدے، انشاء اللہ ایسی محبت ہوگی کہ ایک ساعت جدائی نہ ہوگی۔

(۲۶) ناکتخدا لڑکی سے تھوڑا سا سوت کتوا کر اور اس کے سات تارے کر سورہ یٰسین گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور نام چاروں کا لیوے اور ہر مرتبہ سورہ کے ختم پر گرہ دیتا جائے۔ اس کے بعد اس سوت کو خانہ تاریک میں دفن کردے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

(۲۷) ایک مٹھی کنکریاں لے کر اس پر سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور ان کنکریوں کو کورے آبخورے میں بند کر کے کسی آتش دان کے نزدیک دفن کردے جب گرمی پہونچے گی مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

(۲۸) اتوار کے دن بعد نماز صبح نمک پر پچاس مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور ساتھ ہی یہ کہتا جائے کہ فلاں ابن فلاں کا دل میرے عشق میں بیقرار ہو

ایاک نعبد وایاک نستعین۔ اس کے بعد اس نمک کو کسی خشک کنوئیں میں ڈالدے انشاء اللہ تعالےٰ محبت پیدا ہوگی۔

برائے تونگری

(۲۹) بعد نماز عشا شب جمعہ کو معہ اوّل و آخر درود گیارہ بار دس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر سو رہے چند روز میں انشاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔ پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے۔

(۳۰) اگر کسی کا مال فروخت نہ ہوتا ہو تو سورہ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشا اللہ فروخت ہو گا۔

(۳۱) روزانہ بعد نماز عشا تین بار سورہ یٰسین پڑھا کرے اسکی برکت سے انشاء اللہ بہت جلد مالدار ہو گا۔ یہ وظیفہ دائمی رہنا چاہیے ناغہ نہ ہو۔

دست غیب

(۳۲) بعد نماز عشاء روبقبلہ بیٹھکر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود پڑھے تو یہ دعا پڑھکر روبقبلہ ہو کر سو رہے، انشا اللہ اوّل چلہ میں ورنہ دوسرے یا تیسرے چلہ میں اپنے سرہانے اپنا کافی خرچ [illegible] پا کرے گا۔ لیکن اس کو چند چلوں تک پڑھے گھبرائے نہیں دعا یہ ہے:۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْبَحْرِ فَاَطْلِعْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَھَوِّنْہُ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُہٗ

وَمِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا غَدَقًا سَحًا طَبَقًا مُبَارَكًا فِيْهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ عَلَىَّ فِيْهِ مِنْهُ وَجَعَلَ يَدَىَّ عُلْيَا بِالْاِعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ يَدَىَّ سُفْلٰى بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(۳۳) بعد نماز عشا اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین معہ اول و آخر گیارہ بار درود شریف چالیس یوم تک پڑھے اس کے بعد ہمیشہ پانچ مرتبہ پڑھا کرے، انشاءاللہ ایک ہی چلہ کے اندر دو روپیہ روز ملا کریں گے۔ اوّل اس سورہ کی زکوٰۃ ادا کر دینی چاہیے اس کے بعد شروع کرے۔

برائے ادائے قرض

(۳۴) ادائے قرض کے واسطے چاہیئے کہ دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین اور چاروں قل پڑھے، انشاءاللہ چند یوم میں قرض ادا ہو گا۔ جب تک قرض ادا نہ ہو پڑھا کرے۔

(۳۵) روزانہ تین مرتبہ سورہ یٰسین معہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود کے پڑھا کرے انشاءاللہ بہت جلد قرض ادا ہو گا۔

برائے عدو

(۳۶) آخر مہینے میں ہفتہ کے دن پرانی قبر کی مٹی لاکر اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور اسکو دشمن کے گھر میں ڈالدے، دشمن خانہ خراب ہو گا۔

(۳۷) اکتالیس روز تک متواتر جنگل میں جا کر یا کسی ایسے خالی مکان میں جسکے نزدیک ویران کنواں ہو اور اس کا پانی نہ نکالا جاتا ہو بوقت طلوع آفتاب

وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھ کر ایک کوری اینٹ پر بغیر بسم اللہ کے اکتالیس مرتبہ سورہ یسین پڑھ کر دم کرے اور اس اینٹ کو دشمن کا جنازہ تصور کرے۔ . . . . . . جنازہ کی نماز پڑھے اور اس کو اس ویران کنوئیں میں ڈالدے۔ روزانہ یہی عمل کرے، پڑھتے وقت ہلاکی دشمن کا تصور کرے۔

برائے زبان بندی عدو

(۳۸) نابالغ لڑکی کے ہاتھ کے کتے ہوئے سوت کا ایک ڈورا لے کر اس پر سورہ یٰسین تین مرتبہ پڑھے اور ہر مبین پر گرہ دیتا جائے اور گرہ دیتے وقت اپنی زبان اپنے دانتوں میں دبا لیا کرے اس کے بعد اس سوت کو دروازے کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے دشمن کی بدگوئی سے محفوظ رہیگا۔

(۳۹) بنولے کے چالیس دانے لے کر تین بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور ان کو دشمن کے مکان میں دفن کردے مگر اسکو خبر نہ ہو انشاء اللہ بدگوئی سے محفوظ رہیگا

(۴۰) اگر مرد کے واسطے ہو تو ایک سر بکرے کا اور اگر عورت کے واسطے ہو تو مادہ کا سر لادے اور ایک انگل کی لوہے کی سات کیلیں لاکر ہر کیل پر ایکبار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور نام اس کا اور اسکی ماں کا لے کر کہے کہ زبان بندی ہو اور سات پرزہ کاغذ پر فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ لکھے۔ اب دو پرچہ کاغذ کے لے کر دونوں آنکھوں پر رکھ کر دو کیلیں گاڑ دے پھر دو پرچے لیکر دونوں کلوں میں گاڑ دے، دو پرچے دونوں کانوں پر دو کیلوں سے گاڑ دے اور ایک کاغذ حلق پر مع کیل کے گاڑ دے، اور اس سر کو ایک سفید کپڑے میں لپیٹ کر ایسے کنوئیں میں جسمیں سے پانی نہ کھینچا ہو ڈالدے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بدگوئی سے محفوظ ہو جائیگی۔

برائے جُدائی دُو شخص

(۴۱) ایک مٹی کا آبخورہ لے کر جس کو پانی نہ لگا ہوا سپر اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرتا جائے آخر میں دونوں کے نام معہ اُن کی والدہ کے نام کے لیوے اور آبخورہ پر دم کرے۔ پڑھتے وقت دونوں کی جدائی کا تصور رکھے، پڑھنے کے بعد وہ آبخورہ دونوں کے درمیان ایسے مارے کہ وہ آبخورہ ٹوٹ جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جدائی ہوگی۔

(۴۲) چوراہے کی خاک لاکر ساعت نحس میں سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھکر اسپر دم کرے اور نام دونوں کا لیوے اور ساعت زحل یا مریخ میں ان دونوں کے درمیان ڈالدے یا مکان میں ڈلوادے بیشک جدائی ہوگی۔

(۴۳) گیہوں کے آٹے کا خمیر لے کر اسکی سات گولیاں بنائے اور ہر گولی پر سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے ہر مرتبہ چاروں کا نام لیتا جاوے اور آخر ماہ میں چہار شنبہ کے دن ساعت نحس میں وہ گولیاں کتے کے سامنے ڈالدے اگر مرد کے واسطے ہو تو نر کے سامنے اگر عورت کے واسطے ہو تو مادہ کے سامنے ڈالنی چاہئیں۔ جدائی ہوگی۔

چور کی شناخت کے لیے

(۴۴) ایک سفید کاغذ پر سورہ یٰسین شریف لفظ یبصرون تک لکھے اور سورۃ النسا اور سورہ قل اوحی تمام آخر تک لکھے اور مشک کے اندر لکھ کر ڈالے اور پھونکے مگر پرچہ پر نام لکھا جاوے چور کا جسم انشاء اللہ پھولتا جاویگا۔

(۴۵) ایک آہنی میخ چہار گوشہ لے کر ایک طرف یٰسین والقرآن الحکیم دوسری

طرف ص والقرآن تیسری طرف والقران الحکیم چوتھی طرف حٰمٓ عٓسٓقٓ هٰذا یومُ لا ینطقون ولا یؤذن هم یعتذرون لکھ کر زمین میں گاڑ دیوے اس کے بعد سورہ ملک پڑھے جس پر شبہ ہو اسکو کھڑا کیا جاوے اگر چور ہے تو کھڑا نہ ہوا جائیگا۔

(۴۶) اگر کسی شخص کی کوئی شے چوری جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ کس نے چرائی ہے اسکو چاہیئے کہ علحدہ علحدہ کاغذ کے پرچوں پر مشتبہ اشخاص کے نام لکھے اور مٹی کی کوری بدھنی میں ان سب ناموں کو ڈالدے اور دو آدمی مقابل میں بیٹھکر اس بدھنی کو اپنی انگشت شہادت سے اٹھالیں، ان لوگوں کو باوضو ہونا چاہیئے ایک تیسرا شخص سورہ یٰسین کو پڑھنا شروع کرے اگر بدھنی گھوم گئی تو سمجھ لیا جائے کہ چور ان ناموں میں ہے اور ان ناموں کو نکالکر ایک ایک کرکے ڈالا جائے اور سورہ یٰسین پڑھی جائے جس کے نام پر وہ بدھنی گھوم جائے سمجھ لیجئے کہ وہ چور ہے یہ عمل بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔

برائے حافظہ وتقویت دل

(۴۷) چینی کے ظرف میں سورہ یٰسین مشک وزعفران سے لکھ کر اور دس مرتبہ سورہ مذکور پڑھ کر دم کرکے مینہہ کے پانی سے دھو کر پی لیا کرے انشاءاللہ حافظہ درست ہوگا۔

برائے عفو گناہان

(۴۸) بعد نماز پنجگانہ ایک بار یا دو بار سورہ یٰسین پڑھا کرے خداوند عالم اپنی رحمت کاملہ سے اس کے گناہوں کو عفو فرمائیگا۔

برائے کشادہ کرنے بخت دختر

(۴۹) جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو چاہیئے کہ جمعہ کے دن اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھا کرے انشاء اللہ بہت جلد شادی ہوگی۔

برائے حفظ امن

(۵۰) ساعت نیک میں سورہ یٰسین لکھے اور اسکو موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈال لے انشاء اللہ جملہ بلیات سے محفوظ رہے گا۔

برائے دولت و اقبال

(۵۱) دوشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین ایک مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ بہت جلد اقبال یاور ہو گا اگر ہفتہ میں تینوں دن یہ عمل کرے تو بہت بہتر ہوگا۔

حرام کاری سے باز رہنے کیلئے

(۵۲) پرانی قبر کی مٹی لاکر اور اسپر بارہ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور کسی میوہ دار درخت کے نیچے دفن کردے اور اس کا نام لیوے وہ اپنی حرکت ناشائستہ سے محفوظ رہے گا۔

پانی کی غرقابی سے محفوظ رہنے کیلئے

(۵۳) بعد نماز عشاء ایکبار سورہ یٰسین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وضو کرے

اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے۔ اسکی برکت سے انشاء اللہ پانی میں ڈوب کر اور آگ میں جل کر مرنے سے محفوظ رہے گا۔

حاکم جبّار کے سامنے جانے کیلئے

(۵۴) ایک بار سورہ یٰس پڑھ کر ایکبار یہ دعا پڑھے :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ پڑھ کر اس کے سامنے جائے بفضلہ تعالیٰ مہربان ہوگا۔

برائے تسخیر

(۵۵) سورہ یٰسین مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے بفضلہ سب کی آنکھوں میں مکرم و معظم ہوگا اور ہر بلا سے محفوظ رہیگا۔

جمیع آفات سے محفوظ رہنے کیلئے

(۵۶) اول و آخر درود گیارہ مرتبہ اور سورہ یٰسین تین مرتبہ پڑھے جب سلٰمٌ قولًا من رب رحیم پر پہنچے تین مرتبہ تکرار کرے، چند روز میں انشاءاللہ خوف اور دیگر آفات سے محفوظ رہے گا۔

برائے خواب بندی

(۵۷) ایک کاغذ پر دشمن کی تصویر کھینچے اور سات عدد فولاد کی سوئیاں لا کر ہر سوئی پر تین تین مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اس کے بعد دو سوئیاں دونوں آنکھوں میں اور دو دو دونوں ہاتھوں پر ایک پیٹ میں دو دونوں پاؤں میں گاڑے اور اس تصویر کو جلادے۔ اس کے ساتھ عود و عنبر ضرور جلایا جائے۔

قوت حافظہ کے لئے

(۵۸) سورہ یٰسین کو چینی کے ظرف میں مشک و زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر سات روز تک پلایا جائے انشاءاللہ حافظہ درست ہوگا۔

برائے کشادگی ذہن

(۵۹) شب جمعہ کو چار رکعت نماز پڑھے اور بعد سورہ حمد کے ایک ایک بار سورہ یٰسین پڑھے نماز ختم کر کر دعا کرے انشاءاللہ چند روز کی مداومت میں ذہن کھل جائے گا۔

برائے کشادگی بخت دختر

(۶۰) بعد نماز عشا کے دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد ایک ایک بار سورہ یٰسین پڑھے اور نماز ختم کر کے دعا کرے انشاءاللہ بہت جلد شادی یا نکاح ہو جائیگا۔

برائے عداوت

(۶۱) شب جمعہ کو درخت کہنہ کی خاک یا اینٹ لاکر اسپر سورہ یٰسین بغیر بسم اللہ کے سات مرتبہ پڑھکر دم کرے اور آخر میں ہر دو کا نام لیوے اور اس خاک یا اینٹ کو قبرستان میں پھینک دے۔ جدائی ہوگی۔

برائے امن

(۶۲) جس راستہ میں یا مکان میں آسیب کا خوف ہو تو سورہ یٰسین پڑھکر اپنا حصار کر لیوے اگر راستہ میں بعد حصار پڑھتا ہوا چلا جائے انشاءاللہ ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

برائے چیچک

(۶۳) گیہوں کے اکیس دانوں پر سورہ یٰسین پڑھکر دم کرے جب سلام قولاً من رب رحیم پر پہونچے تو اسکو ۱۴۰۰ مرتبہ پڑھے اور دو دانے بچے کو نگلا دیوے انشاءاللہ چیچک سے محفوظ رہیگا۔

قیدی کی رہائی کیلئے

(۶۴) ایک جلسہ میں پانچ یا سات یا نو آدمی باوضو بیٹھکر سورہ یٰسین ۷۵ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ قیدی کی رہائی ہوگی، درود بھی اول و آخر پڑھنا چاہیئے

برائے دفع احتلام

(۶۵) جس کو احتلام کی شکایت رہتی ہو اسکو چاہیئے کہ سورہ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر سویا کرے انشاءاللہ احتلام سے بچا رہیگا۔

برائے بواسیر خونی وبادی

(۶۶) ماہ کے آخری چہار شنبہ کو ایک چھلہ چاندی کا بنوا کر تھوڑا پانی لے کر اسپر سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور اس چھلہ کو آگ میں گرم کرکے اس پانی میں بجھا دے اور اسی دن داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے انشاء اللہ بواسیر کو آرام ہوگا۔

برائے دفع لقوہ وفالج

(۶۷) اوّل سو مرتبہ درود شریف اس کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل اکتالیس مرتبہ سورہ جمعہ سو مرتبہ درود پڑھ کر گلاب پر دم کرے اور تھوڑا سا مریض کی دوا میں ملا دے بقیہ اس کے بدن پر جہاں جہاں مرض کا اثر ہو ملا جائے۔ سات یوم تک اس طریقہ سے عمل کیا جائے انشاء اللہ آرام ہوگا۔

برائے وبا

(۶۸) سورہ یٰسین پڑھے جب سلٰمٌ قولًا من رب رحیم پر پہنچے تو اس آیت کو ۰۰ ۴ مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ اس پانی کو تھوڑا تھوڑا سا سب کو پلائے انشاء اللہ وبا سے امن میں رہے گا۔

برائے بخار ہر قسم

(۶۹) سوت کے سات تارے کر ایکمرتبہ سورہ یٰسین مع اول و آخر سات مرتبہ درود پڑھے جب مبین پر پہنچے سوت پر دم کرے اور گرہ لگا دے اسی طریقہ سے سات مبین پر سات گرہ لگائے اس کے بعد یہ گنڈا بخار والے مریض کے داہنے ہاتھ میں یا گلے میں موم جامہ کرکے ڈالدے انشاءاللہ بخار دفع ہوگا۔

برائے ایصال ثواب

(۷۰) والدین کی قبر پر سورہ یٰسین تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب ان کو بخشے خداوند عالم اپنی رحمت کاملہ سے ان کے گناہ بقدر تعداد حروف بخشے گا۔

برائے دفع مسان

(۷۱) دوشنبہ کے دن ڈیڑھ گز نیلا سوت لے کر جسمیں اکتالیس تار ہوں اس پر تین مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور ہر مبین پر دم کرکے گرہ دیتا جائے۔ اس طریقہ سے ۲۱ گرہ ہونگی۔ اور وہ گنڈا حاملہ کی کمر میں اسی دن باندھ دے۔ بندھنے کے بعد وہ گنڈا کسی حالت میں کھولنا نہ چاہئے البتہ جب ولادت ہو تو کھولکر بچے کے گلے میں ڈالدے۔ انشاءاللہ بچہ مرض مسان سے محفوظ رہیگا۔

باب ہفت دہم

مختصر فضائل سورہ مزمّل شریف

یوں تو اول سے آخر تک تمام کلام خدا کی سورتیں اپنی اپنی جگہ نہایت جلیل القدر اور عظیم الشان ہیں۔ مگر ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است کے مضمون کے موافق جو خواص و فوائد خداوند عالم نے اس سورہ میں رکھے ہیں عجیب و غریب ہیں۔ اگرچہ اس کا کلی علم اسی کی ذات والا صفات کو ہے لیکن جو باتیں کہ تجربہ میں آتی ہیں وہ تحریر کیجاتی ہیں۔

یہ سورہ اپنے پڑھنے والے کو دینی و دنیوی فائدہ پہنچانے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ فقر و فاقہ اسکے عامل سے دور رہتا ہے۔ اہل حاجت کی حاجت کو پورا کرتا ہے، جو شخص اس سورہ کو ہر نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھے گا تو اس کے نامہ اعمال سے ہر حرف کے عوض سو ہزار بدیاں دور کیجائینگی اور اسی قدر نیکیاں تحریر ہونگی، سوال منکر و نکیر اسپر آسان ہوگا، پل صراط سے آسانی سے گذریگا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہ جو شخص سورہ مزمل کا ورد رکھے گا اسکو دنیا و آخرت میں کسی قسم کا رنج و غم نہ ہوگا، غرض کہ کہاں تک بیان کیا جائے مختصر طور پر اس کے فوائد تحریر کئے جاتے ہیں۔

اعمال سورہ مزمل شریف

قضائے حاجت

(۱) اگر کسی شخص کی کوئی مشکل حل نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ آدھی رات کو اُٹھے اور وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کرے اسکے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد خدا سے اپنی حاجت طلب کرے انشاءاللہ مشکل آسان ہوگی۔

(۲) بعد نماز عشا کھڑے ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد سورہ مزمل کو شروع کرے۔ جب لفظ مُکَنٌّ مِّبِیْنٍ اور لفظ مَتَعَبٌ پر آدے ایک ایک اذان کہے اور جب سورہ ختم ہو تب بھی ایک اذان کہے۔ اسی طریقہ سے اس سورہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھی جائے اور اپنی حاجت کے واسطے دعا کی جائے، چالیس یوم تک اس عمل کو کرے انشاءاللہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہوگی پوری ہوگی۔

(۳) جب کوئی ضروری حاجت درپیش ہو تو بعد نماز صبح گیارہ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر سات مرتبہ درود کے پڑھے اور اپنی حاجت کو طلب کرے اسی طریقہ سے رات کو نماز عشا کے بعد پڑھے اور دعا مانگے انشاءاللہ بہت جلد دلی مراد پوری ہوگی جب تک دلی مراد حاصل نہ ہو عمل کو ترک نہ کیا جائے۔

(۴) شب جمعہ کو آدھی رات کو اٹھ کر غسل کرے بعدہٗ لباس طاہر و معطر پہنے اور قرآن شریف لے کر کسی بزرگ کے مزار کے سرہانے کھڑے ہو کر

اکیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے پڑھے اور اپنی حاجت خداوند عالم سے طلب کرے سات روز تک متواتر یہی عمل کرے انشاءاللہ حاجت عالی کی پوری ہوگی۔

(۵) ایک وقت معین کرکے اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسکے بعد ایکمرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ اور اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے آخر میں پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی حاجت خداوند عالم سے طلب کرے انشاءاللہ تعالےٰ چلہ میں مراد پوری ہوگی۔

(۶) جب کوئی حاجت درپیش ہو تو چاہئے کہ رات کو بارہ رکعت نماز تہجد ادا کرے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے ایک ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھے، جب نماز سے فارغ ہو تو پانچسو بار استغفار اور پانچسو بار تیسرا کلمہ اور پانچسو بار درود شریف پڑھ کر خداوند عالم سے حاجت طلب کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ چند یوم تک یہ عمل کرنے سے دعا قبول ہوگی۔

(۷) چالیس یوم تک متواتر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پڑھنے کے درمیان میں اپنے مطلب کا دھیان رکھے انشاءاللہ چلہ کے اندر ہی مشکل آسان ہوگی۔

(۸) منگل کے دن ۷۵ بار سورہ مزمل معہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھے اور اپنی حاجت خدا سے طلب کرے اللہ تعالیٰ قبول فرمائیگا۔

(۹) قضائے حاجت وکشائش رزق کے واسطے بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے ایکمرتبہ سورہ مزمل پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو سجدہ میں جاکر ایک مرتبہ سورہ مزمل اس طریقے سے پڑھے کہ جب لفظ وَکِیْلًا پر پہنچے تو سات مرتبہ یہ کلمہ کہے فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا پھر سورہ ختم کرکے سجدہ سے سر اٹھائے

اور رو بقبلہ دو زانو بیٹھ کر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھے مگر اول ہر بار یا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین مرتبہ کہے، جب گیارہ مرتبہ پڑھ چکے تو دو ہزار مرتبہ یا مُغْنِیُ یا مُھَیْمِنُ پڑھ کر اپنی بہتری کے واسطے دعا کرے، چند یوم تک یہ عمل کرے انشا اللہ عجیب و غریب تاثیر ہوگی۔

وسعت رزق

(۱۰) عروج ماہ میں طلوع آفتاب کے وقت بدھ یا جمعرات کو شروع کیا جائے اول دس مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے انشا اللہ تعالےٰ حاجت پوری ہوگی۔

(۱۱) روزانہ بعد نماز عشا اکیس مرتبہ سورہ مزمل شریف معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھا کرے۔ مگر ہر مرتبہ جب لفظ وَکِیْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر سورت تمام کرے، انشا اللہ بشرط مداومت رزق میں ترقی ہوگی،

(۱۲) بعد نماز صبح روزانہ گیارہ سو مرتبہ یا مُغْنِیُ معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھا کرے اور باقی نمازوں میں بعد ہر نماز کے دو دو مرتبہ سورہ مزمل پڑھے انشا اللہ کشائش رزق ہوگی۔

ترقی کاروبار

(۱۳) اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو اور اسکی کوئی حاجت بند نہ ہو تو اسکو چاہیے کہ بعد نماز صبح یا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین مرتبہ پڑھ کر قُمِ الَّیْلَ سے پڑھنا شروع کرے، جب آیہ رب المشرق والمغرب

پہنچے تو اس لفظ کو دکیلاً تک تین بار تکرار کرے، اسی طرح آیہ وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ کو تین بار پڑھے اور اسی طریقہ سے کلمہ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ کو تین بار کہے، جب سورہ تمام کرے تو آیہ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ الرَّحِیْمٌ کو تین بار پڑھ کر ایک سو دس مرتبہ یَا غَنِیُّ اور دو سو بار یَا مُنْعِمُ پڑھ کر دعا کرے اور ہمیشہ اسی طریقے سے پڑھتا رہے، انشاءاللہ تعالےٰ کچھ عرصہ میں امور دنیوی میں ترقی ہوگی،

برائے حاضری مطلوب

(۱۴) اوّلاً سورہ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرے اس کے بعد ایک ایسی جگہ کا انتظام کرے کہ جہاں عمل کے وقت کتے کی آواز نہ آسکے اور تین پتلی لکڑیاں ایک انجیر کی دوسری انار شیریں کی تیسری شہتوت شیریں کی لاکر اور ان لکڑیوں کو باہم باندھ کر ایک ایسی تپائی بنا دے جس پر ایک چراغ ٹھہر سکے۔ اب ایک کورا چراغ مٹی کا لاکر اس تپائی پر رکھے اور سرسوں کا تیل اسمیں ڈالکر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بناکر اُس چراغ میں ڈالکر روشن کرے اور اس کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر دے اور اب ایک سوزن آہنی اور اکتالیس سیاہ مرچ کے دانے لے کر چراغ کے روبرو بیٹھ جائے اور مطلوب کے تصور کے ساتھ ایک مرچ سوئی سے چھید کر ایکبار سورہ مزمل پڑھ کر اسپر دم کرے اور چراغ کی لو پر جلا دے۔ اسی طریقہ سے ہر مرچ پر سورہ مزمل دم کرکے جلا دے اور تین روز تک یہ عمل جاری رکھے۔ تیسرے دن مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

برائے محبّت زن وشوہر

(۱۵) اول زکوٰۃ سورہ مزمل کی دی جائے اس کے بعد قدرے شیرینی پر

تین بار سورہ مزمل معہ چاروں ناموں کے یعنی اپنا و اپنی ماں کا نام و مطلوب و مطلوب کی ماں کا نام لے اس طریقہ سے کہ الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں پڑھ کر اس شیرینی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلا دے انشاءاللہ باہم محبت ہوگی۔

(۱۶) قدرے شیرینی پر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر شوہر کو کھلا دے انشاءاللہ محبت ہوگی، چاروں نام بھی لیوے،

برائے تباہی دشمن

(۱۷) مٹی کی کوری رکابی پر سورہ مزمل شریف اس طریقے سے ◎ تحریر کرے اور درمیان میں دشمن کا نام معہ اسکی ماں کے نام کے لکھے اور رکابی کو ڈھانک کر کے آگ میں یا گرم بھوبل میں دفن کرے آگ اسپر رہنی چاہئے، دشمن بہت جلد تباہ ہوگا۔

(۱۸) چالیس یوم تک متواتر ویرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر سر برہنہ کرکے ۴۱ مرتبہ سورہ مزمل بہ نیت تباہی دشمن پڑھے، اس عرصہ میں دشمن تباہ ہوگا۔

(۱۹) بروز عید الضحیٰ سورہ مزمل اکیس مرتبہ پڑھ کر خاک پر دم کرے پھر اسکو دشمن کے گھر میں ڈالدے، دشمن ہلاک ہوگا یا آوارہ خانماں ہوگا۔

(۲۰) کسی پرانی قبر کی تھوڑی سی خاک لے کر اسپر سات مرتبہ سورہ مزمل دم کرکے وہ خاک دشمن کے گھر میں ڈالے۔ وہ گھر ویران ہوگا۔

(۲۱) جو شخص کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو نماز جمعہ کے بعد سورہ مزمل کو انیس ۱۹ مرتبہ بغیر بسم اللہ کے پڑھ کر سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور آگ میں ڈالدے، انشاءاللہ دشمن ہلاک ہوگا۔

(۲۲) اگر کوئی شخص کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو اور کوئی رہائی کی صورت نظر نہ آئے تو جمعہ کے دن بعد نماز صبح سر برہنہ ۱۹ مرتبہ سورہ مزمل بغیر بسم اللہ کے بہ نیت

معزولی حاکم یا تباہی پڑھ کر دعا کرے، اگر پہلے ہفتہ میں کچھ نہ ہو تو متواتر تین جمعوں تک یہی عمل کرے۔

(۲۳) دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر ستر بار سورہ مزمل بہ تصور تباہی دشمن پڑھے اور ہر مرتبہ لفظ ترتیلاً پر تین بار اپنا ہاتھ زمین پر مارے اور عذاباً الیماً پر دشمن کی تباہی کی دعا کرے، تین دن تک یہ عمل کرے اگر تین دن میں حاجت پوری نہ ہو تو اکیس دن تک پڑھے انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

(۲۴) اُنتالیس دن تک متواتر دن اور رات کو روزانہ سورہ مزمل چالیس مرتبہ پڑھے چالیسویں دن قبرستان میں جاوے اور دو پرانی قبروں کے درمیان میں بیٹھکر سر برہنہ کرے اور صرف دو مرتبہ سورہ مذکور پڑھے دشمن تباہ ہوگا۔

(۲۵) بعد نماز ظہر و بعد نماز عشا سات یوم تک ہر روز گیارہ مرتبہ سورہ مزمل اس طریقے سے تلاوت کرے کہ سورہ مذکور شروع کرے جب هِيَ اَشَدُّ وَطْاً پر پہنچے تو کہے کہ الٰہی فلاں بن فلاں کو دفع کر جب وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ پر پہنچے تو کہے الٰہی فلاں بن فلاں کو بند کر اور دل اس کا میری جانب رجوع کر جب وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ پر پہنچے تو کہے الٰہی فلاں بن فلاں کو بند کر اور دل اس کا میری جانب رجوع کر جب وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ پر پہنچے تو کہے الٰہی فلاں بن فلاں کو پراگندہ کر اور اسکی قوم کو سرگرداں جب اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ پر پہنچے تو کہے فلاں بن فلاں کو ہلاک کر بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی

دشمن سے اپنی حفاظت کیلئے

(۲۶) بروز دو شنبہ سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھکر دشمن کی جانب پھونک دی پھر انشاءاللہ وہ دشمن بدی نہ کر سکے گا۔

(۲۷) اگر دشمن کے سامنے جانے کا اتفاق ہو تو ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور بخوف دشمن کے سامنے جاوے انشاء اللہ وہ بدی کرنے پر قادر نہ ہو گا۔

برائے اولاد

(۲۸) گیارہ دن تک برابر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف قدرے شیرینی پر دم کرکے عورت کو کھلا دے اور رات کو بیوی کے ساتھ ہمبستر ہو انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہو گا۔

(۲۹) ایک سیر کنجد سیاہ لاکر اور ان کو صاف کرکے سو مرتبہ درود ایک مرتبہ سورہ یٰسین اور پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے اور عورت کو دیوے، جب عورت حیض سے پاک ہو غسل کرے اور اس روز روزہ رکھے افطاری سے قبل گائے کا دودھ لاکر ایک مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود کے پڑھے، اور اس دودھ سے روزہ افطار کیا جائے، شب کو شوہر کے ساتھ ہمبستر ہو اگر خدا نے چاہا تو حمل رہے گا۔

(۳۰) اکتالیس تار کچے نیلے سوت کے لے کر گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی معہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود کے پڑھ کر اس سوت پر دم کرے اور گرہ دے۔ اس کے بعد سورہ رحمٰن شروع کرے اور ہر مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر دم کرکے گرہ دیتا جائے، اس کے بعد سورہ مزمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اکیس گرہ دیوے، جب عورت حیض سے فارغ ہو غسل کے بعد عورت کی کمر سے باندھ دیوے انشاء اللہ حمل قایم ہو گا۔

(۳۱) جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو اسکو چاہئے کہ روزہ رکھے

اور پانی پر ۲۱ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اور اس پانی سے روزہ افطار کرے رات کو شوہر کے ساتھ ہمبستر ہو انشاء اللہ فرزند ہوگا۔

(۳۲) جب عورت حیض سے پاک ہو غسل کرے اور روزہ رکھے اور دودھ پر سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اور شام کو اس دودھ سے روزہ افطار کرے اور شوہر سے ہم بستر ہو انشاء اللہ فرزند نرینہ پیدا ہوگا، اگر زن و شوہر دونوں پہ عمل کریں تو اولیٰ ہے۔

(۳۳) سورہ مزمل سات مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کرے اور جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو روزہ رکھے اور اس دودھ سے روزہ افطار کرے اگر دودھ ہضم ہو جائے تو علاج کرے اور اگر دودھ ہضم نہ ہو تو اسکے اولاد نہیں ہوگی، علاج نہ کیا جائے۔

اولاد کے زندہ رہنے کیلئے

(۳۴) ایک چھالیہ لے کر اس پر اکیس بار سورہ مزمل دم کرے اور وہ چھالیہ بطور تعویذ کے بچے کے گلے میں ڈالدے۔ انشاء اللہ وہ بچہ زندہ رہے گا۔

(۳۵) چار تار کا نیلا سوت لے کر اس کو بٹ کر دس تار کا بنائے اور پھر سب تاروں کو ایک جا کر کے بٹے۔ اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور ہر مرتبہ اسمیں ایک گرہ دے، اور اس گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈالدے۔ انشاء اللہ وہ بچہ عمر طبعی کو پہنچیگا۔

آسیب کے دور ہونے کے لئے

(۳۶) سورہ مزمل آسیب زدہ کے کان میں پڑھ کر دم کرے اور سورہ مذکورہ کو

لکھ کر گلے میں ڈالے، انشاء اللہ آسیب سے رہائی پا دیگا۔

(۳۷) ماش پر ۳۱ بار سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اور اس ماش کو آگ میں ڈالدے اگر آسیب ہے تو گفتگو کریگا اور اس بچے پر سے ہٹ جاویگا۔ بچے کو امان ملیگی

(۳۸) جس شخص کو سایہ آسیب ہو اور وہ اس کو تکلیف دیتا ہو تو سورہ مزمل لکھ کر دھو کر پلایا جائے اور اس پانی سے غسل بھی کرایا جائے انشاء اللہ سایہ دیو یا پری جو کچھ ہو دور کریگا۔

کسی شہر کو خواب میں دیکھنے کیلئے

(۳۹) ۹۶ مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سورہے جس شہر کو خواب میں دیکھنا ہو اس کا تصور رکھے انشاء اللہ خواب میں دیکھے گا۔

زیارت رسول مقبول کیلئے

(۴۰) شب پنجشنبہ کو ۵۰ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر ۱۱ ۱۱ مرتبہ درود پڑھ کر ثواب حضرت کو بخشے، اگر اس روز زیارت سے مشرف نہ ہو تو چند یوم تک پڑھے انشاء اللہ زیارت ہوگی پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرنی چاہیئے اور لباس وغیرہ طاہر اور عطر وغیرہ سے درست ہونا چاہیئے۔

خزانہ ملنے کیلئے

(۴۱) سورہ مزمل ۲۰ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف کے رات کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اگر خدا کو منظور ہوا تو چند چلوں کے اندر کامیابی ہوگی۔

خدا کی محبّت کیلئے

(۴۲) بشرط خلوص نیت روزانہ صبح کو، ۴ بار سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے پڑھا کرے اور روزانہ خدا سے التجا کیا کرے انشاء اللہ اگر خلوص ہے تو کامیابی ہوگی۔

خواب بند کرنے کیلئے

(۴۳) سورہ مزمل کاغذ پر لکھ کر اس کے نیچے یہ عبارت لکھدے کہ خواب بند ہوں، اور وہ کاغذ تکئے کے نیچے رکھ کر سو رہے، خواب بند ہو گا۔

خلاصی محبوس کیلئے

(۴۴) نماز عشا کے بعد ۴۴ مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھا کرے انشاءاللہ تعالےٰ قید سے جلد رہائی ہوگی۔

سحر و جادو کے لئے

(۴۵) اگر کوئی شخص جادو یا سحر میں مبتلا ہو تو چاہیئے کہ سات مرتبہ سورہ مزمل پانی پر دم کرکے پلادے اور غسل دلوائے انشاءاللہ نجات ہوگی۔

دشمن کو زیر کرنے کیلئے

(۴۶) سورہ مزمل کاغذ پر لکھ کر اسکو پانی سے دھوئے اور اس پانی سے اپنا منھ دھوکر دشمن کے سامنے جاوے انشاءاللہ زبردست ہوگا۔

جنگ میں فتحیابی کیلئے

(۴۷) اگر کوئی شخص چاہے کہ جنگ سے ساتھ فتحیابی کے واپس آئے تو اسکو چاہیئے کہ موقع جنگ پر سورہ مزمل پڑھتا رہے انشاء اللہ اسکی برکت سے کوئی زخم کارگر نہ ہوگا اور ساتھ فتحیابی کے واپس آئے گا۔

پریوں کے مسخر کرنے کیلئے

(۴۸) ماش پر ۲۷ مرتبہ سورہ مزمل شریف دم کرے اور وہ ماش چاروں طرف پھینکدے اسی وقت پریاں حاضر ہونگی۔

دفینہ معلوم کرنے کیلئے

(۴۹) پچاس دن تک متواتر چالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر درود کے پڑھا کرے، چار آدمی سیاہ پوش آکر سلام علیک کرینگے اور دریافت کرینگے کہ اے بنی آدم کیا چاہتا ہے اسوقت ان سے کہنا چاہیئے کہ فلاں جائے دفینہ ہے مجھکو بخشو یا اور جہاں ہے تم مجھ کو بتلاؤ۔ وہ بتادینگے، جب وہ بتاکر غائب ہوجائیں تو اس جگہ کو یاد رکھیں بھولیں نہیں اور کسی قدر شیرینی لے کر فقرا اور مساکین کو تقسیم کرنیکے بعد دفینہ کی جگہ کھودے، اگر خدا کو منظور ہے تو خزانہ ملیگا۔

درد کمر و پہلو کے لئے

(۵۰) مقام درد پر سو مرتبہ سورہ مزمل شریف معہ اول و آخر درود کے پڑھکر دم کرے انشاء اللہ اسکی برکت سے آرام ہوگا۔

دیوؤں کے بادشاہ کو مطیع کرنے کیلئے

(۵۱) چالیس یوم تک دو سو مرتبہ سورہ مزمل شریف معہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود کے پڑھے اور پڑھتے وقت بادشاہ کی حاضری کا کامل تصور رکھے، انشاءاللہ بادشاہ معہ لشکر حاضر ہوکر اطاعت قبول کریگا۔

تپ و لرزہ کے لئے

(۵۲) سورہ مزمل تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلائے خداوند عالم شفا دیگا، اگر پہلے ہی روز شفا ہو جائے تو بہتر ورنہ دو تین یوم تک یہ عمل کرے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

عداوت کیلئے

(۵۳) اگر کسی دو شخصوں میں جدائی کرانا منظور ہو تو دو روٹیوں پر سورہ مزمل لکھے اور ان کو سیاہ کتے کو کھلائے، کبھی ان دونوں میں میل نہ ہوگا، روٹیوں پر چاروں نام بھی لکھدینے چاہئیں۔

ہفت کواکب کے موکلوں کی حاضری کیلئے

(۵۴) منگل کی شب میں ۴۴ بار سورہ مزمل معہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھے۔ ۴۴ دن تک متواتر اس عمل کو جاری رکھے انشاءاللہ موکل حاضر ہوکر فرماں برداری کرینگے۔

حصول علم غیب کیلئے

(۵۵) قند سیاہ پر ایک ہزار مرتبہ سورہ مزمل شریف دم کرکے کھائے اللہ تعالےٰ اس کو علم عطا کریگا۔

دشمن کی بیماری کیلئے

(۵۶) کاغذ پر چار خط کھینچکر درمیان میں سورہ مزمل لکھے اور نیچے دشمن کا نام لکھ کر پرانی قبر میں دفن کردے، چند روز میں دشمن بیمار ہوگا اور اسکو اسوقت تک آرام نہ ہوگا جب تک وہ کاغذ علحدہ نہ کیا جاوے۔

قیام حمل کے لئے

(۵۷) جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو چاہیئے کہ قند سیاہ پر دس مرتبہ سورہ مزمل دم کرکے اس عورت کو کھلائے انشاءاللہ حمل قایم رہیگا۔

دو شخصوں کی جُدائی کیلئے

(۵۸) کسی کھانے کی چیز پر پندرہ مرتبہ سورہ مزمل دم کرے اور نام ان لوگوں کا لیوے جنمیں جدائی ڈالنا منظور ہو اور وہ شئے دونوں کو کھلادے ان دونوں میں جدائی ہوگی۔

حافظہ کے لئے

(۵۹) اگر کسی لڑکے کا حافظہ درست نہ ہو تو چاہیئے کہ سورہ مزمل تین مرتبہ

پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی اس کو پلادے۔ روزانہ یہ عمل کرے انشاءاللہ چند یوم میں حافظہ درست ہوگا۔

آفتاب و ماہتاب کے موکلوں کیلئے

(۶۰) شب چہار شنبہ کو چار سو مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور ۴۰ یوم تک متواتر اتنی ہی تعداد میں پڑھا کرے موکل مسخر ہونگے۔

ارواح اولیا کی تسخیر کے لئے

(۶۱) چالیس یوم تک ۳۶۰ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود کے پڑھے اور پڑھنے میں اس بزرگ کا تصور کامل رکھے، جن سے کہ امداد چاہتا ہو انشاءاللہ چالیس یوم کے اندر معاون ہوکر روحانی امداد دینگے۔

پریوں کے بادشاہ کی حاضری کیلئے

(۶۲) بروز جمعرات اول غسل کرے اور اس کے بعد پاکیزہ لباس پہن کر خوشبو لگائے اور باغ میں جاکر کسی ایک گوشے میں بیٹھ کر ۱۶۰ مرتبہ سورہ مزمل اور سات مرتبہ سورہ جن معہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود کے پڑھے، انشاءاللہ بادشاہ معہ لشکر کے حاضر ہوگا۔ اسوقت جو چاہے اس سے دریافت کرے اور جو مطلب رکھتا ہو اس سے بیان کرے وہ تعمیل کریگا۔

جنات کے مسخر کرنے کیلئے

(۶۳) چالیس یوم تک متواتر سورہ مزمل ایکسو مرتبہ معہ اول و آخر

گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھا کرے۔ جس جن کا سخر کرنا ہو پڑھنے کے وقت اس کا کامل تصور رکھے بفضل خدا مطیع ہو جاویگا۔

جنات و دیو و پری کی تسخیر کے لئے

(۶۴) ایک تنہا مکان میں جہاں دوسرا آدمی نہ ہو دروازہ بند کرکے عود و صندل روشن کرے اور ۱۰۲ مرتبہ سورہ مزمل معہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کے اپنے مطلب کے تصور کے ساتھ پڑھے۔ کچھ عرصہ تک روزانہ بلاناغہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ کچھ عرصہ کے بعد پورا ہو جائیگا، چاہیئے کہ اس راز کو کسی سے ظاہر نہ کرے ورنہ درصورت افشا کے وہ اطاعت سے باہر ہوگا۔

تسخیر حاکم کے لئے

(۶۵) اوّل گیارہ مرتبہ درود پڑھے اسکے بعد سورہ مزمل کا پہلا رکوع ۱۲ بار۔ دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود پڑھے اور پانی یا شربت پر دم کرکے قدرے اسمیں سے اپنے منھ اور سر پر لگاوے اور باقی کو پی کر حاکم کے روبرو جاوے۔ انشاءاللہ حاکم مہربانی سے پیش آویگا۔

(۶۶) ۷ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پانی یا تیل پر دم کرے اور اسکو منھ پر لگاکر حاکم کے سامنے جاوے انشاءاللہ حاکم مہربانی سے پیش آویگا۔

تسخیر خلائق کے لئے

(۶۷) رجوعات خلائق کے لیئے ایک وقت معین پر سورہ مزمل شریف

گیارہ مرتبہ معہ اول و آخر درود کے اس طریقے سے پڑھے کہ جب لفظ اِلیٰ رَبّہٖ سبیلاً پر پہنچے تو ۱۲۰ مرتبہ سورہ اخلاص اس طریق سے پڑھے قل ھو اللّٰہ احد یا حنّانُ اللّٰہ الصمد یا منّانُ لم یلد یا کریمُ و لم یولد یا رحیمُ و لم یکن کفواً احدٌ یا عزیز۔ انشاءاللہ چند روز میں کامیاب ہوگا۔

مخلوق کی نظر سے غائب ہونے کیلئے

(۶۸) گیدڑ کے پاؤں کے استخوان پر ۳ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھ کر دم کرے اور اسکو دستار میں رکھے، مخلوق کی نگاہ سے غائب رہے گا

نماز کی کاہلی دور ہونے کیلئے

(۶۹) تین بار سورہ مزمل معہ اول و آخر درود پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ چند یوم تک یہ عمل کرنے سے کاہلی دور ہوگی۔

سحر و جادو کیلئے

(۷۰) اگر کسی شخص پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو چاہیئے کہ سورہ مزمل شریف لکھے اور اسکو پانی سے دھو کر مریض کو پلائے انشاءاللہ اثر جادو کا جاتا رہیگا۔

زن و شوہر کی محبت کیلئے

(۷۱) جمعہ کے دن ساعت نیک میں کسی شیرینی پر سات بار سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اور وہ شیرینی مطلوب کو کھلا دے انشاءاللہ محبت ہوگی۔

ترقی رزق کیلئے

(۷۲) چالیس یوم تک ہر روز چالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے بعد نماز صبح یا بعد نماز عشا پڑھا کرے انشاء اللہ رزق فراخ ہوگی۔

طاقت گویائی کیلئے

(۷۳) اگر کسی شخص میں طاقت گویائی نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ پانچ شب تک روزانہ ۴۱ بار سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھا کرے انشاء اللہ طاقت گویائی ہو جائے گی۔

گمشدہ کیلئے

(۷۴) اگر کسی شخص کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وہ زندہ ہے یا مردہ تو چاہیئے کہ شب جمعہ کو غسل کرے اور وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور ۴۱ بار سورہ مزمل معہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود کے پڑھ کر سو رہے اور کسی سے کلام نہ کرے، خداوند عالم اس کے حال کی خبر خواب میں دکھا دیگا، اگر اس شب میں معلوم نہ ہو تو سات شبوں تک متواتر یہ عمل کرے۔

ہلاکت دشمن کیلئے

(۷۵) اتوار کے دن جنگل میں جا کر جھاؤ کے درخت کے نیچے چھری سے ایک خط کھینچے اور اس کے درمیان میں بیٹھ کر ۷۲ مرتبہ سورہ مزمل بغیر بسم اللہ کے پڑھے

اگر اُس دن کام نہ ہوا تو گیارہ دن تک برابر یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ مطلب براری ہوگی۔

قوت رُوحانی کیلئے

(٧٦) بعد نماز عشا بستر طاہر پر لیٹ کر زبان تالو سے لگاکر سورہ شریف کو سات مرتبہ روزانہ تلاوت کرے اور اُسی حالت میں سو جائے، ہمیشہ اس کا ورد رکھے۔ چند یوم میں قوت روحانی بڑھ جائیگی اور مشاہدات ہونگے، اگر عمل کرتے میں نیند آجائے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔

فرزند نرینہ کیلئے

(٧٧) عروج ماہ پنجشنبہ یا جمعہ کو زن و شوہر دونوں روزہ رکھیں اور شام کو غسل کرکے اکیس مرتبہ سورہ مذکور کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر اس سے دونوں روزہ افطار کریں اور شب کو ہمبستر ہوں، سات یوم تک یہی عمل کریں انشاءاللہ تعالےٰ ضرور حمل قایم ہوگا، اور فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

(٧٨) سات یوم تک متواتر ایک چھالیہ لے کر اسپر نو بار سورہ مزمل پڑھ کر عورت کے گلے میں ڈالے اور شب کو خاوند سے ہمبستر ہو، انشاءاللہ سات دن کے عرصہ میں عمل قایم ہوگا۔

نظر بد دُور کرنے کیلئے

(٧٩) چھری پر ١٢ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر درود کے پڑھے اور وہ چھری مریض کے سامنے میں گاڑدے۔ مریض انشاءاللہ اچھا ہوجائیگا۔

پناہ خدا میں رہنے کیلئے

(۸۰) سورہ مزمل جمعہ کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ پناہ الہٰی میں رہے گا اور مخلوق خدا اسکو نظر محبت سے دیکھے گی۔

ادائے قرضہ کیلئے

(۸۱) اگر کوئی شخص مقروض ہو اور ادائے قرضہ کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو چاہیے کہ چالیس یوم تک چالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر درود کے بہ نیت ادائے قرضہ پڑھا کرے انشاءاللہ غیب سے ادائیگی قرضہ کا سامان ہوگا۔

کسی گم شدہ چیز کے لئے

(۸۲) کسی شخص کی کوئی شے گم ہوگئی ہو تو اسکو چاہیے کہ چالیس یوم ہر روز چالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے انشاءاللہ وہ شے دستیاب ہوگی۔

کسی شخص غائب کا حال دریافت کرنے کیلئے

(۸۳) شب جمعہ کو غسل کرے اور طاہر لباس پہن کر دو رکعت نماز بجالائے اور چالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر خدا سے دعا طلب کرے اور رو بقبلہ سو جاوے سات راتوں تک متواتر یہ عمل کرے انشاءاللہ اس عرصہ میں خواب میں غائب شخص کا حال معلوم ہوگا۔

دریافت حال کیلئے

(۸۴) اگر کوئی شخص کسی معاملہ میں متردد ہو اور کوئی صحیح رائے قایم نہ کر سکتا ہو تو اسکو چاہیئے کہ نصف شب کو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے ایک ایک بار سورہ مزمل پڑھے اور بعد نماز کے بارہ دفعہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ اور اسکو آٹھ مرتبہ یا اللہ عَالِمٌ عَالِمُ مَا فِیْ قَلْبِیْ وَ مُعِیْنٌ نِیَّۃٌ پڑھکر رو بقبلہ سو جاوے انشاءاللہ تعالیٰ اسکو خواب میں حال معلوم ہو جاویگا عمل مذکور تا حصول مطلب سات رات تک کرے۔

گناہوں کی بخشش کیلئے

(۸۵) جمعرات کے دن ۲۱ بار سورہ مزمل پڑھ کر خداوند عالم سے دعا کرے انشاءاللہ اپنی رحمت سے وہ دعا قبول فرمائے گا۔ پڑھے

درد کمر کے لئے

(۸۶) جس شخص کی کمر میں درد ہو اسپر دس مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھکر دم کرے انشاءاللہ آرام ہو جائیگا۔

بدن کے درد کے لئے

(۸۷) سرسوں کا یا تل کا تیل لے کر اسپر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر درود کے پڑھ کر دم کرے اور بدن میں جس مقام پر درد ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے انشاءاللہ آرام ہو گا۔

قیدی کی رہائی کے لئے

(۸۸) مشک و زعفران سے سورہ مزمل ایک کاغذ پر لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھے انشاء اللہ قید سے رہائی پائیگا۔

(۸۹) عروج ماہ میں شب جمعہ کو بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھے اور بعد نماز کے تیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود کے پڑھے اور درگاہ قاضی الحاجات میں دست دعا بلند کرے چند یوم تک یہ عمل کرے انشاء اللہ قیدی رہائی پائے گا، اثنائے عمل میں کسی سے بات نہ کرے۔

زہر کا اثر دور کرنے کیلئے

(۹۰) اگر کسی شخص کو کسی نے زہر وغیرہ کو کھلا دیا ہو تو چاہئے کہ ۱۱ مرتبہ سورہ مزمل شیرینی پر دم کرکے اسکو کھلا دے بفضل خدا اسکو آرام ہو گا۔

دختر ناکتخدا کے لئے

(۹۱) جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے واسطے جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ دو رکعت نماز پڑھے اور بعد سلام کے سجدے میں جا دے اور اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دعا کرے، چند جمعوں تک یہ عمل کرے انشاء اللہ لڑکی کی شادی ہو گی۔

دشمن کے لئے

(۹۲) پرانی قبر سے ایک مٹھی خاک لا کر اس پر سات مرتبہ سورہ مزمل

پڑھ کر دم کرے بعدہٗ وہ خاک دشمن کے گھر میں ڈالدے، دشمن تباہ ہوگا۔

زیارت رسول مقبول کیلئے

(۹۳) بخلوص نیت شب جمعہ کو اوّل شب غسل کرے اور نماز عشا کے بعد بارہ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ حمد کے ایکبار سورہ مزمل پڑھے اور نماز سے فارغ ہوکر ایک ہزار مرتبہ درود پڑھے اور بستر طاہر پر یا مصلے پر رو بقبلہ سورہے۔ چند روز تک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

بہبودی دارین کے لئے

(۹۴) بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھے، اول رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ مزمل اکیس مرتبہ اور رکعت دوئم میں بیس مرتبہ پڑھے نماز پڑھ کر دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ چند روز میں عجیب برکت پیدا ہوگی۔

مسان کیلئے

(۹۵) سات تار کچے ریشم کے لاکر اس پر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر گیارہ گرہ لگائیے، ہر مرتبہ سورت کے ختم پر گرہ لگانی چاہئے، پھر وہ گنڈہ حاملہ عورت کی کمر میں باندھے اور وضع حمل کے وقت کھول ڈالے، اور بچے کے گلے میں ڈالدے انشاءاللہ بچہ مرض مسان سے محفوظ رہیگا۔

(۹۶) اکتالیس تار کچے سوت کے نیلے رنگ کے لیکر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر تین مرتبہ درود کے پڑھے اور اکتالیس گرہ ہر گرہ سورت کے ختم پر دم کرکے لگائے جسوقت ۵ ماہ کا حمل ہو وہ گنڈا حاملہ عورت کی کمر سے باندھے۔

جب درد زہ شروع ہو اسوقت وہ گنڈا کھول دے اور ولادت کے بعد وہ گنڈا بچے کے گلے میں ڈالدے۔

جُدائی کیلئے

(۹۷) ماش کے آٹے کی روٹی پکاکر اسکو روغن سے چرب کرے اور اسپر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل بہ نیت عداوت پڑھے اور اس روٹی کو کتے کے آگے ڈالدے اور جن شخصوں میں جدائی کرانا منظور ہو ان کے نام معہ ان کی ماں کے زبان پر لائے۔ بفضلہ جدائی ہوگی۔

فتوحات کیلئے

(۹۸) عروج ماہ پنجشنبہ یا جمعہ سے ایک وقت معین کرکے گیارہ سو مرتبہ یا مغنی اور ۴۱ مرتبہ سورہ مزمل معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود کے پڑھا کرے انشاءاللہ چند دن میں کثرت سے فتوحات ہوگی۔

(۹۹) عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ سے ایک وقت معین کرکے کسی محفوظ جگہ میں باطمینان قلب اور طہارت کامل کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کرے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ مزمل ۲۰ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ مذکورہ ۵ مرتبہ پڑھے بعد ختم نماز اپنی حاجت کے واسطے دعا کرے اور فتوحات کا خیال رکھے انشاءاللہ چند یوم میں حاجت پوری ہوگی

(۱۰۰) نوچندی جمعرات کو غسل کرو اور لباس طاہر پہنکر خوشبو لگائی اور ایک جگہ مقرر کرکر نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ معہ اول و آخر گیارہ بار درود کے پڑھے، بعد ختم اپنے مطلب کی دعا کرو اور نماز عشا ادا کرکے اسیجگہ سو رہے صبح کو اٹھکر بغیر کسی قسم کا کام کئے ہوئے یا بات کئے ہوئے ایک مرتبہ سورہ مذکور پڑھے اور اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائے اسی طریقے سے چالیس روز تک یہ عمل کرتا رہے، چالیس دن کے بعد روزانہ

روزانہ سورہ مذکور صرف سات مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے۔ کبھی ناغہ نہو اگر ناغہ ہوگی تو فتوحات میں کمی واقع ہوگی۔

باب ہشتدہم

فضائل آیتہ الکرسی شریف

جاننا چاہیئے کہ آیت الکرسی ایک بزرگ آیت ہے۔ منقول ہے کہ جب آیتہ الکرسی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی تو ستر ہزار ملائکہ عظام لیکر حاضر ہوئے اور اس آیتہ شریف کی عظمت وجلالت ظاہر کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ آیتہ الکرسی اعظم ترین آیات قرآنی میں سے ہے، ہر نماز کے بعد صرف ایک مرتبہ اس کا پڑھنا باعث دخول جنت ہے، اور ایک نماز سے دوسری نماز تک جمیع آفات سے محفوظ رہیگا۔ آیتہ الکرسی دوامی پڑھنے والے کو فقر وفاقہ سے نجات ملیگی۔ رزق وافر عطا ہوگا جس کا کہ اس کو گمان بھی نہ ہوگا کہ کہاں سے آیا، جو شخص صبح کو بعد نماز آیتہ الکرسی پڑھے تمام دن امان خدا میں رہے اور شر شیطان وجور سلطان سے محفوظ رہے گا، جو شخص گھر سے نکلتے وقت آیتہ الکرسی پڑھے اللہ تعالیٰ ہزار فرشتوں کو معمور کرتا ہے کہ وہ اس کے لئے دعائے مغفرت کریں، آیتہ الکرسی پڑھنے والے پر تلخی موت نہ ہوگی، کتب احادیث میں وارد ہوا ہے کہ سب آیات قرآنی میں یہ آیتہ سردار ہے، الغرض آیتہ الکرسی ایک بہترین آیتہ ہے اور اسمیں بہت سے اسرار ہیں، چند شائقین عمل کے لیئے پیش کیئے جاتے ہیں۔

اعمال آیتہ الکرسی شریف

برائے حاجت

بعد نماز عشاء دو زانو بیٹھ کر اول و آخر درود شریف اور اکتالیس بار آیتہ الکرسی چالیس یوم بطور زکوٰۃ پڑھے، بعد چالیس دن کے ہمیشہ گیارہ مرتبہ پڑھے ناغہ نہ کرے اور گیارہ مرتبہ بعد نماز صبح پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، اس کے بہت سے فوائد ہیں چند ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) درد شکم کے واسطے ستائیس مرتبہ پانی پر پڑھ کے دم کرے اور مریض کو پلادے انشاء اللہ فوراً شفا ہوگی۔

(۲) درد سر کے واسطے ایکمرتبہ پڑھکر دم کرے۔

(۳) آسیب زدہ کے واسطے ایکسو ایکبار پڑھکر منھ پر دم کرے انشاء اللہ آرام ہوگا۔لیکن سات دن تک متواتر یہ عمل کرنا چاہیے۔

(۴) گریہ اطفال کے واسطے ایکبار پڑھ کر اس کے منھ پر دم کرے خاموش ہوگا

(۵) حاکم کے سامنے جاتے وقت ایکبار پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھ منھ پر پھیرے حاکم مہربان ہوگا

(۶) اگر دشمن کی طرف سے خوف ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر دشمن کی جانب پھونکدے دشمن شرمندہ ہوگا

برائے درد جگر

(۷) چینی کے ظرف میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی لکھ کر پلانا چاہیے اور آخر میں یہ بھی لکھا جائے نَوَیْتُ الشِّفَاءَ مِنَ الْعِلَّۃِ اور نام بھی مریض کا لکھدے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

برائے حصول خیر و برکت

(۸) دوشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ آیۃ الکرسی معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ہمیشہ پڑھا کرے۔

برائے حاجت

(۹) اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیۃ الکرسی ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ مقبول ہوگی اور باعث خیر و برکت کا ہوگا۔

(۱۰) نصف شب کو ایسے مقام پر جاوے جہاں آدمی کی آواز سنائی نہ دی اور ایکسو ستر مرتبہ آیۃ الکرسی معہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے انشاء اللہ حاجت روائی ہوگی۔

(۱۱) بروز جمعہ بعد نماز عصر ایک جگہ تنہائی میں ستر مرتبہ آیۃ الکرسی حضور قلب و رجوع قلب سے پڑھے اور خداوند عالم سے دعا کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

برائے ادائے قرض

(۱۲) جو شخص قرضدار ہو اور وہ چاہتا ہو کہ میرا قرض ادا ہو جائے تو چاہئے

کہ وضو کرے اور چت لیٹ کر ۷ بار آیۃ الکرسی معہ اول و آخر درود کے پڑھے خداوند عالم اپنی رحمت سے اس کا قرض ادا کریگا۔

برائے دفع جنون

(۱۳) چار آیتیں اول سورہ بقر اور ایک آیۃ الکرسی اور دو آیتیں اسکے بعد اور تین آیتیں آخر سورہ بقر کے پڑھ کر مجنون پر دم کرے، انشا اللہ اسکو ہوش آجائیگا۔

برائے مرگی

(۱۴) آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر دم کرے انشا اللہ اس کو ہوش آجائیگا۔

برائے دفع بلغم

(۱۵) جس شخص کو بلغم کا مرض ہو اس کو چاہیئے کہ سات کنکریاں نمک سفید کی لے کر ہر کنکر پر سات سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر ان کنکریوں پر دم کرے اور ایک کنکری روزانہ سات دن تک نہار منہ کھالیا کرے انشا اللہ شفا ہوگی۔

برائے دفع خفقان

(۱۶) چینی کے ظرف پر تین مرتبہ آیۃ الکرسی لکھے اور پاکیزہ پانی سے دھو کر پیئے پیتے وقت یہ نیت کرے کہ اس مرض سے مجھ کو اس پانی نے شفا دی، بیماری کا نام زبان سے کہنا چاہیئے۔ یہ پانی خفقان۔ درد دل۔ درد جگر۔ پیٹ کے

مروڑے کے واسطے مفید ہے۔

برائے خوف

(۷۱) جو شخص خواب میں ڈرتا ہو اسکو چاہیئے کہ وضو کرکے لیٹ رہا اور تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے جب وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پر آوے تین مرتبہ اسکی تکرار کرے اور پھر سو جاوے انشاءاللہ پھر خوف نہ ہوگا۔

باب نوزدہم

شان نزول ناد علی

نادِ علیاً مظہرَ العجائب ٭ تجدہُ عوناً لکَ فی النوائب
کُلُّ ھمٍّ و غمٍّ سینجلی ٭ بولایتکَ یا علیُّ یا علیُّ یا علیُّ

سبب نزول ان کلمات کا یہ ہے کہ غزوہ بدر و تبوک میں لشکر اسلام نے شکست کھائی اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درمیان لاشوں کے گھر گئے اسوقت جبرئیل علیہ السلام ان کلمات کو لائے، پس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیلؑ سے سوال کیا کہ علیؑ ہم تک پہنچ سکتا ہے عرض کی ہاں یا رسول اللہ پس حضرت خوش ہوگئے اور ان کلمات کو پڑھا فوراً شیر خدا اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب سواری پر سوار ہتھیاروں سے تیار حاضر ہوئے اور لشکر کفار سے مقابلہ کیا، خداوند عالم نے اسلام کو فتح نصیب کی اور بہت سا مال غنیمت اسلام کے ہاتھ آیا۔

خواص ناد علی

(۱) اگر انسان کسی مجمع میں پھنس جائے اور نکل نہ سکے تو سات مرتبہ مٹی پر پڑھ کر ان کی طرف پھینکدے وہ مجمع کو ضرر نہ پہنچا سکے گا۔

(۲) اگر کسی شخص کو دشمنوں سے خوف ہو تو ہر روز ۲ مرتبہ پڑھے دشمن بہت جلد مقہور ہونگے۔

(۳) اگر کسی نے جادو کر دیا ہو تو سات مرتبہ کنوئیں کے پانی پر پڑھ کر دم کری اور اس پانی سے غسل کرے اور کسی قدر پئے جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

(۴) اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو مشک و زعفران سے چینی کے پیالے پر ان کلمات کو لکھے اور اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلائیں انشا اللہ زہر کا اثر دور ہوگا۔

(۵) اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور اطبار اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں تو اٹھارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشا اللہ شفا ہوگی۔

(۶) اگر کسی کو کوئی سخت مہم پیش آئے یا کوئی رنج والم پہنچے تو ہزار مرتبہ ان کلمات کو اس گھر میں پڑھے رنج اس کا خوشی سے بدل جائیگا۔

(۷) اگر کسی شخص سے کوئی ناراض ہو اور اسپر غصہ ہو تو ۷ مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر اس کے سامنے جاوے اور پھر تین مرتبہ پڑھ کر آہستہ سے اپنے اوپر دم کرے۔ خدا کے حکم سے اس کا غصہ لطف اور مہربانی سے تبدیل ہو جا دیگا۔

(۸) اگر کسی شخص کو کسی کام کے واسطے کہیں بھیجیں تو ان کلمات کو پیغامبر کے کان میں تین مرتبہ پڑھے۔ پیغامبر کا کلام پر اثر ہوگا۔

(۹) اگر کوئی شخص جمعہ کے دن پہلی ساعت میں بارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھے جس شخص سے بات کریگا وہ اسپر مہربان ہوگا۔

(۱۰) اگر کوئی شخص کسی تہمت میں گرفتار ہو گیا ہو ہر صبح کو چالیس مرتبہ پڑھ کے اپنے اوپر دم کرے تہمت برطرف ہوگی اور سب آدمی اسکی بھلائی کرینگے۔

(۱۱) بے خوابی کے واسطے نماز جمعہ سے پہلے ۲۵ مرتبہ پڑھے البتہ بدخوابی

دفع ہوگی،

(۱۲) دولتمندی کے واسطے ہر صبح کو بارہ مرتبہ پڑھے۔ غنی ہوگا۔

(۱۳) افزونی دولت وحشمت کے لیئے ہر روز اکتیس مرتبہ پڑھے صاحب حشم ہوگا۔

(۱۴) دشمن پر فتح پانے کے لیئے ہر روز سترہ مرتبہ پڑھے دشمن پر ظفر پاویگا۔

(۱۵) دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہنے کے لیئے ہر روز ۱۸ مرتبہ پڑھے۔

(۱۶) زبان بندی اعدا کے لیئے دس روز تک روزانہ دس مرتبہ پڑھے زبان بدگویوں کی بند ہوجائیگی۔

(۱۷) مراد برآنے کے واسطے ہر روز ۳۴ یا ۳۶ مرتبہ پڑھے۔

(۱۸) شفاء امراض کے واسطے ہر روز ۲۷ مرتبہ پڑھے۔

(۱۹) حاسدوں اور بدگویوں کی زبان سے بچنے کے لیئے تین روز تک ۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھے،

(۲۰) خزینہ اور دفینہ دریافت کرنے کے واسطے چالیس یوم چالیس مرتبہ روزانہ پڑھے البتہ خزانے اسپر ظاہر ہونگے اگر رات کو سوتے وقت پڑھے تو خواب میں خزانہ کی جگہ اسکو نظر آئے۔

(۲۱) رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے واسطے ہر روز سات مرتبہ پڑھے البتہ خواب میں حضرت کی زیارت نصیب ہوگی۔

(۲۲) قید سے رہائی پانی کے واسطے ہر روز ۱۶ مرتبہ پڑھے۔

(۲۳) واسطے افتتاح کے ہر روز پچاس مرتبہ پڑھے اسرار کے دروازے مفتوح ہوجائیں گے۔

(۲۴) مہمات کے انجام اور اتمام کے واسطے ہر روز پندرہ مرتبہ پڑھے،

(۲۵) واسطے کشف اسرار کے چالیس دن تک روزانہ سولہ مرتبہ پڑھے۔

(۲۶) ہلاکت اور دفع دشمنوں کے واسطے آٹھ روز تک ہر روز سترہ مرتبہ پڑھے البتہ دشمن اس کے فنا ہونگے۔

(۲۷) دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیئے بیس دن تک روزانہ ۱۰ مرتبہ پڑھے اور اسکی طرف پھونک مارے اس کے شر سے محفوظ رہیگا۔

(۲۸) تحصیل علم کے واسطے ۲۰ دن نماز ظہر کے وقت ۷۰ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ حکمت اور علم کے دروازے اسپر کھل جائینگے۔

(۲۹) حصول دولت کے لیئے ہر روز ۱۶ مرتبہ پڑھے۔

(۳۰) شہروں کے فتح ہونے کے لیئے چالیس مرتبہ روزانہ پانچ دن تک پڑھے

(۳۱) ترقی عہدہ اور توجہ حکام کے لیئے ہر روز ۱۶ مرتبہ چھ دن تک پڑھے صاحب مرتبہ ہوگا۔

(۳۲) افزائش اقبال اور حصول مطالب کے لیئے سولہ روز تک ہر روز پچاس مرتبہ پڑھے انشاءاللہ صاحب اقبال ہوگا۔

(۳۳) عزت اور شوکت کے لیئے ہر روز بیس مرتبہ پڑھے۔

(۳۴) دشمن کے ٹل جانے کے لیئے ہر روز تیس مرتبہ پڑھے اپنے مکان سے آوارہ ہوگا۔

(۳۵) کسی حلال مطلب کے واسطے مسجد یا کسی خلوت میں بارہ ہزار مرتبہ نادعلی پڑھے انشاءاللہ مراد کو پہنچیگا۔

(۳۶) جو شخص باطہارت نادعلی کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاءاللہ جو حاجت رکھتا ہوگا پوری ہوگی۔

(۳۷) دشمن کے دل کو نرم کرنے کے لیئے سو مرتبہ روزانہ چھ دن تک پڑھو میں

(۳۸) شجاعت کے لیئے ہر روز ۲۵ مرتبہ پڑھیں۔

(۳۹) دشمن کے مقہور اور خراب ہونے کے لیئے۔ روزانہ ۱۸ مرتبہ۔

(۴۰) عداوت اور جھگڑا دور ہونے کے لیئے بیس دن تک ہر روز تیس مرتبہ پڑھیں تو ان کے دلوں سے عداوت جاتی رہیگی۔

باب بستم

اعمال سورہ حمد

قضائے حاجت

(۱) ترقی رزق۔ اور ہر قسم کے حاجات کے لیئے عروج ماہ میں جمعہ کے دن سے شروع کریں اور روزانہ اکتالیس مرتبہ سورہ الحمد اکتالیس یوم تک متواتر پڑھیں ناغہ نہ کریں۔ اکتالیس مرتبہ سورہ مذکور پڑھنے کے بعد تیرہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اسکے پڑھنے کے بعد دعا کریں انشاءاللہ پوری ہوگی۔

جمیع مطالب دینی و دنیوی کے لئے

(۲) جو شخص سورہ فاتحہ کو سو مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے گا کہ ہر روز

ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ پڑھے ناغہ نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اسکی برکت سے اس کی روزی کو فراخ اسکی حالت کو اچھا اس کے باطن کو نورانی اس کی ہر مشکل کو آسان اس کے غم کو دور اور اسکی تکلیف کو دفع کریگا۔ دشمنوں پر فتح دیگا ہر شخص کے دلمیں اسکی محبت ہوگی، ہر برائی و آفت سے محروم رہے گا، غرض عجیب وغریب چیز ہے، اس طریق سے بھی پڑھ سکتا ہے کہ سو مرتبہ ایک ہی مرتبہ پڑھے۔

(۳) سورہ مذکور کے پڑھنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ نماز صبح کے بعد تیس دفعہ نماز ظہر کے بعد پچیس دفعہ نماز عصر کے بعد بیس دفعہ۔ نماز مغرب کے بعد پندرہ دفعہ اور عشا کے بعد دس دفعہ کل سو مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے، انشاءاللہ ہر کام میں فتح ہوگی

اجابت دُعا کے لئے

(۴) جو شخص کہ روزانہ سورہ حمد کو تین سو تیرہ (۳۱۲) مرتبہ بطور مداومت کے پڑھتا رہے اور کسی حاجت کے وقت اپنی حاجت کا دلمیں خیال کر کر سورہ حمد کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ انشاءاللہ وہ حاجت اسی وقت یا جلد پوری ہوگی۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

قضائے حاجت

(۵) بعد نماز مغرب اُسی جگہ بیٹھے ہوئے چالیس مرتبہ سورہ حمد معہ اوّل و آخر درود کے اپنی حاجت کا خیال رکھتے ہوئے پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھ کر خدا سے حاجت طلب کرے۔ اِلٰهِي عِلْمُكَ كَافٍ عَنِ السُّؤَالِ اَكْفِنِيْ بِحَقِّ الْفَاتِحَةِ سُؤَالًا وَكَرَمُكَ كَافٍ عَنِ الْمَقَالِ اَكْرِمْنِيْ بِحَقِّ الْفَاتِحَةِ وَحَصِّلْ مَا فِيْ ضَمِيْرِيْ۔

برائے دفع درد چشم و دیگر امراض

(۶) اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا ان میں درد ہو تو نماز صبح کے بعد

سورہ فاتحہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے۔ انشاءاللہ بہت جلد آنکھیں تندرست ہو جائینگی، تمام امراض میں بھی اسی طریقہ سے عمل کریں۔

ہر جگہ کے درد کے لئے

(۷) اگر انسان کے جسم میں کسی مقام پر درد ہو تو درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

ترقی رزق کے لئے

(۸) ترقی رزق کے لئے عروج ماہ میں اتوار کے دن سے شروع کرے اور اس دن سورہ حمد ستر مرتبہ پیر کے دن ساٹھ دفعہ منگل کو پچاس دفعہ بدھ کو چالیس دفعہ جمعرات کو تیس دفعہ جمعہ کو بیس دفعہ ہفتہ کو دس دفعہ پڑھے لیکن روزانہ سورہ کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پڑھ لیا کرے۔

قضائے حاجت

(۹) حاجت براری کے واسطے چالیس دن تک نماز صبح کے بعد سورہ حمد اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے اور خدا سے اپنی حاجت کے واسطے دعا کرے انشاءاللہ وہ حاجت پوری ہوگی۔ جو شخص مندرجہ بالا ترکیب سے ہمیشہ سورہ فاتحہ کا ورد رکھے تو وہ اگر فقیر ہوگا تو دولتمند ہوگا قرضدار ہوگا تو اس کا قرضہ ادا ہوگا بے اولاد ہوگا تو اس کے اولاد ہوگی بیمار ہوگا تو شفا پائیگا اور ہمیشہ لوگوں کی نگاہوں میں محبوب اور معزز رہے گا۔

مار گزیدہ کے لئے

(۱۰) مار گزیدہ کے سانپ کاٹے تو فوراً گرم دودھ اسمیں چھ ماشہ یا ایک تولہ لہسن کوٹ کر گھولدے اور کپڑے میں چھان کر اس دودھ پر اکیس مرتبہ سورہ حمد پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے روزانہ سات دن تک یہ عمل کرے

انشاءاللہ مریض کو قطعی صحت ہوگی۔

آدھے سر کے درد کے لئے

(۱۱) جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو تو انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے دونوں کنپٹیوں کو زور سے دبایا جائے اور سورہ فاتحہ کو پڑھنا شروع کرے اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سرکاتا ہوا درمیان پیشانی پر لا دے اور سورت کو ختم کرکے دم کرے، یہ عمل تین دفعہ تین یوم تک کرے انشاءاللہ درد کو آرام ہوگا۔

امراض لاعلاج کیلئے

(۱۲) ایک چینی کی پلیٹ پر گلاب وزعفران سے سورہ فاتحہ تحریر کرے اور آخر میں یہ اسم لکھے یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دِیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ پھر اس رکابی کو پاک پانی سے دھوکر مریض کو پلائے اور روزانہ تا حصول شفا پلاتا رہے، انشاءاللہ شفا ہوگی۔

باری کے بخار کے لئے

(۱۳) اگر کسی کو روزانہ یا تیسرے دن یا چوتھے دن بخار آتا ہو تو بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے تھوڑی روئی لیکر اسکو دو حصہ کرکے نصف پر سات مرتبہ الحمد پڑھ کر مریض کے داہنے کان میں اور بقیہ نصف پر چھ مرتبہ سورہ مذکور پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں رکھیں، انشاءاللہ بخار نہ آئیگا، اگر ایک باری میں بخار نہ جائے تو متواتر تین باریوں تک یہ عمل کریں۔

برائے ذہن و دفع نسیان

(۱۴) سات دن تک سورہ فاتحہ کو باوضو ستر دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی پی لے۔ خداوند عالم اسکو علم وحکمت عطا کریگا اور اس کے ذہن و حافظہ میں ترقی ہوگی۔

برائے مار گزیدہ

(۱۵) اگر کسی شخص کے سانپ کاٹ کھائے تو فوراً گرم دودھ لیکر اسمیں ۶ ماشہ یا ایکتولہ لہسن کوٹ کر کپڑے میں چھانکر اس دودھ میں ملا دے اور اس دودھ پر اکیس مرتبہ سورہ حمد پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے، سات دن تک متواتر اس عمل کو جاری رکھے، انشاءاللہ مریض کو قطعی صحت ہوگی۔

برائے درد داڑھ و دانت

(۱۶) اگر کسی شخص کی داڑھ یا دانت میں درد ہو تو لکڑی کا ایک پاک تختہ لے کر اور اسپر پاک ریت ڈالکر اسپر لوہے کی کیل سے یہ حرف لکھے ا ب ج د ہ و ز ح ط ا ب اور مریض سے کہے کہ جس جگہ درد ہے اسکو دو انگلیوں سے پکڑے اور عامل لوہے کی کیل کو حرف ا پر رکھ کر زور سے دبائے اور ایکمرتبہ سورہ حمد پڑھے اور مریض سے دریافت کرے اگر درد چلا جائے تو بہتر ورنہ کیل کو حرف ب پر رکھ کر دبائے اور دو مرتبہ سورہ حمد پڑھے اور پھر مریض سے پوچھے اگر درد گیا تو خیر ورنہ حرف ج پر کیل کو دبا کر تین مرتبہ الحمد پڑھے اور مریض ہر مرتبہ درد کی جگہ کو پکڑے رہے، غرض جب تک درد دفع نہ ہو کیل کو ایک حرف سے دوسرے حرف پر بدلتا رہے اور سورہ حمد ہر دفعہ ایکبار زیادہ کرکے پڑھتا رہے، انشاءاللہ آخر حرف تک کسی نہ کسی حرف پر درد دفع ہوگا۔

برائے چیچک

(۱۷) چیچک کے واسطے نیلے سوت کے چند تارے کر سورہ حمد پڑھ کر گیارہ گرہ لگائیں یعنی ہر گرہ پر ایک مرتبہ سورہ حمد پڑھیں اور نذر اللہ کچھ کھانا کسی مسکین کو دیکر وہ گنڈا مریض کے بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ مریض کو صحت ہوگی۔

(۱۸) نیلے سوت کے اکیس تارے کر سورہ حمد ایک ایک مرتبہ پڑھ کر تو گرہ لگائیں

اور گنڈہ بناکر بیمار	الحمد للہ	علیھم	صراط الذین	وایاک نستعین
کے گلے میں ڈالدیں	انعمت علیھم	ایاک نعبد	رب العلمین	غیر المغضوب
انشاءاللہ صحت ہوگی	یوم الدین	اھدنا	یا اللہ	الرحمٰن
(۱۹) نقش ہذا کو تحریر	ولا الضالین	الرحیم	ملکِ	الصراط المستقیم

کرکے چیچک والے کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ صحت ہوگی اور اگر چیچک نکلنے سے پہلے اس تعویذ کو گلے میں ڈالیں گے تو چیچک نہیں نکلے گی، اگر نکلیگی بھی تو بہت کم مجرب ہے۔

برائے حضوری حاکم جابر

(۲۰) اگر کسی ظالم حاکم کے سامنے جانا ہو یا راستہ میں کوئی درندہ یا چور ملیں ان سب کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے گیارہ مرتبہ یہ آیات پڑھ اپنے اوپر دم کریں انشاءاللہ ہر برائی سے محفوظ رہیں گے وہ آیت یہ ہے مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین۔

برائے مہربانی حکام

(۲۱) حکام کی مہربانی کے واسطے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں ایک شیشہ کے ظرف میں سورہ فاتحہ اک نئے قلم سے مشک وزعفران یا کافور ومشک سے لکھے پھر اسکو عرق گلاب سے دھوکر اس گلاب کو ایک شیشی میں رکھ لے اور اسپر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے، ضرورت کے وقت قدرے گلاب اس میں سے لے کر اور اپنے منھ پر مل کر روبرو جائے انشاءاللہ وہ حاکم مہربانی سے پیش آیگا۔

ختم شد

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	ضروری ہدایات	۲	۲۴	رفع شدائد کے لئے	۴۷
۲	حروف تہجی اور ان کے اعداد	۳	۲۵	عداوت کے لئے	〃
۳	حروف تہجی کی اقسام	〃	۲۶	نصیبے کی یاوری کے لئے	۴۸
۴	بروج	۴	۲۷	قرض کی ادائیگی کے لئے	〃
۵	ستارے	〃	۲۸	بچوں کی حفاظت کے لئے	۴۹
۶	ستاروں کے ماتحت ایام	۵	۲۹	بچوں کی بیماریوں کے لئے	〃
۷	باب دوم۔ وسعت رزق	۶	۳۰	نامردی کے لئے	۵۰
۸	باب سوم۔ حل مشکلات و حاجات	۱۲	۳۱	ذہن کی ترقی کے لئے	〃
۹	باب چہارم۔ تونگری	۱۸	۳۲	حفاظت جان و مال کے لئے	〃
۱۰	باب پنجم۔ دست غیب	۲۰	۳۳	چور کا حال معلوم کرنے کے لئے	〃
۱۱	دریافت خزانہ	۲۱	۳۴	دشمن کی زبان بندی کے لئے	〃
۱۲	باب ششم۔ بلندی مراتب	۲۲	۳۵	مال میں برکت حاصل ہونے کے لئے	۵۱
۱۳	باب ہفتم۔ حب	۲۳	۳۶	دردزہ کی آسانی کے لئے	〃
۱۴	باب ہشتم۔ بیقراری محبوب	۲۸	۳۷	دو آدمیوں میں جدائی کے لئے	〃
۱۵	باب نہم۔ تسخیر خلائق	۳۲	۳۸	بیوی کی اطاعت کے لئے	〃
۱۶	باب دہم۔ تسخیر حکام کامیابی مقدمات	۳۵	۳۹	شوہر کے مطیع کرنے کے لئے	۵۲
۱۷	باب یازدہم۔ دفع دشمن	۳۷	۴۰	بحالی منصب کے لئے	〃
۱۸	باب دوازدہم۔ ہلاکت دشمن	۴۰	۴۱	ایام ماہواری کی باقاعدگی کے لئے	〃
۱۹	باب سیزدہم۔ حصول شفا	۴۲	۴۲	درد کمر کے لئے	〃
۲۰	باب چہاردہم۔ اولاد نرینہ	۴۵	۴۳	ہر قسم کے درد کے لئے	۵۳
۲۱	باب پانزدہم۔ متفرقات	۴۷	۴۴	قیام حمل کے لئے	〃
۲۲	گم شدہ کے لئے	〃	۴۵	استقرار حمل کے لئے	〃
۲۳	محبت سے دل ہٹانے کے لئے	〃	۴۶	دودھ کی زیادتی کے لئے	۵۳

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۴۷	حافظہ کے لیئے	۵۴	۷۱	برائے کشادہ کرنے بخت دختر	۷۲
۴۸	بواسیر کے لیئے	〃	۷۲	برائے حفظ امن	〃
۴۹	طاعون سے محفوظ رہنے کے لیئے	۵۵	۷۳	برائے دولت و اقبال	〃
۵۰	زیادتی دودھ کیلیئے	〃	۷۴	حرام کاری سے باز رہنے کے لیئے	〃
۵۱	گریہ اطفال کے لیئے	〃	۷۵	پانی کی غرقابی سے محفوظ رہنے کے لیئے	〃
۵۲	چیچک کے لیئے	۵۶	۷۶	حاکم جبار کے سامنے جانے کے لیئے	۷۳
۵۳	آنکھوں کی بیماریوں کے لئے	〃	۷۷	برائے تسخیر	〃
۵۴	دردِ نیم سری کے لیئے	۵۷	۷۸	جمیع آفات سے محفوظ رہنے کے لیئے	〃
۵۵	کان کے درد کے لیئے	〃	۷۹	برائے خواب بندی	۷۴
۵۶	دردِ شکم کے لیئے	۵۸	۸۰	قوت حافظہ کے لیئے	〃
۵۷	اختلاج اور درد جگر کے لیئے	〃	۸۱	برائے کشادگی ذہن	〃
۵۸	آسانی ولادت کے لیئے	〃	۸۲	برائے کشادگی بخت دختر	〃
۵۹	باب شانزدھم بفضائل و اعمال سورہ یٰسین شریف	۶۰	۸۳	برائے عداوت	۷۵
۶۰	اعمال سورہ یٰسین شریف برائے حاجات	۶۱	۸۴	برائے امن	〃
۶۱	برائے حب	۶۴	۸۵	برائے چیچک	〃
۶۲	برائے تونگری	۶۷	۸۶	قیدی کی رہائی کے لیئے	〃
۶۳	دست غیب	〃	۸۷	برائے دفع احتلام	۷۶
۶۴	برائے ادائے امن	۶۸	۸۸	برائے بواسیر خونی و بادی	〃
۶۵	برائے عدو	〃	۸۹	برائے دفع لقوہ و فالج	〃
۶۶	برائے زبان بندی عدو	۶۹	۹۰	برائے وبا	〃
۶۷	برائے جدائی دو شخص	۷۰	۹۱	برائے بخار ہر قسم	۷۷
۶۸	چور کی شناخت کے لیئے	〃	۹۲	برائے ایصال ثواب	〃
۶۹	برائے حافظہ و تقویت دل	۷۱	۹۳	برائے دفع نسیان	〃
۷۰	برائے عفو گناہان	〃	۹۴	باب ھفت دھم مختصر فضائل سورہ مزمل شریف	۷۸

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۹۵	اعمال سورہ مزمل شریف، قضائے حاجت	۷۹
۹۶	وسعت رزق	۸۱
۹۷	ترقی کاروبار	〃
۹۸	برائے حاضری مطلوب	۸۲
۹۹	برائے محبت زن و شوہر	〃
۱۰۰	برائے تباہی دشمن	۸۳
۱۰۱	دشمن سے اپنی حفاظت کے لیے	۸۴
۱۰۲	برائے اولاد	۸۵
۱۰۳	اولاد کے زندہ رہنے کے	۸۶
۱۰۴	آسیب کے دور ہونے کے لیے	〃
۱۰۵	کسی شہر کو خواب میں دیکھنے کے لئے	۸۷
۱۰۶	زیارت رسول مقبول کے لیے	〃
۱۰۷	خزانہ ملنے کے لیے	〃
۱۰۸	خدا کی محبت کے لیے	۸۸
۱۰۹	خواب بند کرنے کے لیے	〃
۱۱۰	خلاصی محبوس کے لیے	〃
۱۱۱	سحر و جادو کے لئے	〃
۱۱۲	دشمن کو زیر کرنے کے لیے	〃
۱۱۳	جنگ میں فتحیابی کے لیے	۸۹
۱۱۴	پریوں کے مسخر کرنے کے لیے	〃
۱۱۵	دفینہ معلوم کرنے کے لیے	〃
۱۱۶	درد کمر و پہلو کے لیے	〃
۱۱۷	دیووں کے بادشاہ کو مطیع کرنے کیلئے	۹۰
۱۱۸	تپ و لرزہ کے لیے	〃
۱۱۹	عداوت کے لئے	۹۰
۱۲۰	ہفت کواکب کے موکلوں کی حاضری کیلئے	〃
۱۲۱	حصول علم غیب کے لیے	۹۱
۱۲۲	دشمن کی بیماری کے لیے	〃
۱۲۳	قیام حمل کے لئے	〃
۱۲۴	دو شخصوں کی جدائی کے لیے	〃
۱۲۵	حافظہ کے لیے	〃
۱۲۶	آفتاب و ماہتاب کے موکلوں کے لئے	۹۲
۱۲۷	ارواح اولیا کی تسخیر کے لیے	〃
۱۲۸	پریوں کے بادشاہ کی تسخیر کے لیے	〃
۱۲۹	جنات کے مسخر کرنے کے لیے	〃
۱۳۰	جنات و دیو و پری کی تسخیر کے لیے	۹۳
۱۳۱	تسخیر حاکم کے لئے	〃
۱۳۲	تسخیر خلائق کے لیے	〃
۱۳۳	مخلوق کی نظر سے غائب ہونے کے لئے	۹۴
۱۳۴	نماز کی کاہلی دور ہونے کے لیے	〃
۱۳۵	سحر و جادو کے لیے	〃
۱۳۶	زن و شوہر کی محبت کے لیے	〃
۱۳۷	ترقی رزق کے لیے	۹۵
۱۳۸	طاقت گویائی کے لئے	〃
۱۳۹	گم شدہ کے لئے	〃
۱۴۰	ہلاکت دشمن کے لیے	〃
۱۴۱	قوت روحانی کے لیے	۹۶
۱۴۲	فرزند نرینہ کے لیے	〃

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۴۳	نظر بد دور کرنے کے لیے	۹۶	۱۶۷	برائے دفع جنون	۱۰۵
۱۴۴	پناہ خدا میں رہنے کے لیے	۹۷	۱۶۸	برائے مرگی	״
۱۴۵	ادائے قرضہ کے لیے	״	۱۶۹	برائے دفع بلغم	״
۱۴۶	گم شدہ چیز کے لیے	״	۱۷۰	برائے دفع خفقان	״
۱۴۷	شخص غائب کا حال معلوم کرنے کیلئے	״	۱۷۱	برائے خوف	۱۰۶
۱۴۸	دریافت حال کے لئے	۹۸	۱۷۲	باب نوزدھم۔ شان نزول نادعلی	۱۰۷
۱۴۹	گناہوں کی بخشش کے لیے	״	۱۷۳	خواص نادعلی	۱۰۷
۱۵۰	درد کمر کے لیے	״	۱۷۴	اعمال سورہ حمد	۱۱۱
۱۵۱	بدن کے درد کے لیے	״	۱۷۵	قضائے حاجت	״
۱۵۲	قیدی کی رہائی کے لیے	۹۹	۱۷۶	جمیع مطالب دینی و دنیوی	״
۱۵۳	زہر کا اثر دور کرنے کے لیے	״	۱۷۷	اجابت دعا کے لیے	۱۱۲
۱۵۴	دختر ناکتخدا کے لیے	״	۱۷۸	قضائے حاجت	״
۱۵۵	دشمن کے لیے	״	۱۷۹	برائے دفع درد چشم و دیگر امراض	۱۱۳
۱۵۶	زیارت رسول مقبول کے لئے	۱۰۰	۱۸۰	ہر جگہ کے درد کے لئے	״
۱۵۷	بہبودی دارین کے لیے	״	۱۸۱	ترقی رزق کے لیے	״
۱۵۸	مسان کے لیے	״	۱۸۲	قضائے حاجت	״
۱۵۹	جدائی کے لیے	۱۰۱	۱۸۳	مارگزیدہ کے لیے	״
۱۶۰	فتوحات کے لیے	״	۱۸۴	آدھے سر کے درد کے لیے	۱۱۴
۱۶۱	باب ہشت دھم۔ فضائل آیۃ الکرسی شریف	۱۰۲	۱۸۵	امراض لاعلاج کے لیے	״
۱۶۲	اعمال آیۃ الکرسی شریف، برائے حاجت	۱۰۳	۱۸۶	باری کے بخار کے لیے	״
۱۶۳	برائے درد جگر	۱۰۴	۱۸۷	برائے ذہن و دفع نسیان	״
۱۶۴	حصول خیر و برکت	״	۱۸۸	برائے مارگزیدہ	۱۱۵
۱۶۵	برائے حاجت	״	۱۸۹	برائے درد داڑھ و دانت	״
۱۶۶	برائے ادائے قرض	۱۰۴	۱۹۰	برائے چیچک وغیرہ وغیرہ	״

شہیدان کربلا پر کیا گذری

عرب کے تپتے ہوئے ریتیلے میدان میں ان حق پرستوں کا خون کس طرح بہایا۔ اور کس بیدردی سے بچوں کو ذبح کیا گیا اور کس طرح عورتوں کو عالم بیکسی میں تڑپایا گیا۔ یہ دل ہلا دینے والی سرگذشت اگر پڑھنی ہے تو "ظلم یزید معروف بہ مجموعہ کربلا" پڑھیئے اس میں ظالم یزید نے جس بیدردی سے آل رسول کا خون بہایا ہے اسکی غمناک داستان بھی ہے اور ظالم کی ستم آرائیوں کے افسانے بھی۔ اور ساتھ ہی یزید کے عیش و عشرت کے وہ حالات بھی جو عام لوگوں کو بہت کم معلوم ہیں۔ اور آخر میں یزید کا عبرتناک انجام بھی دکھایا گیا ہے کہ اس ظالم کا دنیا میں کیا حشر ہوا۔ کتاب کی دلچسپیاں اس بات سے بہت بڑھ گئی ہیں کہ واقعات کے ساتھ ساتھ حسن و عشق کی داستان بھی ہے۔ الغرض یہ کتاب تاریخ بھی ہے اور افسانہ بھی اور طرح طرح کی دلچسپیوں کا ایک قابل قدر مجموعہ بھی۔ جرجی زیدان کی مشہور تصنیف غادۃ کربلا کا اردو ترجمہ ہے۔ قیمت عہ؍

تذکرہ میلاد رسول مدنی

مع

شب معراج

جس میں مکہ کے سردار مدینہ کے تاجدار خدا کے محبوب عالمین کے مطلوب باعث تخلیق زمین و آسمان مالک کون و مکاں شفیع مذنبان سید المرسلین رحمۃ العالمین رئیس یثرب و بطحا شافع روز جزا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پیدائش نور سے لے کر معراج تک حالات نہایت دلچسپ پیرایہ میں درج ہوتے ہیں ہمارا دعویٰ ہے کہ اردو زبان میں آجتک ایسی عمدہ کتاب شائع نہیں ہوئی جس کا ایک ایک حرف معرفت رسول کا خزانہ ہے ایک ایک جملہ تڑپا دینے والا ایک ایک مصرعہ وجد میں لانیوالا روح کو فرحت بخشنے والا دوزخ سے بچانے والا اور بہشت میں لے جانیوالا ہے اگر ہمارا اشتہار غلط ثابت ہو تو کتاب فوراً واپس کر دیجئے دیدہ زیب کتابت عمدہ طباعت ولایتی کاغذ

قیمت صرف ایکروپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:- نایاب بکڈپو کشمیری دروازہ دہلی

تصویر حسن (باتصویر)

اس کتاب میں قابل مصنف نے حسن پیدا کرنے اور قایم رکھنے کے اصول پر فاضلانہ بحث کی ہے اور وہ تمام نسخے اور طریقے درج کئے ہیں جن سے ایک حسین نہ صرف اپنے حسن کو قایم رکھ سکتا ہے بلکہ روز افزوں ترقی بھی کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ایک روپیہ محصولڈاک چار آنہ

عنوانات ملاحظہ ہوں

حسن افزائی کے فوائد ، دولت حسن کی حقیقت ، پیکر حسن کی تین حسین تصویریں ، ترقی حسن ممکن ہے
ہم اپنے حسن میں کہانتک ترقی کر سکتے ہیں ، ہیئت کیونکر بدل سکتی ہے ، صحت و حسن لازم و ملزوم ہیں ، حسن میں تبدیلی کے اسباب
چہرے پر غذا کی جھلک ، جلد اور رنگت کی حقیقت ، صحت سے حسن و جلد کا تعلق ، دلکی کیفیات چہرہ پر
تبدیلی موسم کا اثر جلد پر ، بری صورت کا علاج ممکن ہے ، رنگت پر خراب اثر ڈالنے والی غذائیں ، خوش رنگ بنانے والی غذائیں
حسن کی احتیاط و حفاظت ، حسن میں دلکشی کیونکر ہو سکتی ہے ، جھائیاں اور مہاسے کیوں ہوتے ہیں ، چہرے کی جھریوں کا دفعیہ
چیچک وغیرہ کے داغوں کا دفعیہ ، فضول بالوں کا جنجال ، گندہ دہنی کیوں ہوتی ہے ، بالوں کے متعلق عجائبات
بال گرنے کے اسباب اور انکا علاج ، تھوڑی عمر میں بال کیوں سفید ہوتے ہیں ، خشکی کا سبب اور اسکا علاج ، ریشم جیسے ملائم بال بنانیکی ترکیب
کیا خضاب لگانا مضر ہے ، چہرے کی مناسبت سے بالوں کا کنگھا ، حسن دنداں ، دانتوں سے صحت پر اثر
دانتوں کی خرابی کے اسباب ، دانتوں کی حفاظت ، مصنوعی دانت ، تناسب اعضا ہی حسن ہے
تن و توش کیونکر فربہ ہو سکتا ہے ، ضرورت سے زیادہ موٹاپا عذاب جان ہے ، لاغری کا سبب اور علاج ، کُب نکلنا اور اس کا علاج
کیا سینہ کشادہ ہو سکتا ہے ، پیٹی سے کمر کسنے کے نقصانات ، ہاتھوں کا حسن ، ناخنوں کی خوبصورتی
حسین بازو اور کلائی ، پاؤں کی خوبصورتی ، پاؤں کے امراض اور انکا علاج ، خط و خال سے علم قیافہ کا سبق
خوبصورت ناک ، لب و دہن کی زیبائش ، چشم و ابرو میں حسن کی کشش ، پیشانی کی محراب
بالوں کا رنگ و بناوٹ ، خوبصورتی و بدصورتی کا دلچسپ مکالمہ ، کشش حسن اور راز حسن ، حسن بڑھانیکے گلگونے وغیرہ

ملنے کا پتہ

نایاب بکڈپو۔ کشمیری دروازہ دہلی

شب عروسی کے افسانے

یعنی

سات دلہنوں کے شب اول کے اچھوتے واقعات

دولہا دلہن کیلئے شب عروسی کیسا مخصوص وقت ہے۔ اور یہ وقت کس کس طرح گذرتا ہے۔ اس کتاب میں اس کا فوٹو کھینچا گیا ہے اور سات رازدار ہمجولیوں نے اپنی اپنی روئداد شب عروسی قلمبند کر کے ایک نے دوسری کے پاس بھیجی ہے مصنف صاف نے مذکورہ بالا پلاٹ میں انتہائی دلچسپی اور دلکشی کے ساتھ پہلی رات کے دلچسپ واقعات اور ابتدائی فطری کارناموں کو رنگ رنگ میں رنگا ہے۔ کہیں مہذب دولہا دلہن کے سبق آموز واقعات تو کہیں جاہل اور بدتہذیب دولہا دلہن کے بیتابانہ حیوانی واقعات کہیں پرلطف شائستگی اور متانت تو کہیں جہالت وحماقت۔ کہیں شوخی۔ کہیں شرم وحجاب کے مظاہرے کہیں البیلاپن تو کہیں افسردگی۔ کہیں تصنع تو کہیں سادگی غرض ان واقعات کو مصنف نے عجیب رنگیلے اور جاذب الفاظ میں تحریر کیا ہے۔ صنفی کتابوں میں یہ کتاب سب سے فوق لیگئی شادی شدہ حضرات اور جن نوجوانوں کی شادی ہونیوالی ہے اُن کیلئے یہ کتاب اُنکے دلی جذبات کی اصلاح اور اُن میں نئی روح پیدا کرنیوالی ہے۔ طباعت سے قبل اسکے اشتیاق اور انتظار کی صحیح کیفیت نہیں لکھی جاسکتی قیمت اس کی خوبیوں کے مقابل کچھ نہیں صرف ۱۲ (نوٹ) یہ کتاب تفریح اور دلچسپی کے لحاظ سے نوجوانوں کیلئے مخصوص ہے۔

آل انڈیا دلہن کانفرنس

دلہن کی ڈائری اور بہار عروس دونوں مقبول عام اور انتہائی دلچسپ کتابوں کے ایڈیشن طبع ہونیکے بعد یہ تیسری کتاب منشی سید غلام احمد صاحب امروہوی نے لکھی ہے۔ اسکی دلچسپی پہلی دونوں تصانیف سے بھی بڑھ گئی۔ اس رنگ میں مصنف صاحب نے کمال ہی دکھلائے ہیں۔ اس کتاب میں سات ہمدرد قوم نئی بیاہی دلہنوں نے اپنی اپنی آپ بیتیاں بڑے لطف سے سنائی ہیں ہر ایک کی بپتی محو کر دینے والی بری رسومات کی اصلاح کا دلہنوں نے بیڑہ اٹھایا ہے اور اصلاح کر کے دکھلائی ہے کانفرنس کے جلسے کی تصویر اور پریذیڈنٹ کی تصویر دونوں نظر فریب و دلکش عنوانات مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوں (۱) دلہنوں کا جھرمٹ اور بیکس کی آہیں (۲) شکیلہ دلہن کی داستان میں (دوشیزہ کی حسرتوں کا خون) (۳) نسیم دلہن کی داستان میں (ایسی دلہن کو ایسا ہی شوہر چاہیئے) (۴) شمیم دلہن کی داستان میں (ضعیفی اور جوانی میں بغلگیری) (۵) سنجیدہ دلہن کی داستان (دولہا دلہن کا حیرت انگیز وصل) (۶) مہرپرور دلہن کی داستان میں (دولہا دلہن میں باہمی لطف زبان) (۷) ممتاز دلہن - (دولہا دلہن میں خطرناک اختلاف)

ملنے کا پتہ :- نایاب بکڈپو۔ کشمیری دروازہ۔ دہلی

جب آپ بالکل مایوس ہو جائیں

جب تمام تدبیریں ناکام ثابت ہوں۔ جب دست و بازو کی قوت جواب دے چکے۔ معاش کی سب راہیں بند ہو جائیں۔ دنیا کے اسباب شکستہ ہو جائیں۔ راحت و اطمینان کی گھڑیاں مفقود ہو جائیں۔ قانون وقت دادرسی کے لئے بیکار ثابت ہو۔ دعا اور دوا کچھ اثر نہ کرے۔ ہر طرف سے غم درد کے بادل چھائے ہوئے ہوں تو ایسے نازک وقت میں۔

حل مشکلات

سے مدد لیجئے۔ اس سے ستم رسیدوں کو سکون ملجائیگا۔ بے روزگار خوش حال بن جائینگے۔ مریض تندرست ہو جائینگے۔ بے اولادوں کو اولاد حاصل ہوگی۔ مقدمات و مشکلات میں انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

اس کتاب میں

پانچسو سے زائد ایسے مستند و مجرب عملیات و وظائف درج ہیں جو زبردست عاملوں کے زیر عمل رہتے ہیں اور جن کا حاصل کرنا سالہا سال کی خدمت اور ریاضت کے بعد بھی ناممکن ہے۔ باوجود اتنی خوبیوں کے قیمت صرف ایک روپیہ۔ علاوہ محصول۔

کتاب کے ابواب مع تعداد عملیات ملاحظہ ہوں

ابتدائی معلومات — وسعت رزق — حل مشکلات و حاجات — دوستی — دست غیب

بلندی مراتب — حب — بے قراری محبوب — تسخیر خلائق — تسخیر حکام و کامیابی مقدمات

دفع دشمن — ہلاکت دشمن — حصول شفا — اولاد نرینہ — متفرقات — اعمال سورہ یٰسین شریف

اعمال سورہ مزمل — اعمال آیۃ الکرسی شریف — خواص نادعلی — اعمال سورہ حمد

ملنے کا پتہ

نایاب بکڈپو کشمیری دروازہ دہلی

[illegible stamp]